## SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Saturday, August 29, 1990*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ
اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ
حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ
فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿١٥٩﴾
اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ
يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا
كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۗ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ
ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦١﴾

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Saturday, August 29, 1990*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ
اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ
حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ
فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿١٥٩﴾
اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ
يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا
كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۗ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ
ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦١﴾

ترجمہ :۔ (اے پیغمبرؐ) یہ خدا کی بڑی ہی رحمت ہے کہ تم ان
لوگوں کے لئے اس قدر نرم مزاج واقع ہوئے، اگر تم سخت مزاج اور
تنگ دل ہوتے تو لوگ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے
(ان کے دل تمہاری طرف اس طرح نہ کھنچتے، جس طرح اب بے اختیار
کھنچ رہے ہیں) پس ان لوگوں کا قصور معاف کردو اور اللہ سے
بھی ان کے لئے بخشش طلب کرو۔ نیز اس طرح کے معاملات میں
(یعنی امن و جنگ کے معاملات میں) ان سے مشورہ کرلیا کرو، پھر جب
ایسا ہو کہ تم نے کسی بات کا عزم کرلیا تو چاہیئے کہ خدا پر بھروسہ کرو (اور
جو کچھ ٹھان لیا ہے اس پر کاربند ہوجاؤ) یقیناً اللہ انہی لوگوں کو دوست
رکھتا ہے، جو اس پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔ ۱۵۹

مسلمانو! اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو کوئی نہیں جو تم پر غالب
آسکے، لیکن اگر وہی تمہیں چھوڑ بیٹھے تو (بتلاؤ) کون ہے جو اس
کے چھوڑ دینے کے بعد تمہارا مددگار ہوسکتا ہے؟ (یقین
کرو) صرف اللہ ہی کی ذات ہے پس جو مومن ہیں وہ اسی پر بھروسہ رکھیں۔ ۱۶۰

جناب چیئرمین :۔ جزاک اللہ۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین :۔ جی فرمائیں۔

## Point of order Re: STARTING TIME OF THE SITTING

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ جناب چیئرمین جو آرڈر آف دی ڈے ہمیں دیا گیا ہے اس کے مطابق سینٹ کے سیشن کو پورے دس بجے شروع ہونا چاہیئے تھا گھڑی آپ کے بھی سامنے ہے اور میرے بھی سامنے ہے پونے گیارہ بجے آپ ہاؤس کی کارروائی شروع کر رہے ہیں۔ اور پھر اس کے بعد وزراء کرام کی اتنی بڑی تعداد کے باوجود صرف ایک single soul ، واحد آدمی یہاں پر تشریف فرما ہیں مجھے یہ بات پوچھنے میں اب کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ آیا موجودہ حکومت نے اپنی پالیسیوں کے لحاظ سے اس ایوان کو مذاق کا نشانہ بنا رکھا ہے اس کو taken for granted لیا گیا ہے یا جس میں چند ایسے آدمیوں کو یہ سمجھا جا رہا ہے کہ صرف انہی کے پاس وقت ہے اور باقی کسی کے پاس وقت نہیں ہے۔ اگر یہ ہاؤس اپنے پروسیجر کے حساب سے نہیں چل سکتا تو ہم اس میں بیٹھنے کے لئے قطعاً تیار نہیں ہیں۔ جہاں تک ممبرز کا تعلق ہے ان کو یہ احساس ہونا چاہیئے کہ یہ ملک کس دور سے گزر رہا ہے اور آج کے اس juncture میں پھر اگر ہم لوگوں کو یہ احساس نہیں (معزز اراکین کو اور حکومت کو) تو پھر میں صرف ایک مصرع کہہ کر خاموش ہو جاؤں گا کہ۔

؎ بریں عقل و دانش بباید گریست۔

یہ رونے کا مقام ہے اس سے زیادہ اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

[Mir Hussain Bakhsh Bangulzai]

دوسری بات میں کہوں گا تو جناب لوگوں کے تیور چڑھ جائیں گے کہ جی میں تو پوائنٹ آف آرڈر
کرتا ہوں میں کورم کو توڑتا ہوں آپ بتا دیجئے کہ یہ ہاؤس کس طرح چل رہا ہے۔ شکریہ!

**Mr. Chairman:** I am sure it will be taken note of

## QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman:** Question No.44

### PAKISTAN'S STALL AT OSAKA EXPO-90

***Mir Hazar Khan Bijarani** (on his behalf):

44. Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) Whether it is a fact that Pakistan's stall at Osaka Expo 90 had not been completed till the exhibition inauguration in March 1990;

(b) the total amount spent on this stall so far and the present status of work done on it ; and

(c) the number of officer's and other staff sent to Japan for this exhibition and the period of their stay there?

**Answer**

(a) Yes.

(b) Total amount spent so far is Rs. 4.82 millions. The project was completed on May 7, 1990.

(c) Their names and period of stay is given in Annex A.

Annex A

## LIST OF OFFICERS SENT TO OSAKA, JAPAN IN CONNECTION WITH EXPO-90

| S.No. | Name & Designation of Officer | Date |
|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 |
| 1. | Mr. Mazhar Rafi, Chairman CDA, (Commissioner General Expo, 1990). | 6—15 July, 1989. |
| | To attend the first Commissioner General's Meeting at Osaka. | |
| 2. | (a) Sheikh Abdul Qadir, Chief Landscape Architect, CDA .. | 6—15 July, 1989. |
| | To accompany Commissioner General Expo—90 Pakistan Section/Chairman CDA in the meeting and to assit in the technical matters specifically concerned with the landscape. | |
| | (b) To complete paper work with Japan Association of Expo—90 for the 2nd Commissioner General's Meeting and assist the Chairman CDA in the meeting. | 5—12 November, 1989 |
| | (c) Member of the delegation visiting Japan for arranging/participation in the Pakistan Day Event at Expo—90 and assist in other technical and landscaping matters concerned with the Pakistani exhibit. | 6—20 August, 1990. |
| 3. | Syed Munir Hussain, Chairman CDA (Commissioner General Expo—90). | 8—11 November, 1989. |
| | To participate in the 2nd Commissioner General's meeting at Osaka. | |
| 4. | (a) Mr. A.R. Javaid, Member (Engg.) CDA (National Co-ordinator Expo—90). | 4—8 February, 1990. |
| | To discuss and finalize matters relating to export of plants, horticultural products for the Exposition with the Expo Authorities in Japan. | |
| | (b) To participate in the inaugural ceremony as National Co-ordinator Expo—90 Pakistan Section and as Member of Pakistani Delegation. | 30 March, to 6 April, 1990. |
| 5. | Mr. Mohiuddin Jameeli, Director Maintenance, CDA, (Project Director Expo—90). | 2 March, to 24 April, 1990. |

[Mir Hussain Bakhsh Bangulzai]

| 1 | 2 | 3 |
|---|---|---|
| | To supervise the construction of Theme Shalimar Garden in the out door facilities and to assist in the construction of Pakistan Pavillion in the Hall 'A'. | |
| 6. | Mr. Shamsher Ali F.A./Member, CDA .. .. .. | 10—16 March, 1990. |
| | To carry out spot inspection and also to discuss the matters relating to the finances and to check account system devised. | |
| 7. | Muhammad Saeed Sheikh, Landscape Architect, CDA .. | 19 March, to 13 June, 1990. |
| | To supervise and give final touches to the out-door and in-door exhibits planned by Pakistan. | |
| 8. | Mr. Javed Masud, Member (Admin) CDA .. .. .. | 30 March, to 6 April, 1990. |
| | To participate in the inaugural ceremony of the International Garden and Greenery Exposition, 1990 Osaka, Japan as Head of the Pakistan Delegation. | |
| 9. | (a) Mr. Muhammad Zubair Osmani, Director Training CDA .. (Deputy Commissioner General Secretary Expo., 1990). | 16 May, to 18 July, 1990. |
| | To maintain liaison and coordinate works between the office of Commissioner General Expo., 1990 Pakistan Section, Commissioner General Japan Association of Expo., 1990, Embassy of Pakistan in Tokyo and Sponsors for various facilities to Pakistan Section and to discuss and negotiate matters relating to Pakistan's participation in Expo., 1990, to implement the programme approved by the Government of Pakistan, and to be responsible for the publicity of the Pakistan Participation abroad. | |
| | (b) Member of the delegation visiting Japan for arranging/participation in the Pakistan Day Event at Expo—90. | 6—16 August, 1990. |
| 10. | Mr. Ahmed Waqar, F.A./Member, CDA .. .. .. | 6—18 August, 1990. |
| | Visit to Japan as Head of Delegation for arranging/participation in the Pakistan Day Event (14-8-1990). | |
| 11. | Mr. S.A.T. Wasti, Director Public Relations, CDA Secretary Information Expo., 1990. | 6—16 August, 1990. |
| | Member of the delegation visiting Japan for arranging/participation in the Pakistan Day Event at Expo—90, and media coverage of the same. | |

**Mr. Chairman:** Any supplementary question ? No supplementary uestion. Next question No. 47

AGRICULTURAL DEVELOPMENT BANK

***Mr. Muhammad Ishaque Baluch** (on his behalf):

7. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state the total number of employees of the ADBP., transferred during the period from 1st July, 1989 to 30th April, 1990, indicating also the number of such employees with province-wise breakup and the expenditure incurred on these transfers/postings?

**Mr. Sartaj Aziz:** In all 4608 employees of ADBP were transferred and osted during the period from 1st July, 1989 to 30th April, 1990. A statement owing province-wise number of employees transferred/posted alongwith the nount of expenditure incurred on these transfers during the period from 1st July, 989 to 30th April, 1990 is annexed.

It may be added that in 379 cases transfers were made on request and in 60 cases transfers were made at the same station without involving any penditure on these 1239 transfers.

[Mr.Sartaj Aziz]

**Annexure**

STATEMENT SHOWING PROVINCE-WISE NUMBER OF EMPLOYEES TRANSFERRED/POSTED ALONGWITH AMOUNT OF EXPENDITURE INCURRED ON THESE TRANSFERS DURING THE PERIOD FROM 1ST JULY, 1989 TO 30TH APRIL, 1990.

| Province/Region | No. of Transfers and Postings | Expenditure incurred on Transfers & Postings | Remarks |
|---|---|---|---|
| | | Rs. | |
| Punjab .. .. .. .. .. | 2360 | 1,463,060.00 | |
| Sindh .. .. .. .. .. | 1390 | 332,589.00 | |
| NWFP .. .. .. .. .. | 465 | 358,274.00 | |
| Baluchistan .. .. .. .. | 303 | 285,921.00 | |
| FATA/FANA .. .. .. .. | 38 | 81,433.00 | |
| A.K. .. .. .. .. .. | 52 | 33,286.00 | |
| Total | 4608 | 2,554,563.00 | |

## WRITING OFF ADBP LOANS

***Mr. Muhammad Ishaque Baluch** (on his behalf):

104. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the number of loanees whose loans or interests were written off by the Agriculture Development Bank of Pakistan during the period from 1st July, 1989 to 25th April, 1990; and

(b) the number of committees constituted for this purpose indicating also the names, father's names amount of loan or interest written off with province-wise break-up of such loanees and the name of the authority on whose recommendations these loans or interests were written off?

**Mr. Sartaj Aziz:** (a) The ADBP allowed write-off|remission of interest in 353 cases during the period from 1st July, 1989 to 25th April, 1990.

(b) The Board of Directors constituted two Committees *viz.* Debt write-off Committee and Committee of Senior Executives to consider cases for write-off| remission of interest. Besides this, the Board entrusted such powers to the Chairman and Regional Managers also. Details of said Committee and authorities constituted|authorized is annexed. Province-wise names, father's names, amount of loan or interest written-off cannot be provided as section 12 of the Bank (Nationalization) Act, 1974 prohibits divulgence of such information relating to the affairs of its constituents.

**Annexure**

## NAMES OF COMMITTEES/AUTHORITY CONSTITUTED/APPOINTED TO CONSIDER PROPOSALS FOR PERMISSION OF INTEREST AND WRITE-OFF OF LOANS IN ADBP.

Various authorities who have been authorized by the Board of Directors for writing-off of loans|remission of interest are as under :—

| S.No. | Authority | Powers to write-off |
|---|---|---|
| 1. | Regional Manager .. .. | (1) To waive off additional (penal) interest upto Rs. 15,000 in each case if entire default is cleared in lumpsum. |
| | | (2) To allow remission of balance amount on the merit of each case under standing instructions where principal amount and interest equal to principal amount is first repaid and borrower is not in a position to repay the balance amount due to circumstances beyond the borrower's control. |
| 2. | Committee of Senior Executives .. | Debts where principal amount does not exceeds Rs. 25,000. |
| 3. | Chairman .. .. | Debts where principal amount advanced exceeds Rs. 25,000 but does not exceed Rs. 50,000. |
| 4. | Board's Debt Write-off Committee .. | To write-off debts where principal amount advanced exceeds Rs. 50,000. |

سید فصیح اقبال :- جناب والا! میں وزیر موصوف سے یہ پوچھوں گا کہ اب چونکہ ایک صاحب وزیر زراعت بن چکے ہیں۔ اصولی طور پر ان کو جواب دینا چاہیئے تھا۔ وہ تشریف نہیں لائے لیکن یہ بتایا جائے اب تک جو قرضے معاف کئے گئے ہیں وہ انہوں نے کسی بورڈ یا کسی کمیٹی کے توسط سے معاف نہیں کئے۔ چیئرمین نے اپنی صوابدید پر جو اس کو قانونی طور پر حاصل نہیں تھی کیوں زرعی قرضے معاف کئے ہیں۔

جناب چیئرمین :- یہ آپ سوال ۱۴۴ کے بارے میں پوچھ رہے ہیں۔

سید فصیح اقبال :- جی ہاں، ۱۴۴ کے بارے میں، کیونکہ اطلاعات غلط دی گئی ہیں۔ اور میں بارہا آپ کے نوٹس میں لاتا رہا ہوں کہ یہاں جوابات غلط دیئے جاتے ہیں اور آج تک کسی قسم کی کارروائی آپ کی طرف سے بھی نہیں ہوئی نہ کسی وزیر موصوف نے کی ہے یہ بالکل غلط جواب ہے۔ جو کچھ انہوں نے کیا ہے وہ وزیر صاحب کے علم میں بھی ہے یعنی ہمارے وزیر خزانہ صاحب کے علم میں ہے۔

جناب چیئرمین :- ۳۵۳ کیسز میں write off or remission ہوئی ہے وہ آپ کے خیال میں صحیح نہیں ہے۔

سید فصیح اقبال :- بالکل نہیں ہے۔ میں نے لسٹ بھی دی ہے اور اپنی discretion استعمال کرتے ہوئے چیئرمین اے ڈی بی پی نے اپنے ہاتھ سے درخواستوں پر فیصلے کئے ہیں کسی کمیٹی میں نہیں کئے گئے۔

جناب چیئرمین :- آپ کی اطلاع کے مطابق کتنا قرضہ رائٹ آف کیا گیا۔ کس پیریڈ کی بات ہے۔

سید فصیح اقبال :- تین کروڑ، ۳ لاکھ ۱۸ مہینوں میں۔

جناب سرتاج عزیز :- پہلے تو میں یہ گزارش کروں کہ یہ ایگریکلچر بنک منسٹری آف فنانس کے تحت آتا ہے منسٹری آف ایگریکلچر کے تحت نہیں آتا۔ اس لئے جواب دینے کا میرا یہ حق بنتا ہے، دوسرا اس میں انہوں نے جو انفارمیشن مانگی تھی کہ ٹوٹل کتنے کیسز بل جن کے قرضے رائٹ آف کئے گئے ہیں وہ ۲۵۳ کیسز ہم نے بتا دئے ہیں اس طریقے سے یا در جو اس میں دی گئی ہے وہ ۲۰ ملین روپے ٹوٹل رائٹ آف کئے گئے ہیں

یہ ۲۵ اپریل ۱۹۹۰ تک کی بات ہے یہ جس کیس pertaining to that period کو ریفر کر رہے ہیں وہ شاید بعد میں ہوا ہوگا اور یہ جو کیسز رائٹ آف کئے ہیں کافی اس میں پرانے بھی ہیں۔ ۷۰، ۷۱، ۷۲، ۷۳، ۸۳، ۸۴، بہت سارے پرانے کیسز ہیں میرے خیال میں یہ جس پیریڈ کو ریفر کر رہے ہیں وہ شاید اس کے بعد کا ہے سوال صرف ۲۵ اپریل ۱۹۹۰ تک کا ہے۔

سید فصیح اقبال :- جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کے علم میں یہ لانا پسند کروں گا کہ جو قرضے معاف کرنے کے جو آپ کے دستوری طریقے تھے وہ بھی پورے نہیں کئے گئے۔ کیا آپ کو یہ پتہ ہے۔

جناب سرتاج عزیز :- اگر ایسا کوئی کیس ہو تو ہمارے نوٹس میں لائیں ہم ضرور اس پر ایکشن لیں گے لیکن یہ جو کیسز ہو گئے ہیں متعلقہ چیئرمین کے اختیارات میں ہیں ریجنل مینجر کی powers ہیں اور اس کے بعد بورڈ کی powers ہیں مختلف جو حدود ہیں وہ دی ہوئی ہیں۔ ریجنل مینجر جو ہے وہ ۱۵ ہزار روپے تک کا قرضہ معاف کر سکتا ہے۔ enior کمیٹی کا Executive ۲۵ ہزار روپے تک کا کر سکتا ہے۔ چیئرمین یا پرنسپل جو ہے اس کے اختیارات میں total does not exceed 50 thousand کے بعد بورڈ کی powers ہیں۔ ۵۰ ہزار روپے سے زیادہ۔

**جناب چیئرمین:** اچھا یہ مجھے بتائیں کہ کیا دنیا کا کوئی اور ملک ہے جہاں پہ قرضے لے کر پھر معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

**جناب سرتاج عزیز:** ویسے جی آپ کو پتہ ہوگا کہ رائٹ آف تمام بینکوں میں reserve for bad debts ہوتے ہیں اب آپ کو پتہ ہوگا کہ لاطینی امریکہ میں debts نہیں ہے وہ reserve billion of dollars بنا رہے ہیں جہاں مختلف وجوہات کی بنا پر قرضے وصول نہیں ہو سکے۔ اس کا جو criteria laid down ہے ممکن ہے جو سکیم ہے وہ فیل ہو گئی

beyond borrowers power loanee has lost the paying capacity

اس کا کوئی آدمی مر گیا ہے تو اور بات ہو گئی ہے

Wafaqi Mohtasib has decided a case in favour of the applicant. Sudden death of the borrower leaving no adult thereby affecting the scheme as the State Bank has classified.

تو عام طور پہ یہ کرنا چاہئے کہ دس پندرہ بیس سال کے بعد یہ پتہ چلے کہ قرضہ recover نہیں ہو رہا۔ ممکن ہے جیسے انہوں نے ریفر کیا political pressure میں جو کیس کئے گئے ہوں وہ ہمارے نوٹس میں نہ ہوں۔

**Mr. Chairman:** He is giving a definite information.

کہ تین کروڑ ۳۷ لاکھ کے قرضے معاف ہوئے ہیں۔

**سید فصیح اقبال:-** جی بالکل معاف کئے گئے ہیں، پولیٹیکل پریشر سے ہی معاف کئے گئے ہیں۔ تمام ایم این اے حضرات کے ہیں جو سب کاغذ پر کئے گئے ہیں۔ میں نے تو اوریجنل کاغذ دیکھے ہیں اور ۵۰ ہزار سے زائد قرضوں کی بات کر رہا ہوں جو چیئرمین کو معاف کرنے کا بالکل اختیار نہیں تھا کمیٹی کے ذریعے ہونا تھا کسی کمیٹی کو نہیں بلایا گیا اور آپ کی حکومت آنے کے بعد بھی وہ پچھلی تاریخ میں دس دن تک کرتے رہے۔ ہمیں تو افسوس یہ ہے کہ اس حکومت کا ہمیں پتہ ہی نہیں۔ بالکل پرانے کاموں کو ٹھیک کیا جا رہا ہے آپ نے یہ جو پڑھا یہ تو قواعد میں یہ بڑی اچھی چیز ہے رولز آف بزنس تو بنے ہوئے ہیں لیکن اگر کوئی ان کو violate کرتا ہے تو آپ بتائیے اس کے لئے آپ نے کیا سزا تجویز کی ہوئی ہے۔

**جناب سرتاج عزیز:-** دیکھئے جو غلط کام ہو گئے ہیں ان کے احتساب کا عمل بڑے زور شور سے چل رہا ہے وہ موضوع الگ ہے یہاں تو ہم اس وقت سوالوں کے جواب دے رہے ہیں۔ جو سوال آپ نے پوچھا اس کا ہم نے جواب دے دیا۔ اس سے آپ خواہ مخواہ implications derive کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:-** اس میں ایک مسئلہ دوبارہ آ رہا ہے۔

Section 12 of the Bank Nationalization Act, 1974

یہ مسئلہ ایک کمیٹی نے نہیں اٹھایا ہے اس میں۔

I think, we need to discuss and take a decision on it, as to what are its implications ?

**جناب سرتاج عزیز:** ہاں جی! مالیات کی سٹینڈنگ کمیٹی میں پچھلی مرتبہ اس پہ بات ہوئی تھی اور بنک نیشنلائزیشن ایکٹ ۱۹۷۴ء میں جو پیراگراف ۳ شامل کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ سٹیٹ بینک ہر سال رائٹ آف write off restructuring and subsidized تین چیزوں کے بارے میں بے قاعدگی یا departure from banking practice کے معاملوں کی رپورٹ منسٹری آف فنانس کو دے گی اور اگر اس میں public interst involve ہوا تو۔

Ministry of Finanance can make that information available to the relevant parliamentary committees both in the National Assembly and the Senate. This does not apply to a full closure. In other words, memeber cannot ask

کہ آپ نے کتنا قرضہ دیا ہے اور کیا دیا ہے ہمارے write off cases. کو statement. ہمیں دے دیں۔

when any irregularity is detected, in accordance with the State Bank's inspection and assessment, that information can be given because once an irregularity is committed that can become public information.

ہم نے بنکوں کو ہدایت دی ہے پچھلے دو سالوں میں جب یہ ایکٹ پاس ہوا تھا تو بیچ میں لاء کی بھی عجیب پوزیشن تھی۔ ایک آرڈیننس جاری ہوا پھر وہ lapse ہوا پھر کسی اور طریقے سے وقتاً فوقتاً

It did not remain on the statute book.

لیکن اب پھر دوبارہ وہ آرڈیننس مؤثر کیا گیا ہے تو ہم اسی مہینے جو پچھلا financial year

apart from the accountability cases, we are getting a comprehensive report on all irregularities and write offs which we will make available to the Standing Committee on Finance.

جس میں امید ہے کہ یہ کیس آ جائے گا تو اس مسئلے میں۔

the more important thing is not to take up all the individual cases which should be taken up, of course, but to let the procedure and the system function.

تاکہ آئندہ کوئی اس کو violate کرنے کی کوشش نہ کرے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۱۰۵۔

**CHAIRMAN, A.D.B.P.**

***Mr. Muhammad Ishaque Baluch** (on his behalf):

105. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the name, educational qualification and experience of the Chairman, Agricultural Development Bank of Pakistan ; and

(b) whether his appointment as Chairman, was made under the Bank rules and regulations, if so, the details thereof?

**Mr. Sartaj Aziz :** (a) Ch. Ahmed Saeed, *Ex*-Chairman, ADBP has since been removed from service *w.e.f.* 9th August, 1990. However, the information is as following :—

Ch. Ahmed Saeed :

*Qualifications* :

— Graduate in Chemical Technology, University of Punjab, Lahore.

— B.Sc. (Honours) in Chemical Engineering, University of Punjab, Lahore.

*Experience* :

— Chairman ADBP from 26th July, 1989 to 9th August, 1990.

— Joined Service Group of Industries in 1963 as a young Executive and worked as Senior Director till July, 1989.

(b) His appointment was made by the federal government under section 10 (1) of ADBP Ordinance, 1961.

**جناب چیئرمین:** سپلیمنٹری سوال اگر کوئی ہو۔

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! سوال ۱۰۵ کے بارے میں ضمنی سوال ہے۔
جناب چیئرمین! پوزیشن یہ ہے کہ ایک شخص جو شو انڈسٹری سے متعلق ہے اس کو آپ ایک ایگزیکٹو
آرڈر کے ذریعے سے ایگریکلچرڈ ڈویلپمنٹ بنک کا سربراہ بنا سکتے ہیں۔ میں اس وقت اس کی
legality کو challenge نہیں کر رہا ہوں میں اس کی propriety کے
بارے میں سوال اٹھا رہا ہوں اور وزیر خزانہ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ بات ممکن نہیں ہے

کہ ان banks specialized institution or public sector corporations کے بارے
میں ایسی specific guidelines مرتب کر دی جائیں جن میں ان کے
چیف ایگزیکٹیو کی qualification, experience مقرر ہو یعنی کوئی نہ کوئی چیز ایسی
ہونی چاہئے کہ آپ اس کو جج بھی کر سکیں اور دوسروں کے لئے کوئی restrictions
restraints provide ہو سکیں۔ تو میں چاہوں گا کہ اس مسئلے کے بارے میں کچھ بتائیں۔

جناب سرتاج عزیز: اصل میں initial recruitment کے لئے تو کوئی
qualification رکھ سکتے ہیں اب ہیڈ آف دی بینک یا institutions کے
لئے تو گورنمنٹ کی ہمیشہ discretion ہوتی ہے کہ وہ صحیح استعمال کی جائے تو صحیح
آدمی لگنے چاہئیں۔ لیکن آپ کہہ دیں گے کہ کم از کم ایم اے ہو یا ایسے یا کچھ ہو۔ اب Bankers.
میں بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کی Academic qualification نہیں ہوتی۔

But they come up to that level and they have so much experience that they become good bankers and we do appoint them, as heads of various banks.

اسی طریقے سے جو relevant field کا تجربہ ہوتا ہے وہ بھی آپ provide
کریں تو minimum ہو ہی جاتا ہے اس کیس میں ظاہر ہے گورنمنٹ کو discretion
تو حاصل تھی اور بعض اوقات ایسے ہوا ہے کہ آپ باہر کی مارکیٹ سے آدمی لائے ہیں

and he has proved to be a good head of one of the institutions because executives are executives.

[Mr.Sartaj Aziz]

اس کیس میں ظاہر ہے پولیٹیکل criteria زیادہ dominant تھا اور
جو بھی qualification آپ مقرر کریں گے پھر بھی
government would decide to recommend them
وہ ہمیشہ کوئی نہ کوئی راستہ نکال لیں گے ۔

The important thing is to establish a healthy tradition by which these institutions

ان کی sanctity ان کی viability ان کی health کو violate نہ
کیا جائے اور ہم نے پچھلے دو تین ہفتے سے یہی پالیسی شروع کر رکھی ہے جتنی بھی
appointments ہم نے financial institutions میں کی ہیں وہ
established criteria اور traditions کے مطابق میرٹ پہ کی ہیں ۔
تاکہ یہ سارے sectors کسی نہ کسی طریقے سے healthy ہو جائیں
اگر آپ political basis پہ کسی کو لائیں گے تو

he is compelled to relax the criteria of appointments and he has to follow political compulsions.

تو یہ جو generally ان کی spirit of comments ہے اس سے agree
کرتا ہوں ۔

We have to do everything to protect the financial sector from the adverse political influences in appointments as well as lendings.

تاکہ یہ institutions زیادہ healthy ہوں
اور میں انشاءاللہ اگلے دس پندرہ دن میں چارٹر یا پالیسی کا اعلان کروں گا اس میں کسی نہ کسی طریقے
سے یہ پوائنٹ بھی آ جائے گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب وزیر کے جواب کی سپرٹ سے اسی طرح اتفاق کرتا ہوں جس
طرح انہوں نے میرے سوال کی سپرٹ سے کیا ہے لیکن میرا خیال ہے اس پر مزید غور کی ضرورت
ہے اور میں یہ تجویز کروں گا میں نے یہ نہیں کہا کہ آپ کوئی acadamic qualification
ایم اے یا پی ایچ ڈی وغیرہ ٹائپ کی رکھ دیں کچھ نہ کچھ minimum qualification
ہونی چاہیئے، relevant experience ہونا چاہیئے کچھ اور guidelines
مرتب ہونی چاہئیں اور اس کے لئے کوئی نہ کوئی نظام ایسا ہونا چاہیئے یہ اس کا ہر وقت احتساب ہو سکے
irrelevant of the government in power

اس کے لئے مثلاً امریکہ میں یہ سسٹم ہے وہ یہ ہے کہ کچھ appointment جو ہیں
ان کی سینٹ کی جو کمیٹیز ہیں وہ hearing کرتی ہیں اگر آپ ایسا کر سکیں ایک آدھ
guide line. مرتب کر دیں۔ اور اس کے بعد یہ بات بھی کر دیں۔
کہ خواہ کوئی بھی دور ہو، اس میں ایک سسٹم کو اپنایا جائے، جیسے سینٹ کی ایک فنانس کمیٹی ہے
وہ فنانس کے سلسلے میں جو appointments ہیں، چاہے وہ in camera ہوں یا
چاہے open ہوں، لیکن کم از کم یہ ہو کہ وہ ان کو examine کر سکے۔
question کر سکے اور اس طرح سے ایک traditions build ہو گی، ورنہ

[Prof Khurshid Ahmed]

آپ کبھی بھی tradition build نہیں کرسکیں گے، دونوں کے ضابطے آپ کو بنانا پڑیں گے۔ traditions کو build ہونے کے لئے مدت چاہیئے، ہمارے ہاں جس طریقے سے قانون کو، اخلاق کو نظرانداز کر کے کام کیا جاتا ہے، اس کے لئے کچھ نہ کچھ قانونی guidelines اور کچھ نہ کچھ compulsions آپ build کریں، اس نقطۂ نظر کو اگر آپ سامنے رکھ کر سوچیں گے تو شاید کوئی راستہ نکل سکے۔

**جناب چیئرمین:** جناب سرتاج عزیز صاحب۔

**جناب سرتاج عزیز:** جو parliamentary control on executive appointments ایک بہت بڑا structural اور پالیسی کا فیصلہ ہے personally میں اس سے اتفاق کرتا ہوں کہ اس کو زیادہ ہونا چاہیئے، لیکن Interim government کے لئے اتنا بڑا فیصلہ کرنا جو elected ہے وہ ممکن نہیں ہے، اس پر فیصلہ آئندہ جو government آئے گی، الیکشن کے بعد، وہ شاید اس معاملہ کو لے، لیکن جیسے جیسے ہمارے ان ایوانوں میں تجربہ کار لوگ آئیں گے، ان کی کارکردگی سے کمیٹیز کی کارکردگی آگے بڑھے گی تو میرا خیال ہے کہ آگے چل کر اس قسم کی improvement کی گنجائش نکلے گی۔ but the two processes have to go together تو بہرحال اس Interim phase میں ہم تجویز کو آگے نہیں بڑھا سکتے لیکن میں اس سپرٹ سے اتفاق کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : حسین بخش بنگلزئی ۔

میر حسین بخش بنگلزئی : ضمنی سوال، کیا محترم وزیر صاحب کے جواب سے یہ سمجھا جائے کہ Interim government کسی قسم کے کوئی policy decisions نہیں کرے گی۔

جناب سرتاج عزیز : میں نے یہ نہیں کہا کہ لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارا سب سے بڑا فرض الیکشن کرانا ہے، اس کا انتظام کرنا ہے، لاء اینڈ آرڈر برقرار رکھنا ہے، لیکن اس کے ساتھ ہماری کوشش ہے کہ جو سسٹم چل رہا ہے، اس سے بہتر طور پر چلائیں۔ مثلاً اکانومی کو ٹھیک رکھیں، fiscal deficit کو ٹھیک رکھیں، balance of payment کو ٹھیک رکھیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ جو term structural پالیسیاں ہیں، ان میں major policy changes لانا مشکل ہے، جیسے کہ امریکہ میں ہر ایمبیسیڈر کی appointment سینیٹ میں جاتی ہے، بڑے ججوں۔ ۔ ۔ کی جو appointments ہیں، وہ سینیٹ میں جاتی ہیں، لیکن ہمارے ہاں پارلیمنٹ میں اور executive میں وہ relationship قائم نہیں ہو سکا ہے، اس لئے یہ ایک بہت ہی وسیع subject ہے اس کا اس لئے نہ دو مہینوں میں فیصلہ ہو سکتا ہے اور نہ ہی عبوری حکومت فیصلہ کر سکتی ہے، اس سے یہ اخذ کرنا کہ ہم کوئی پالیسی اختیار نہیں کر رہے ہیں، یہ ٹھیک نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال نمبر ۱۰۶، جناب اسحاق بلوچ صاحب۔

## ADBP--AT PROVINCIAL LEVEL

***Mr. Muhammad Ishaque Baluch:** (on his behalf).

106. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the government to establish the A.D.B.P. at provincial level, if so, when?

**Mr. Sartaj Aziz :** Yes. A decision was taken by the Board of Directors of ADBP to establish 4 Provincial Offices at Provincial Headquarters. These offices are operating with effect from 1st July, 1990.

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال نہیں، اگلا سوال نمبر ۱۰۷، فصیح اقبال صاحب

**میر حسین بخش بنگلزئی:** ضمنی سوال۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا کوئی ضمنی سوال ہے۔

**میر حسین بخش بنگلزئی:** جی ہاں ضمنی سوال ہے۔ جناب والا! جہاں تک زرعی ترقیاتی بنک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تعلق ہے، اس میں بلوچستان سے کون شخص ڈائریکٹر ہیں۔ اور یہ کب nominate ہو گئے ہیں۔ کیونکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی پچھلی میٹنگوں کے دوران پتہ چلا کہ کافی عرصے بلوچستان کی نمائندگی اس میں نہیں ہوئی ہے، اس کے بعد جب ہم نے اپنی فنانس کمیٹی میں یہ سوال اٹھایا تو انہوں نے کہا کہ ہم یہ کر رہے ہیں۔ دو تین نام آئے تھے حضور! لیکن اس وقت تو ان ناموں پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا تھا،

احسان الحق پراچہ صاحب بھی فرما رہے تھے کہ جی ہم اس اس سلسلے میں کچھ گنجائش نکالیں گے، تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس میں کیا گنجائش نکلی ہے، کون صاحب ڈائریکٹر بنے ہیں، اور کن بنیادوں پر بنے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** وزیر خزانہ صاحب،

**جناب سرتاج عزیز:** یہ سوال provincial offices کے بارے میں تھا۔ اس سے یہ سوال پیدا نہیں ہوتا۔

**جناب چیئرمین:** لیکن اگر کوئی information ہے تو دے دیں۔

'**Mr. Sartaj Aziz:** No Sir, I do not have the information.

**جناب چیئرمین:** جواب یہ ہے کہ جی صوبائی ہیڈ کوارٹرز پر ایگریکلچر ڈویلپمنٹ بنک کے دفاتر کھول دیئے گئے ہیں اور یہ دفاتر جو ہیں وہ یکم جولائی ۱۹۹۰ء سے کھولے گئے ہیں تو اس جواب سے یہ پتہ چلتا ہے کہ دفتر کھل گئے ہیں۔

**سید فصیح اقبال:** ضمنی سوال

**جناب چیئرمین:** جی فصیح اقبال صاحب۔

**سید فصیح اقبال:** ضمنی سوال، میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ صوبائی دفاتر کا st tus کیا ہے، چاروں صوبائی دفاتر کا status کیا ایک جیسا رکھا گیا ہے یا کسی جگہ زونل منیجر رکھا گیا ہے یا اسے کوئی اور نام دیا گیا ہے۔ دفتر کھولنے کی بات تو an iguous ہے۔

[Syed Feseieh Iqbal]

جناب دفتر تو پہلے بھی کھلے ہو گئے تھے ۔ سوال یہ تھا کہ چاروں صوبوں میں برابری کی سطح پر دفتر کھولے جاتے، اگر پنجاب میں ڈائریکٹر رکھا گیا ہے تو سندھ میں بھی ڈائریکٹر ہونا چاہیئے، اور بلوچستان میں بھی ڈائریکٹر ہی تعینات ہونا چاہیے، میں اس کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں، کیا یہ صحیح ہے

**جناب سرتاج عزیز:** جناب والا! جو تمام دفاتر ہیں ان کی budget provision ہے total and initial expenditure and recurring expenditure تقریباً برابر ہیں ۔ دفتروں میں delegation of powers، اور سٹاف میں کوئی فرق نہیں ہے ۔ سب برابر ہیں ۔

**جناب عبدالرحمن جمالی:** کیا وزیر صاحب یہ فرمائیں گے کہ بلوچستان میں سے کسی کی بورڈ آف ڈائریکٹرز میں nomination ہو گئی ہے یا نہیں ۔

**میر حسین بخش بنگلزئی:** میرا بھی جناب، یہی سوال ہے ۔

**جناب چیئرمین:** جی، ان کا بھی یہی سوال تھا۔ تو بہرحال اس کے لئے وہ کہہ رہے ہیں کہ ان کے پاس اس وقت information نہیں ہیں ۔

**جناب عبدالرحمن جمالی:** اس کے لئے کیا criteria ہوتا ہے ۔

**جناب چیئرمین:** بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ممبرشپ کے لئے کوئی کوٹہ سسٹم نہیں ہوتا ہے ۔

**جناب عبدالرحمن جمالی:** جناب کوٹہ نہیں، میں criteria پوچھ رہا ہوں ۔

**سید فصیح اقبال:** جناب والا، قواعد کے تحت یہ appointment ہوتی ہے۔

**جناب عبدالرحمٰن جمالی:** صوبائی حکومت ان کو nominate کرتی ہے یا فیڈرل گورنمنٹ خود رکھتی ہے۔

**جناب سرتاج عزیز:** اصل میں دونوں صورتیں ہیں۔ ہر ایک صورت کے لئے پورا composition دیا گیا ہے، کہ صوبائی حکومت کس کو nominate کرے گی یا کیا ہوگا، اگر اس کے متعلق نیا سوال پوچھیں تو میں تفصیل بتا سکوں گا۔

**سید فصیح اقبال:** ضمنی سوال، جناب والا! میں وزیر موصوف کی اطلاع کے لئے بتا دوں کہ صوبائی حکومت کے فیصلے کو سابق مرکزی حکومت نے نہیں مانا تھا، انہوں نے بلوچستان سے ایک بورڈ آف ڈایکٹرز مقرر کر دیا گیا، اس کا آپ نام بتا دیں، میری اطلاع کے مطابق اس کا نام محمد صالح بلوتانی ہے۔

**Mr. Chairman:** No, no, there cannot be a Board of Directors.

**سید فصیح اقبال:** جی بورڈ آف ڈائریکٹرز میں ممبر تھے۔

**جناب چیئرمین:** بورڈ آف ڈائریکٹر میں ممبر بنایا ہوگا۔

**سید فصیح اقبال:** جی ہاں، یہ non-official member ہوتا ہے۔

**جناب چیئرمین:-** Board of Directors میں صوبائی حکومت کا ایک noninee ہوتا ہے۔

**سید فصیح اقبال:-** جی ہاں، وہ ہو گیا ہے، اور میرے خیال میں، آپ کے یہ علم میں ہونا چاہیئے تھا۔

**جناب چیئرمین:-** سرتاج عزیز صاحب، آپ اسے دیکھ لیں، اگر آپ کے پاس اس وقت information نہیں ہے تو آپ معلوم کر لیں کہ بلوچستان کا کوئی آدمی آیا ہے یا نہیں۔

**جناب سرتاج عزیز:-** جی آیا ہے، وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ صوبائی حکومت نے جو recommend کیا تھا، اسے چھوڑ کر فیڈرل گورنمنٹ نے کسی اور کو رکھ لیا ہے۔

**سید فصیح اقبال:-** جی ہاں، فیڈرل گورنمنٹ نے خود رکھا ہے۔

**جناب سرتاج عزیز:-** اگر اس کے متعلق علیحدہ سوال پوچھیں تو میں بتا دوں گا کہ کیوں رکھا ہے، اس کے متعلق کیا recommendations تھیں، اور صوبائی حکومت کا آدمی کیوں نہیں رکھا گیا۔

**میر حسین بخش بنگلزئی:-** تو اس کے لئے کیا الگ سوال چاہیئے۔

**جناب چیئرمین:-** الگ سوال پوچھیں یا کوئی اور راستہ اختیار کریں بہر حال اس سوال سے یہ ضمنی سوال نہیں بنتا ہے لیکن اگر آپ مزید information چاہتے ہیں تو اس کے لئے الگ سوال کریں، یا بعد میں وزیر خزانہ صاحب سے مل لیں۔

**سید فصیح اقبال :-** جناب والا میرے ضمنی سوال کا انہوں نے جواب نہیں دیا ہے۔ میں نے پوچھا کہ کیا چاروں صوبوں کے جو دفاتر ہیں ان کا status ایک جیسا ہے۔

**جناب چیئرمین :-** انہوں نے کہا ہے کہ برابر ہے۔

**سید فصیح اقبال :-** جناب نہیں، میرے علم میں یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :-** اگر آپ کے علم میں ہے تو پھر آپ سوال کیوں پوچھ رہے ہیں۔

**سید فصیح اقبال :-** وہ اس لئے کہ میں وزیر موصوف کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ صحیح پوزیشن کیا ہے۔ ان کے پاس ابھی نیا نیا چارج ہے، ان پر کافی بوجھ ہے، اس لحاظ سے میں زیادتی بھی کر رہا ہوں لیکن میں صرف یہ چاہتا ہوں کہ اسی بہانے سے بلوچستان کے ساتھ ہونے والی زیادتی ان کے علم میں آ سکے۔ ہمارے ہاں تو چیف مینجر رکھا گیا ہے لیکن باقی جگہوں پر Resident Director مقرر کئے گئے ہیں۔ اس لئے میں یہ چاہتا ہوں کہ سب صوبوں میں ایک ہی status کے ملازمین ہونے چاہئیں۔

**جناب چیئرمین :-** سرتاج عزیز صاحب، آپ یہ نوٹ کر لیں۔

**جناب سرتاج عزیز :-** جی، میں نے یہ نوٹ کر لیا ہے۔

**جناب چیئرمین :-** اگلا سوال، ۱۰۷۔

## LOANS GRANTED BY ADBP.

***Syed Faseih Iqbal:**

107. Will the Minister for Fianance and Economic Affairs be pleased to state total amount of loans sanctioned by ADBP during the period from January 1989 to December 1989 indicating also their province-wise and project-wise breakup?

**Mr. Sartaj Aziz:** Since January, 1989 to December, 1989 ADBP has sanctioned loans of Rs. 9203.618 million and disbursed loans of Rs. 8730.409 million. Statements showing Province-wise|Project-wise loan sanctioned is enclosed as Annexures A & B.

**Annexure A**

TOTAL LOANS SANCTIONED AND DISBURSED BY ADBP DURING JANUARY, 1989 TO DECEMBER, 1989

(Rs. Million)

| Province Area | Sanctioned | Disbursed |
|---|---|---|
| Federal Area | 60.289 | 57 748 |
| Punjab | 5605.469 | 5369.223 |
| Sindh | 2119 341 | 1973.316 |
| N.W.F.P. | 846.6[illegible] | 794.979 |
| Balochistan | 429.716 | 405.392 |
| Azad Kashmir | 709.365 | 72.150 |
| FANA | 62.785 | 57.601 |
| Total | 9203.618 | 8730.409 |

**Annexure B**

TOTAL LOANS SANCTIONED BY ADBP DURING JANUARY, 1989 TO DECEMBER, 1989

(Rs. Million)

| Purpose | Federal Area | Punjab | Sindh | N.W.F.P | Balochistan | Azad Kashmir | FATA | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Seeds .. | — | 193.949 | 169.206 | 4.510 | 0.887 | 0.010 | 0.081 | 368.643 |
| Fertilizer .. | — | 517.657 | 421.934 | 10.867 | 25.942 | — | 0.051 | 976.451 |
| Pesticides .. | — | 456.866 | 254.743 | 0.839 | 1.365 | — | — | 713.813 |
| Poultry Farming. | 46.618 | 252.993 | 110.905 | 46.371 | 8.958 | 10.768 | 0.632 | 477.245 |
| Dairy Farming | 3.304 | 543.761 | 264.775 | 160.868 | 20.505 | 22.766 | 15.070 | 1031.049 |
| Livestock .. | 0.084 | 115.017 | 71.418 | 39.684 | 10.202 | 3.867 | 13.526 | 253.798 |
| Farm Equipment | 0.141 | 439.815 | 87.239 | 74.355 | 24.887 | 0.778 | 3.196 | 630.411 |
| Farm Transport. | 0.707 | 57.141 | 25.852 | 51.106 | 17.159 | 2.190 | 5.887 | 160.042 |
| Tubewell .. | — | 254.932 | 44.064 | 73.094 | 164.990 | 0.406 | — | 537.486 |
| Tractors .. | 2.151 | 2466.515 | 403.396 | 315.285 | 89.263 | 12.023 | 12.298 | 3300.931 |
| Fisheries .. | 0.120 | 11.937 | 103.409 | 2.356 | 19.743 | — | 0.053 | 137.618 |
| Others | 7.164 | 294.886 | 162.400 | 67.318 | 45.815 | 26.557 | 11.991 | 616.131 |
| Total .. | 60.289 | 5605.469 | 2119.341 | 846.653 | 429.716 | 79.365 | 62.785 | 9203.618 |

سید وصیح اقبال :۔ ضمنی سوال، میرے علم کے مطابق بلوچستان کے ضلع نصیر آباد سے زرعی انڈسٹری کے لئے قرضوں کے حصول کے لئے بہت سے کیس زرعی ترقیاتی بنک کو گئے تھے، لیکن ان درخواستوں کے بارے میں فرمایا گیا کہ چونکہ ابھی تک ان کے پاس قرضے دینے کے لئے رقومات نہیں آئی ہیں، اس لئے ان کو قرضے نہیں دیئے جا سکتے، اس طرح سے بلوچستان سے متعلقہ قرضوں کی کافی درخواستیں معرض التوا میں پڑی ہوئی ہیں۔ میں وزیر موصوف سے

[Syed Feseieh Iqbal]

یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان درخواستوں میں سے کتنے کیسوں میں قرضے دیئے گئے ہیں اور کتنوں کو قرضے نہیں دیئے گئے۔ یہ تو میں ان کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں جن کے قرضے منظور ہوئے تھے ویسے تو بہت ساری درخواستوں پر فیصلہ نہیں ہو سکا تھا۔

**جناب سرتاج عزیز:** جی ہاں، جناب والا! اس وقت جو information پوچھی گئی ہے وہ تو یہی ہے کہ کتنے loans sanction کئے گئے ہیں، اگر آپ دیکھیں تو total amount نو ہزار دو سو تین ملین تھی، اس میں بلوچستان کے ٹوٹل قرضے جو ہیں چار سو انتیس ملین کے ہیں، اور یہ بات صحیح ہے کہ سال کے آخر میں اگر ان کے پاس قرضوں کی allocation اگر exhaust ہو جائے تو مہینے کے آخری quarter میں sanction کی شرح کم ہو جاتی ہے لیکن اب نیا سال جولائی سے شروع ہو گیا ہے اس لئے امید ہے کہ ان کے پاس اس سال جو allocation ہے وہ آ گئی ہو گی، اور میں ان کو ہدایت کروں گا کہ بلوچستان کے جتنے Pending cases ہیں، رولز کے مطابق جتنی جلدی وہ dispose off کر سکیں کریں، اور میں یہ بھی بتا دوں کہ اب جو political criteria ہے، اس کو مدنظر نہیں رکھا جائے گا بلکہ پراجیکٹس کی جو viability ہے، اور credit worthiness ہے، اس کے مطابق قرضے دیئے جائیں گے

**جناب چیئرمین:** جناب جمالی صاحب:

جناب عبدالرحمن جمالی :- کیا یہ حقیقت ہے کہ اس وقت اے ڈی بی پی کے loans کی ادائیگی ہماری ڈویژن میں بند ہے۔ ان کے متعلق کیا وزیر صاحب کچھ بتا سکیں گے۔

جناب سرتاج عزیز :- جناب والا، میرے پاس تو ایسی کوئی اطلاع نہیں ہے کہ وہاں بند ہے لیکن جیسے کہ میں نے کہا کہ سال کے آخر، مئی، جون میں قرضے کی رقم کم رہ جانے کی وجہ سے قرضے کم ملتے ہیں کیونکہ سال کی جو allocation ہوتی ہے وہ exhaust ہو جاتی ہے۔ امید ہے کہ جولائی کے بعد اب دوبارہ قرضے ملنے شروع ہو گئے ہوں گے۔ میں بہرحال اس ضمن میں معلومات حاصل کروں گا کہ اگر کوئی ایسی رکاوٹ ہے تو انشاءاللہ بہت جلد اسے دور کر دیا جائے گا۔

جناب چیئرمین :- جمالی صاحب،

جناب عبدالرحمن جمالی :- جناب والا! میری یہی درخواست ہے کہ میرے پاس جو موجودہ اطلاعات ہیں ان کے پاس وہاں قرضے بند ہیں اور وہاں کے ڈپٹی کمشنر بھی اس میں involve ہو گئے ہیں، کہ farmers کو قرضے نہ دیئے جائیں، میں وزیر موصوف صاحب سے یہی گزارش کروں گا کہ ذرا اس معاملے میں انکوائری کریں کہ ڈپٹی کمشنر کا کیا تعلق ہے کہ وہ خود کو اے ڈی بی پی کے قرضوں میں involve کرے۔

Mr. Sartaj Aziz: I agree.

پروفیسر خورشید احمد :- جناب چیئرمین! کیا وزیر موصوف اس بات پر روشنی ڈالیں گے کہ منسلکہ الف میں آزاد کشمیر کے سلسلے میں ۰۹ء ۳۶۵ ملین کے قرضے sanction

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہوئے ہیں لیکن disbursement صرف ۷۲٫۱۵۰ ہے جو تقریباً ۱۰ فیصد بنتا ہے جبکہ باقی تمام کمرشل بینکس میں اور صوبوں میں ۹۰، ۹۲، ۹۴ فیصد کی حد تک disbursement ہے آزاد کشمیر کا اتنا کیوں کم ہے۔

جناب سرتاج عزیز: مجھے تو جی کچھ فرق نظر نہیں آتا sanctions 79.365 ہے اور disbursement ۷۲ ملین ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: ۷۹٫۳۶۵ ملین ہے۔

جناب سرتاج عزیز: نہیں جی وہ typing error ہے۔ the sanctioned amount is 79 and the disbursement is 72.

پروفیسر خورشید احمد: اچھا ٹھیک ہے برابر ہے۔

جناب چیئرمین: کوئی اور ضمنی سوال . . . . . . . . کوئی نہیں۔ اگلا سوال نمبر ۱۰۸۔

## RECRUITMENT QUOTA GIVEN TO MNA'S/MPA'S

***Syed Faseih Iqbal:**

108. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that MNAs/MPAs belonging to P.P.P. have been allocated certain quota to recommend persons for employment in the Nationalized Commercial Banks, and if so ; the number of persons so appointed since March, 1989?

**Mr. Sartaj Aziz :** The applications recommended by Senators|MNAs|MPAs of PPP for recruitment in Nationalised Commercial Banks were forwarded to PBC and NCBs for consideration. No formal quota was laid down for MNAs| MPAs|Senators. Candidates meeting the requirements were appointed. However, number of such appointments is 3919.

جناب چیئرمین :۔ کوئی ضمنی سوال ۔

سید فصیح اقبال :۔ جی ہاں، چونکہ میں نے یہ سوال تین ماہ پہلے دیا تھا۔ اور اس کا جواب بھی پچھلی حکومت نے ہی دیا تھا اور جواب میں کہا گیا کہ ایسا کوئی کوٹہ نہیں تھا لیکن جو صوبائی یا قومی اسمبلی کے ممبر پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے تھے ان کو دیا گیا تھا۔ میں ان کی پر زور تردید کرتا ہوں کہ کسی نے نہیں بلکہ وزیر اعظم ہاؤس میں ایک سیل تھا۔ جو سپر فنانس کا ایک سیل تھا وہاں سے منظوری کے بعد تقرری ہوتی تھی اور ہر ایم پی۔ اے اور ایم این اے کا کوٹہ تھا۔ اور یہ باقاعدہ لکھی ہوئی چیزیں انہوں نے تلف کردی ہیں۔ اور ان کو ابھی معلوم ہے کہ جتنی سفارشات ہوئی ہیں سب کے سامنے لکھا ہوا ہے۔

'recommended by the Minister' or 'recommended by the MNA'

وہ سب حکومتی پارٹی کے لوگ تھے اوّل تو جواب یہ دینا چاہیئے تھا کہ انکوائری ہو رہی ہے۔ لیکن یہ کہہ دینا کہ بھرتی صحیح ہوئی ہے اس پر ہمیں اعتراض ہے۔ ساڑھے تین ہزار آدمی بھرتی ہوئے ہیں۔ اس میں سے بلوچستان میں سے کسی بھی اپوزیشن کے آدمی یا کسی بھی سینیٹر کا کوئی آدمی نہیں رکھا گیا ہے۔ NDFC میں بھرتی کے دوران ہم نے احتجاج کیا تھا کہ ایک بھی آدمی بلوچستان سے نہیں لیا گیا۔ تو سابقہ وزیر نے انکوائری کی اور افسوس کا اظہار کیا میں حیران ہوں کہ موجودہ حکومت سابقہ حکومت کے گناہوں کا بوجھ کیوں لے رہی ہے۔ اپنے گناہ بہت ہوتے ہیں۔ بس وہی پرانا جواب دے دیں۔ میں بیٹھ جاؤں گا۔

جناب سرتاج عزیز :۔ جی جواب سے بالکل ظاہر ہے کہ انہوں نے تقریباً چار ہزار افراد بنکوں میں بھرتی کئے ہیں جو بہت زیادہ ہیں۔ اور ایسا نہیں کرنا چاہیئے تھا یہ بھی بالکل ظاہر ہے کہ MNA's کو کوئی کیس recommend نہیں کرنا چاہیئے تھا صرف میرٹ پر ریکروٹمنٹ ہونی چاہیئے۔

[Mr. Sartaj Aziz]

تھی۔ تقریباً چار ہزار سے زیادہ تر اسامیوں کو اس میں پلیسمنٹ بیورو کی سفارش پہ پُر کیا گیا۔ جو کہ میں سمجھتا ہوں صحیح نہیں تھا۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ cases کوالیفیکیشن پوری نہ ہونے age limit صحیح نہ ہونے کے باوجود appoint کیئے گئے ان کو review کیا جا رہا ہے۔ آئندہ کے لئے اس قسم کی سیاسی تقرریاں جو ہیں وہ تمام بنکوں میں بند کر رہے ہیں جیسا کہ میں نے کچھ دن پہلے اعلان کیا تھا۔ ہم جو بنکنگ سروسز کمیشن ہے اس کو revive کر رہے ہیں۔ جو سال میں ایک امتحان لیا کرے گا۔ اور جو اس امتحان کو پاس کرے گا۔ اس کو بنک میں افسر کی نوکری ملے گی۔ ورنہ نہیں ملے گی۔ ہم اس نظام کو ٹھیک کر رہے ہیں۔ اور پچھلے کیسز کا review اپنے طور پر ہو رہا ہے۔ ان کا سوال یہ تھا کہ ایم این اے کا کوٹہ تھا یا نہیں؟ تو کوٹہ اِس پولیٹیکل طریقے سے تھا فارمل نہیں تھا۔ اس کا ہم نے جواب دے دیا۔ لیکن ساتھ کہہ دیا کہ جو applications forward ہوئیں ان میں سے زیادہ تر لوگ appoint ہو گئے ورنہ چار ہزار کہاں سے آتے، ہم نے conceal کرنے کی کوشش نہیں کی but it is between the line.

**سید فصیح اقبال:** جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کے اس اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں اس کے علاوہ میری عرض ہے کہ اتنی زیادہ اصول پسندی نہ کریں کہ جب باری بلوچستان کی آئے تو ہمارا کوئی آدمی بھی نہ آئے اور سول سروس کا امتحان کرا دیں۔ یہ خیال رکھیں جو زیادتی ہوئی ہے اس کی compensation دیں۔ . . . .

جناب چیئرمین :- نہیں اس کا کوٹہ ہوگا

سید فصیح اقبال :- کوٹہ کی بات عرض کر دوں ۔ کوٹہ نہیں دیا گیا ۔ دو سال میں ہمارے لوگ نہیں لئے گئے ۔ وہاں قابل لوگ بھی تھے کوئی بھی استعداد کے لوگ جو لئے ہیں ہمیں اس سے اتفاق ہے لیکن اب ایک سول سروس کی طرح یہ کمیشن بٹھا دیں ۔ تو پھر بلوچستان کے آدمی آنے سے رہے ۔ میں ان کے اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں ۔ لیکن اتنی اصول پسندی نہ کریں جب بلوچستان کی باری آئے تو انشاء اللہ چیف جسٹس آئیں گے جو بھرتی کریں گے یہ ہم چاہتے ہیں ۔ کہ ذرا خیال رکھیں کہ ہمارا کوٹہ compensate کریں ۔ کسی بھی طریقہ کار کے through ہو میں نہیں چاہتا کہ کسی کی سفارش پہ ہو ۔ interviews کریں لیکن اس طرح نہ کریں کہ اب تک جو فنانس کمیشن کبھی نہ بیٹھا اب بلوچستان کے لئے بیٹھے ۔

جناب سرتاج عزیز :- بات یہ ہے جی کہ اس میں جو نئی ریکروٹمنٹ ہو گی اس میں بلوچستان کا پورا کوٹہ ہوگا ۔ جو best candidates ہیں وہ آئیں گے جو اس وقت تمام نوکریوں میں تناسب ہے ۔ vacancies اس کو دیکھ کر determine کی جاتی ہیں ۔ یعنی پچھلی shortfall بھی پوری ہو تو یہ اصول کے مطابق ہو گی ۔

جناب عبدالرحمٰن جمالی :- کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ اس tenure میں جو آفیسرز unduly promote ہوئے تھے جیسے ایک مثال ہے R.N. Dera Murad Jamali کا۔ ان کے بارے میں یہ فرمائیں گے کہ ان کو واپس کیا جائیگا یا کیا کیا جائے گا چونکہ that was on political basis

**جناب سرتاج عزیز:-** ہم نے اب بنکوں میں چھ چھ ممبروں کے نئے بورڈ بنائے ہیں،
ان کو یہ review کا اختیار دیا جا رہا ہے - they should make a promotion policy
جس میں ہر لیول کے لئے criterionlay down کیا جائے گا
جب ایک دفعہ پالیسی بن جائے گی تو revise کریں گے اگر deviations ہوئی ہیں۔

But this we would not do from the Ministry. This is something which the banks will themselves do.

**حاجی ملک فریداللہ خان:-** آج کے سوالات سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ زیادتی صرف بلوچستان سے کی گئی ہے اور یہ پورا سوالنامہ بلوچستان کا لگ رہا ہے ، فاٹا کا تو کوئی نام بھی نہیں لیتا ۔ میں یہ دریافت کروں گا کہ ADBP والے فاٹا کو قرضہ دیتے ہی نہیں ہیں ، تو آخر یہ بتائیں کہ فاٹا کو قرضے کیوں نہیں دئیے جاتے ؟ نوکریوں کی بات ہم نہیں کریں گے نوکری تو وہ نہیں دیتے لیکن قرضے بھی نہیں دیتے فاٹا اس لسٹ میں نہیں ہے ؟ تو میں یہ بات کروں گا بہت معذرت کے ساتھ کہ فصیح اقبال صاحب کہ صرف بلوچستان کے ساتھ زیادتی نہیں ہوئی ۔۔۔

**سید فصیح اقبال:-** فاٹا کو بھی نمائندگی کریں گے جی ساتھ ساتھ ۔۔۔

**جناب چیئرمین:-** سرتاج عزیز صاحب فاٹا کے بارے میں کیا خیال ہے آپ کا ؟

**جناب سرتاج عزیز:** اس کا بالکل حق بنتا ہے جی

and I will instruct the bank to do justice

جناب چیئرمین :- وہ تو زور سے بھی لے لیں گے۔ اگلا سوال نمبر ۱۰۹

## CLAIM AGAINST M.C.B. BARNIS ROAD BRANCH QUETTA

***Syed Faseih Iqbal:**

109. Will the Minister for Fianance and Economic Affairs be pleased to state the number of claims received from the accounts holders and locker holders of the Muslim Commercial Bank Barnis Road, Quetta branch after it was burgled in 1985 riots and settled indicating also the number of claims awaiting settlement?

**Mr. Sartaj Aziz :**

(Rs. Million)

| | Account Holder | | Locker Holder | |
|---|---|---|---|---|
| | No. | Amount | No. | Amount |
| No. of claims received .. .. .. | 347 | 10.083 | 29 | 4.286 |
| No. of claims settled .. .. .. .. | 347 | 10.083 | *Nil.* | *Nil.* |
| No. of claims awaiting settlement .. .. | *None* | | *None* | |

سید فصیح اقبال :- جناب یہ کیس ۸۵ء کا ہے اور اس سلسلے میں سابقہ حکومت کے تمام
وزراء کو معلوم ہے ہمارے تین فنانس منسٹر گئے اور یہ کیس وزیر اعظم تک گیا۔ باقی علاقوں میں جب
بھی لاکرز وغیرہ لوٹے گئے تو اس کے پیسے اور claim کی ادائیگی مختلف بنکوں نے کی، لاہور
اور کراچی میں بھی ایسے واقعات ہوئے ہیں۔ لیکن یہ بلوچستان کا جو واقعہ ہوا تھا یہ دوسری نوعیت

[Syed Feseieh Iqbal]

کا تھا۔ وہ ایک مذہبی فساد کی شکل میں ہوا تھا۔ لیکن خدا کا شکر ہے کہ وہ مسئلہ اتنا نہیں پھیلا۔ لیکن تین دن تک لاء اینڈ آرڈر پرابلم رہا اور آخرکار کرفیو لگا۔ لہٰذا اس ضمن میں حکومت کی سو فیصد کی ذمہ داری تھی کہ وہاں کے اکاؤنٹس ہولڈروں کا مسئلہ حل کرتی۔ اس لئے کہ یہ عام ڈکیتی یا اس طرح کی واردات نہیں تھی ایک فساد ہوا مذہبی جلوس کے نکلنے کی اجازت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے نہیں دی۔ وہاں جلوس نکلا۔ کم از کم ۸/۹ جانیں ضائع ہوئیں اور سارے شہر کے اندر فائرنگ کے واقعات ہوئے اور اس نے مذہبی رنگ اختیار کیا۔ اس واقعہ کے بارے میں حکومت وقت کی سو فیصدی ذمہ داری تھی صرف بنک ہی ذمہ دار نہیں۔ جس طرح ہماری وزارت خزانہ نے یہ کیس dispose off کیا ہے کہ چونکہ یہ ہماری دسترس میں نہیں ہے صوبائی حکومت کی تحویل میں تھی ساری لاء اینڈ آرڈر کی بات، لہٰذا یہ ان سے پوچھا جائے تو یہ سوتیلی ماں جیسا سلوک صرف بلوچستان کے ساتھ کیوں کیا جا رہا ہے جبکہ عام طور پر UBL, MCB, HBL میں ایسے کئی واقعات ہوئے ہیں میں quote کرسکتا ہوں جہاں ان کی ادائیگی کی گئی ہے۔ اور لوگوں نے اپنے حلفیہ بیان دیئے اور لوگوں کو علم بھی ہے کہ وہاں لاکرز توڑے گئے۔ تین دن تک لاء اینڈ آرڈر کا پرابلم بنا رہا تو اس سلسلے میں وزیر موصوف اپنی پالیسی کی وضاحت کریں!

جناب سرتاج عزیز: یہ کیس جی وفاقی محتسب کے پاس گیا تھا۔ and all I can do is to read the judgement of the Ombudsman.

"While the petitioner has suffered a genuine grievance, that her locker containing valuables was plundered by lawless mobs, the bank could hardly be held responsible for the occurrence. The bank has

explained that it maintains locker and properly built strong rooms with the dual control lock system and posting of guard for 24 hours to look after the branch. However, these reasonable security measures could not stand the severity and magnitude of the unfortunate incident which took place at Quetta on 6th and 7th July, 1985, and went beyond even the control of the law enforcing agency. In such circumstances the bank incurs no responsibility for any loss and no mal-administration is borne out. With these observations the petition is rejected."

تو اب جب محتسب نے یہ درخواست رد کر دی اور انہوں نے صاف declare کیا ہے کہ اس میں بنک کی ذمہ داری نہیں بنتی۔ تو اس کے بعد اگر حکومت اپنی سطح پر compensate کرنا چاہے تو اور بات ہے۔ لیکن جہاں تک بنک کا تعلق ہے اس کی کوئی responsibility نہیں ہے۔

سید فصیح اقبال: جناب یہ جو محتسب کا فیصلہ انہوں نے سنایا ہے یہ بڑا صحیح ہے انہوں نے خود ہی بتا دیا ہے کہ سارا شہر افراتفری کا شکار تھا اور کنٹرول میں نہیں تھا تو یہ حکومت کے وزیر ہیں۔ اگر یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ بنک کا نہیں بلکہ بعض لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کا معاملہ تھا۔ جسے حکومت کو حل کرنا چاہیئے تھا اب یہ مسئلہ تو حکومت میں اٹھائیں گے کیونکہ مسئلہ دوبارہ وزیراعظم تک جائے گا اور یہ جو Ombudsman کا فیصلہ ہے یہ تو technical نوعیت کا ہے کہ بنک ذمہ دار نہیں ہے اس لئے میں بھی سمجھتا ہوں کہ بنک ذمہ دار نہیں تھا۔

**جناب سرتاج عزیز** :- وہ اگر اپیل کریں تو اس کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ میں اس وقت کیسے کہہ سکتا ہوں کہ گورنمنٹ اسے compensate کرے گی۔ وہ تو جب ہوا تھا اور معلوم تھا کہ بینک ذمہ دار نہیں تو اسی وقت انہیں گورنمنٹ کو اپیل کرنی چاہیئے تھی کیونکہ جب بھی کوئی اختلافات ہوتے ہیں۔ جب بھی کوئی واقعات ہوتے ہیں اس طرح کے اس میں اکثر حکومت نے compensation declare کی ہے جن کا جانی نقصان ہوا ہے۔ اور بعض اوقات مالی بھی۔ جس طرح اوجڑی کیمپ کا ہوا تھا کچھ اور ہوا تھا تو اس وقت اس طریقے سے اور ظاہر ہے کہ یہ پہلے صوبائی حکومت کے پاس جائیں کے جو لاء اینڈ آرڈر کی ذمہ دار ہے۔ اس کے بعد اگر صوبائی حکومت خود کر دے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ گورنمنٹ کو سفارش کرے گی۔ اس میں مسئلہ verification کا بھی ہے۔ کیونکہ کبھی جو لاکرز میں چیز ہوتی ہے۔ اس کے بارے میں بینک کو کوئی علم نہیں ہوتا اور وہ declare کر دے کہ میری اتنی چیزیں اس میں تھیں تو کون verify کرے گا کہ اصل میں کتنی تھیں۔

**پروفیسر خورشید احمد** :- میں یہی عرض کرنے والا تھا کہ جب عموماً بلوہ کی کیفیت پیدا ہوتی ہے تو پھر سوسائٹی کا فرض ہوتا ہے کہ اسے compensate کرے خواہ جانی نقصان ہو یا مالی، اس صورت میں صوبائی اور مرکزی حکومت کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیئے یہ محض ٹیکنیکل مسئلہ نہیں ہے۔ میرے خیال میں اس گورنمنٹ کو review کرنا چاہیئے

**جناب چیئرمین** :- شکریہ جی۔ اگلا سوال نمبر ۱۱۰۔

## RECRUITMENT IN NATIONALIZED COMMERCIAL BANKS

***Dr. Noor Jehan Panezai (on his behalf):**

110. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the totoal number of persons recruited in the Nationalized Commercial Banks since December, 1988 with province-wise breakup ; indicating also the names father's names, age, educational qualifications and place of domicile of such persons belonging to the province of Balochistan;

(b) the criteria adopted for such appointments; and

(c) whether the provincial quota was observed in these appointments?

**Mr. Sartaj Aziz:** (a) Total number of persons recruited by NCBs since December, 1988 is 3919. Province-wise break-up is given below. Names and other required particulars of persons belonging to Balochistan are annexed :

| Province | No. of Persons Recruited |
|---|---|
| Punjab | 2,546 |
| Sindh | 891 |
| N.W.F.P. | 360 |
| Northern Area | 15 |
| Azad Kashmir | 23 |
| Baluchistan | 84 |
| Total | 3919 |

(b) Qualification for eligibility in case of Officers is a second class degree. The appointees were eligible in term of academic qualification.

(c) Quota was not maintained in case of Officers. Quotas are not applicable for subordinate jobs.

[Mr. Sartaj Aziz]

## HABIB BANK LIMITED

### DETAIL OF APPOINTEES BELONGING TO PROVINCE OF BALOCHISTAN

| S. No. | Name | Father's Name | Age | Qualification | Domicile |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 1. | Mr. Munior Ahmed | Malik Pir Muhammad | 27 | M.A. | Kalat. |
| 2. | Mr. Abdullah | Mehrab Khan | 27 | M.A. | Jaffarabad. |
| 3. | Mr. Ghulam Qadir | M.H. Poonjah. | 28 | M.A. | Lasbella. |
| 4. | Mr. M. Hussain | Haji M. Afzal | 27 | M.Sc. | Pishin. |
| 5. | Mr. Yahya Zafar | Zafar Ahmed | 23 | B.A. | Quetta. |
| 6. | Mr. Rahim | Qadir Baksh | 28 | B.Sc. | Turbat. |
| 7. | Mr. Hamidullah | Haji Sarfaraz Khan | 26 | M.Sc. | Chaghi. |
| 8. | Mr. Qayyum Khan | Bakhtiar Khan | 26 | M.A. | Loralai. |
| 9. | Mr. Bakshullah | Suleman | 26 | M.A. | Panjgar. |
| 10. | Mr. Shah Wali Khan | Ghulam Ali Khan | 26 | M. Com. | Quetta. |
| 11. | Mr. Fida Hussain | Qurban Ali | 27 | M.Sc. | Quetta. |
| 12. | Mr. Ahmed Ali | Yakoob Ali | 25 | M.Sc. | Quetta. |
| 13. | Mr. Rafique Ahmed | Taj Muhammad | 28 | M.Com. | Quetta. |
| 14. | Mr. Muhamood Usman | M. Afzal | 26 | M.Sc. | Quetta. |
| 15. | Mr. Shahid Iqbal | M. Iqbal | 25 | M.A. | Quetta. |
| 16. | Mr. M. Ashraf | M. Bashir | 30 | M.A. | Quetta. |
| 17. | Mr. Ali Madad | Haji Juma Khan | 27 | M. Sc. | Quetta. |
| 18. | Mr. Abdul Jalil | Akhtar Mahmood | 25 | M.Sc. | Pishin. |
| 19. | Mr. Barkat Hussain | Mir Hazar Khan | 22 | N.A. | Jaffarabad. |
| 20. | Mr. Ishtiaq Ahmed | Chiraghdin | 28 | Matric. | Quetta. |
| 21. | Mr. Ali Ahmed | Khair Ahmed | 28 | — | Quetta. |
| 22. | Mr. Abdul Majeed | Mahmood Khan | 33 | Middle. | Quetta. |
| 23. | Mr. M. Zubair | Mohammad Akbar | 26 | — | Quetta. |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|
| 24. | Mr. Abdur-Rehman .. | Ghulam Rasool .. | 36 | M.A. | Quetta. |
| 25. | Mr. Mansoor Hussain | Noor Muhammad .. | 24 | B.A. | Naseerabad. |
| 26. | Mr. Abdul Rehman .. | Faqir Khan .. | 22 | Matric. | Loralai. |
| 27. | Mr. Rabba .. .. | Mir Mez Mohammad Khan | 22 | Matric. | Loralai. |
| 28. | Mr. Noor Ahmed .. | Rahim Dad .. .. | 29 | Inter. | Quetta. |

NATIONAL BANK OF PAKISTAN

DETAILS OF PERSONS BELONGING TO BALUCHISTAN PROVINCE

| Name | Father's Name | Age | Educational Qualification | Place of Domicile |
|---|---|---|---|---|
| 1. Mr. Mushtaq Ahmed .. .. | Haji Sher Muhammad .. .. | 20-4-1976 | B.Sc. II Division. | Baluchistan. |
| 2. Mr. Zaheer Hussain .. .. | Malik Sadiq Husain .. .. | 17-6-1964 | M.Sc. II Division. | Quetta. |
| 3. Mr. Sahib Jan .. .. .. | Sher Zaman .. .. .. | 1-9-1964 | M.A. II Division. | Baluchistan. |
| 4. Mr. Azim Khan .. .. .. | Haji Haibat Khan .. .. | 1966 | — | Baluchistan. |
| 5. Mr. Kamal Khan .. .. .. | Jalal Khan .. .. .. | 1968 | — | Do. |
| 6. Mr. Sahib Jan .. .. .. | Noor Muhammad Isani .. .. | 1965 | B.Sc. III Division. | Do. |
| 7. Mr. Muhammad Nizam .. .. | Walayat Khan .. .. .. | 25 Years. | B.Sc. III Division. | Do. |
| 8. Mr. Ali Muhammad .. .. | Maula Karim .. .. .. | 1960 | Non-Matric. | Do. |

## UNITED BANK LIMITED

### LIST OF APPOINTMENTS MADE IN BALUCHISTAN SINCE DECEMBER, 1988

| S.No. | Name & Father's Name | Designation | Age | Education Qualification | Place of Domicile |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 1. | Mr. Ehteshamul Haq S/o Late Abdul Haq .. .. .. | Officer Grade III | 26 Years. 1 Month. | M.A. Economics. | Quetta. |
| 2. | Mr. Sohail Shoaib Awan S/o Muhammad Soaib Awan .. | Officer Grade III | 24 Years. 9 Months. | B.Sc. Comp Prog. | Quetta. |
| 3. | Mr. Khalid Mahmood Tareen S/o Hafiz Muhammad Nawaz. | Officer Grade III | 31 Years. 2 Months. | M.Sc. | Quetta. |
| 4. | Mr. Sarwar Ali S/o Ewaz Ali .. .. .. .. | Officer Grade III | 40 Years. 2 Months. | M.Com. | Quetta. |
| 5. | Mr. Syed Shakeel Ahmed S/o Syed Aftab Ahmed .. .. | Officer Grade III | 24 Years. 9 Months. | M.A. LLB. | Quetta. |
| 6. | Mr. Aftab Ahmed S/o Aziz Ahmed .. .. .. | Officer Grade III | 25 Years 6 Months. | B.Sc. | Quetta. |
| 7. | Mr. Abdul Qadir S/o Naseer Muhammad .. .. .. | Officer Grade III | 30 Years. 1 Month. | M.A. | Quetta. |
| 8. | Mr. Muhammad Mahboob S/o Haji Muhammad Aslam .. | Officer Grade III | 23 Years. 9 Months. | M.Sc. | Quetta. |
| 9. | Mr. Kamran Asad Shahzada S/o Shahzada Sultan Asad .. | Officer Grade III | 22 Years. 2 Months. | B.Sc. | Quetta. |
| 10. | Mr. Ghulam Sarwar S/o Ali Sher .. .. .. .. | Officer Grade III | 25 Years. | M.Com. | Chaghi. |
| 11. | Mr. Sanaullah S/o Aitbar Khan .. .. .. .. | Officer Grade III | 29 Years. 7 Months. | M.A. | Nasirabad. |
| 12. | Mr. Fida Hussain S/o Wali Muhammad Khan .. .. | Assistant. | 25 Years. 4 Months. | B.Com. | Nasirabad. |

[Mr. Sartaj Aziz]

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|
| 13. | Mr. Zain-ul-Abedin S/o Haji Muhammad Rafiq .. .. | Assistant. | 24 Years. 9 Months. | M.A. | Nasirabad. |
| 14. | Mr. Shafique Ahmed S/o Ghulam Qadir .. .. .. | Assistant. | 25 Years. 11 Months. | M.A. | Nasirabad. |
| 15. | Mr. Nabi Bux S/o Javed Khan .. .. .. .. | Watchman. | — | — | Nasirabad. |
| 16. | Mr. Muhammad Azeem S/o Abdul Hakeem .. .. | Watchman. | — | — | Quetta. |
| 17. | Mr. Khair Bukhsh S/o Pir Bukhsh .. .. .. | Watchman | — | — | Nasirabad. |
| 18. | Mr. Abdul Rehman S/o Qasim .. .. .. .. | Watchman. | — | — | Khuzdar. |
| 19. | Mr. Qadir Bux S/o Naik Bakht .. .. .. .. | Watchman. | — | — | Buleda Bit. |
| 20. | Mr. Ghulam Qadir S/o Mir Hasan .. .. .. | Watchman. | — | — | Turbat. |

MUSLIM COMMERCIAL BANK LIMITED

PERSONNEL DIVISION

HEAD OFFICE

| S. No. | Name | Father's Name | Qualification | Domicile | Post Offered | Remarks |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Syed Javed Ali .. .. | Syed Asnad Ali .. .. | B.A. | Baluchistan. | Officer Gr-III. | Appointed. |
| 2. | Mr. Muhammad Afaaq Khan Lodhi | | B.A. | Baluchistan. | Officer Gr-III. | Appointed. |
| 3. | Mr. Syed Haseeb Sultan .. .. | Syed Nazar Hussain Shah .. | B.A. | Baluchistan. | Officer Gr-III. | Appointed. |
| 4. | Mr. Zamir Akhter .. .. | Haji Abdul Hameed .. .. | Upto Matric. | Baluchistan. | Chowkidar. | Appointed. |
| 5. | Mr. Rasool Bux .. .. | Muhammad Baqi .. .. | Upto Matric. | Baluchistan. | Chowkidar. | Appointed. |
| 6. | Mr. Ali Bahadur Khan .. | Master Ali Gohar .. .. | Upto Matric. | Baluchistan | Chowkidar. | Appointed. |
| 7. | Mr. Muhammad Abbas .. .. | Hamzo Khan .. .. | Upto Matric. | Baluchistan. | Chowkidar. | Appointed. |
| 8. | Mr. Nazir Ahmed Mashwani .. | Faqir Muhammad .. .. | Upto Matric. | Baluchistan. | Messenger. | Appointed. |

**Annexure B**

## ALLIED BANK OF PAKISTAN LIMITED

### STAFF APPOINTED IN BALUCHISTAN FROM DECEMBER 1988 TO MAY, 1990

| S. No. | Name | Father's Name | Designation | Age | Qualification | Domicile |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Mr. Abdul Jabbar | Abdul Latif | Officer. | 27-12-1965 | M.A. | Loralai. |
| 2. | Mr. Malik Masud Hussain | Malik Farooq Husain | Officer. | 1-6-1958 | M.A.L.L.B. | Dhadar. |
| 3. | Mr. Amin Hussain | Rahim Bux | Officer. | 1-1-1965 | B.A. | Lasbela. |
| 4. | Mr. Mohammad Tariq | M.A. Hannan | O.G. III. | 1-3-1958 | B. Sc. | Quetta. Since resigned. |
| 5. | Mr. Rehmatullah | Atta Mohammad | Cashier. | 9-4-1965 | Matric. | Lasbela. |
| 6. | Mr. Naseem Hayder | Jan Mohammad | Cashier. | 26-3-1969 | Inter. | Quetta. |
| 7. | Mr. Acher Khan Umrani | M. Murad Umrani. | Cashier. | | F.A. | Tamboo Distt. |
| 8. | Mr. Abdul Sattar | Mohammad Amin | Cashier. | 12-11-1965 | Inter. | Loralai. |
| 9. | Mr. Mohammad Qasim Umrani | Shah Din Umrani | Cashier. | 10-9-1963 | B.A. | Tabmboo Distt. |
| 10. | Mr. Qazi Irfanul Haq | Qazi Inamuddin | Asstt. | 1-3-1964 | B. Com. | Quetta. |
| 11. | Mr. Nasarullah Khan Baloch | Dur Mohammad | Cashier. | 20-6-1965 | B.A. | Quetta. Since resigned. |
| 12. | Mr. Jalal Hussain | Qadam Hussain | Guard. | 23 Years. | Ex-Service-man. | Quetta. |
| 13. | Mr. Rasool Bux | Taj Mohammad | S/Rider. | 2-3-1965 | Middle. | Quetta. |
| 14. | Mr. M. Siddiqui Khetran | Ali Mohammad Khetran | Messenger. | 1-4-1964 | Matric. | Loralai. |
| 15. | Mr. Saleem Sarwar | Ghulam Sarwar | Mesesenger. | 20-3-1971 | Middle. | Jafarabad. |
| 16. | Mr. Shaukat Ali | Haji-Ghulam Mohammad | Messenger. | 29-12-1965 | Matric. | Quetta. |
| 17. | Mr. Khair Mohammad | Turk Ali | S/Rider | 34 Years. | Primary. | Quetta. |
| 18. | Mr. Mohammad Ishaque | Khaliq Dad | Gunman. | 12-7-1956 | Primary. | Quetta. |
| 19. | Mr. Naeem Shah | Umer Shah | Guard. | 3-5-1959 | Primary. | Quetta. |
| 20. | Mr. Dawood Shah | Syed Bahar Shah | Guard. | 15-7-1955 | Middle. | Quetta. |

جناب چیئرمین :۔ میرے خیال میں اس میں سارا کوٹہ آگیا ہے۔

سید فصیح اقبال :۔ جناب عرض یہ ہے کہ اس میں دو قسم کی درخواستیں ہیں۔ ایک ہے ڈرجنل دفاتر میں چپڑاسی، دفتری اور کلرک وغیرہ کی بھرتی کے لئے۔ رولز کے تحت ویسے بھی لوکل لوگ ہی رکھے جاتے ہیں۔ اگر مکران میں کسی چپڑاسی کی ضرورت ہے تو بہرحال وہی تربت سے ہوں گے۔ اس میں افسروں کے لئے کوٹہ ہوتا ہے۔ اس پہ ہمیں اعتراض ہے کہ جہاں آفیسرز بھرتی کیئے گئے ہیں اس میں کوٹہ کا کوئی خیال ملحوظ نہیں رکھا گیا۔

جناب چیئرمین :۔ انہوں نے اٹھائیس آدمیوں کی لسٹ دی ہوئی ہے۔ جو آپ کے کوٹہ کے مطابق افسر بھرتی کئے گئے ہیں اور چار ہزار میں سے ٹوٹل لسٹ ۲۸ کی ہے۔ کیا اس طرح کوٹہ پورا نہیں ہوتا؟

سید فصیح اقبال :۔ نہیں جناب۔ یہ اطلاع بھی میں سمجھتا ہوں کہ صحیح نہیں ہے جو یہاں آئی ہے کیونکہ جس دن این ڈی ایف سی کے سوالات کے جوابات آئے تھے اس میں انہوں نے اٹھائیس آدمی رکھے تھے جس میں ۹ افسر تھے۔ اس میں بلوچستان کا ایک بھی آدمی نہیں تھا

جناب چیئرمین :۔ تو آپ کے خیال میں یہ ۲۸ کی لسٹ صحیح نہیں ہے

سید فصیح اقبال :۔ میرے خیال میں بالکل صحیح نہیں ہے اگر یہ فرمائیں تو ہم دوبارہ اس کے لئے سوال دے دیں۔

جناب سرتاج عزیز :۔ میرے پاس لسٹ موجود ہے اگر یہ چاہتے ہیں تو میں ان کو دے دوں ۔

جناب چیئرمین :۔ اس میں بی۔ ایم اے ہیں اور ساتھ ہی مڈل بھی ہیں یہ کیا بات ہوئی ؟

سید فصیح اقبال :۔ چپڑاسی ہیں ۔

جناب چیئرمین :۔ چپڑاسی کے لئے کوٹہ نہیں ہوتا ۔

سید فصیح اقبال :۔ اسی لئے تو انہوں نے دے دیا ہے یہی تو میں نے کہا ہے اس میں کچھ سے جواب دینے ہیں۔ یہ جتنے ٹیکنیکل لوگ ہیں یہ جب دفاتر سے جواب دیتے ہیں یہ بڑا ایک گورکھ دھندا بنا دیتے ہیں یعنی اس کو بھی لے لیتے ہیں جو مقامی طور پر انہیں دیسے ہی لکھا ہوتا ہے چپڑاسی کے لئے کوٹہ میں کراچی یا لاہور سے آدمی نہیں جائے گا۔ ویسے پچھلے دور میں ایسا ہوتا آیا ہے کہ باہر سے چپڑاسی تک لائے گئے ہیں ۔

جناب چیئرمین :۔ کوئی دوسرا ضمنی سوال۔ جی جناب نبگلزئی صاحب ۔

میر حسین بخش نبگلزئی :۔ جناب چیئرمین انہوں نے ۳۹۲۰ کی نگروی ہے جو بھرتی ہوئے ہیں اس میں اگر ہمارے صوبے کے کوٹے کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تو بلوچستان کا حق دو سو نوکریوں کا بنتا ہے جبکہ اس میں ۸۴ نوکریوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کوٹہ کے متعلق وزیر خزانہ صاحب کا کیا خیال ہے۔ اس shortage کو کیسے پر کریں گے۔

جناب سرتاج عزیز :۔ مجھے تو دو سو نظر نہیں آتا۔ اگر آپ تین ٹھ پانچ لگائیں چار ہزار کا تو وہ کوئی ایک سو پینتیس چالیس کے قریب بنتا ہے ۔

میر حسین بخش بنگلزئی :- چلئے ایک سو پینتیس ۱۳۴ - آپ نے ۴۸ بھرتی کر لیئے، باقیوں کے متعلق کیا خیال ہے آپ کا ؟

جناب سرتاج عزیز :- بات یہ ہے کہ جیسا انہوں نے کہا کہ دفاتر کے کیس میں کوٹہ اس لئے نہیں رکھا جاتا کہ ۱۴ سے ۲۰ کے افسر by promation ہوتے ہیں اس میں وہ آگے پیچھے ہو جاتا ہے۔

میر حسین بخش بنگلزئی :- آپ کا خیال سر آنکھوں پر۔ بجا بالکل صحیح لیکن میں یہ بات کر رہا ہوں کہ بلوچستان کے لئے آپ نے جو کوٹہ مقرر کیا ہے بطور پالیسی کے حکومت زید کی ہو یا بکر کی، حکومت تو اپنے طور پر چلتی ہے۔ ہمیں تو وہ کوٹہ چاہیئے۔

جناب سرتاج عزیز :- اس کا مطلب ہے کہ پچھلی گورنمنٹ نے بھرتی کرتے وقت بلوچستان کا کوٹہ ملحوظ نہیں رکھا اور میں نے ابھی اعلان کیا ہے کہ آئندہ بھرتی میں انشاءاللہ اس کوٹہ کو پورا کریں گے۔

انجنیئر سید محمد فضل آغا :- ضمنی سوال۔ مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے۔ سرتاج عزیز صاحب جبکہ پچھلے پانچ سال سے کسی نہ کسی حساب سے گورنمنٹ سے منسلک بھی رہتے ہیں۔ اور ہمیشہ انہوں نے ہمیں یہ گارنٹی دی ہے کہ جی آپ کا back-log جو پچھلے بیالیس سال کا ہے ہم اس کو پورا کریں گے لیکن بڑے افسوس کی بات یہ ہے کہ جب fresh information آتی ہے +

× × × × × × × × × × × × ×

× × × × × × × - ایک تو کہہ رہے ہیں کہ تین فی صد کے حساب سے جبکہ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری میں ہماری آبادی کا حصہ ۵.۱۲ بنتا ہے ہمیں وہ کوٹہ پچھلے دس سال سے

---

+ بحکم جناب چیئرمین الفاظ حذف کئے گئے

[Engr.Syed Muhammad Fazal Agha]

نہیں مل رہا ہے۔ پچھلے بیالیس سال سے ہمارا کوٹہ short ہے۔ کبھی ایک فیصد کبھی ڈیڑھ فیصد دیا ہے۔ آج بھی دو questions میں انہوں نے فلور پر یہ commitment دی تھی کہ ہم بلوچستان کا پچھلا کوٹہ بھی compensate کریں گے present case میں بھی انہوں نے justify کرنے کی کوشش کی کہ بلوچستان کو پورا کوٹہ ۴۲ لاکھ سے اپنی calculation کے بعد ۳۶۱۵ سے ابھی انہوں نے calculate کیا ہے جو ۱۳۵ کہا ہے۔ تو یہ اگر ہمارے وزیروں کا اور جو بہت پڑھے لکھے لوگ ہیں، جو بیوروکریسی کا حصہ بھی رہ چکے ہیں جو ہمارے فنانس کو سمجھتے ہیں۔ حقائق سے خود کو روشناس بھی سمجھتے ہیں۔ اور پھر اس قسم کی statement فلور پر دے دیتے ہیں ہماری یہاں موجودگی کا کیا مقصد ہوتا ہے اگر ہم اپنے جائز حقوق کا دفاع بھی نہیں کر سکتے اور منسٹر صاحبان جب بھی چاہیں آگے پیچھے دائیں بائیں کر دیتے ہیں۔ نہ پچھلے کا حساب ہوتا ہے نہ موجودہ کا حساب ہوتا ہے۔ اب بھی انہوں نے گورنمنٹ پر ڈال دیا ہے۔ اس سے پہلے جب یہ منسٹر تھے اس وقت کیا ہوا۔ تب بھی انہوں نے یہی اس فلور پر بیان دیا تھا مجھے افسوس ہے۔ اس بات کا سختی سے نوٹس لیا جائے میں وزیر صاحبان سے گزارش کروں گا کہ بلوچستان کو اگر اسی طرح آپ رکھیں گے تو پھر اس کے consequences آپ کے سامنے آتے رہیں گے۔ میں یہ سمجھتا ہوں یہ مضبوط اور متحد فیڈریشن کے مفاد میں نہیں ہے۔ شکریہ!

**جناب سرتاج عزیز** :- میں جناب ممبر صاحب کو دعوت دیتا ہوں کہ میں نے اس فلور پر پچھلے دور میں جتنی assurance دی ہیں Assurance Committee میں ان کو لے آئیں۔ اور اس کے بعد ایسے الزامات لگائیں۔ مجھے بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے یہ لفظ ( x x x ) استعمال کیا۔ میں اس پر سختی سے احتجاج کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس لفظ کو واپس لیں گے۔

*Interruption*

**انجینئر سید محمد فضل آغا** :- میں اسے withdraw اس لئے نہیں کروں گا کہ ابھی بھی انہوں نے پہلے کہا کہ بلوچستان کا پورا کوٹہ ملا ہے۔

**جناب چیئرمین** :- انہوں نے یہ نہیں کہا۔ انہوں نے تو کہا ہے کہ میں پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔

**جناب سرتاج عزیز** :- اس کے بعد جو اس وقت کوٹہ ہے وہ ۳۶۵ ہے۔ جب مردم شماری کے مطابق تبدیل ہوگا تو وہ الگ بات ہے۔ اس کے بعد میں نے یہ بیان دیا کہ پچھلی گورنمنٹ نے بلوچستان کے کوٹہ کا لحاظ نہیں رکھا۔ اور یہ کہتے ہیں کہ جی وہ پورا ہو گیا۔ میں نے صرف یہ بیان دیا کہ آئندہ جو ریکروٹمنٹ ہوگی اس میں اگر کسی جگہ کوئی کمی ہے۔ جو prescribed quota ہے اس کے اندر اس کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی تو مجھے سمجھ نہیں آتی کہ جو سوال پچھلے سال کے بارے میں ہے جس میں نہ ہماری حکومت تھی اور نہ میری ذمہ داری تھی۔ اس سلسلے میں اگر وہ کوئی جنرل بات کرنا چاہتے ہیں تو کسی اور موقع پر کریں اس وقت ہم ایک سوال کا جواب دے رہے ہیں جو ایک خاص پیریڈ سے relate کرتا ہے اور اس میں پوری تفصیل دی ہوئی ہے۔

**انجینئر سید محمد فضل آغا:-** پچھلی گورنمنٹ والی رٹ تو کبھی ختم ہی نہیں ہوئی جی۔ بلیں مہینہ سے پہلے کی آپ کی جو گورنمنٹ تھی اس میں بھی یہی حال رہا ہے۔

**سید فصیح اقبال:-** ضمنی سوال جناب۔ جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کے اعلان سے بڑا مطمئن ہوں۔ یہ صحیح ہے جو یہ کر رہے ہیں لیکن ایک چیز یہ دیکھئے کہ جو پرانا back log ہے یعنی پچھلی حکومت بھی یہ کہتی رہی کہ ہم کمی کو پورا کریں گے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس کی assurance ہو کہ جو بلوچستان کی کوٹے کی کمی ہے وہ اس کو پورا کرنے کے لئے کوئی مناسب اقدامات کریں گے باقی رہ گیا کہ cases review ہوں گے۔ ہو سکتا ہے کہ cases کو review کرنے میں کچھ وقت لگے۔ یہ چونکہ ایک ہی صوبے سے سب سے زیادہ رکھے گئے ہیں۔ اور آپ کو پتہ ہے کہ اس Caretaker Government میں کافی پولیٹیکل لوگ وہ ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ پچھلی حکومت کے لوگوں کو اگر غلط بھی رکھے گئے ہیں تو نہ نکالا جائے۔ مجھے اس پہ کوئی اعتراض نہیں ہے۔ آپ نہ نکالیں۔ لیکن ہمارے صوبے کا جو مسئلہ ہے اس کو ٹھنڈے دل سے سوچیں۔ جونیجو صاحب کی حکومت میں بھی ہمیں پورا کوٹہ نہیں ملا۔ اس کے بعد کی حکومت میں نہیں ملا جو پیپلز پارٹی کی عوامی حکومت تھی۔ اب یہ ہے کہ اس کوٹہ میں جو کمی ہے وہ پوری کی جائے۔ ہمیں اس سے غرض نہیں کہ کتنے لوگ رکھے گئے ہیں۔

**جناب چیئرمین:-** وہ بات ہو گئی ہے۔

**سید فصیح اقبال:-** نہیں۔ یہ کہاں assurance دی ہے۔ وہ بلوچستان کی کمی پوری کر دیں۔ باقی میں تو کمی نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:-** انہوں نے کہا ہے۔

(مداخلت)

**جناب عبدالرحمن جمالی :-** اس کا ایک حل یہ ہے جو سینیٹر صاحبان مانگ رہے ہیں۔ ان کا یہ خیال ہے کہ جو کوٹہ کی کمی ہے وہ سینیٹرز کی سفارش پر دے دیں بس بات ختم ہوگئی۔

**جناب چیئرمین :-** آج تو بلوچستان والوں نے ہلّہ بول دیا ہے۔

**میر حسین بخش بنگلزئی :-** جناب چیئرمین! بلوچستان والوں نے کوئی ہلّہ نہیں بولا۔ بلوچستان تو اس قدر گیا گزرا ہے کہ جب کیبنٹ بنتی ہے تو چھبیس دن کے بعد بلوچستان کو یاد کیا جاتا ہے جبکہ اسلام آباد کے ریٹائرڈ بیوروکریٹس پہلی لسٹ میں یاد آتے ہیں۔ اور بلوچستان کو تیسری قسط میں یاد رکھا جاتا ہے۔ بلوچستان کا رونا ہم کہاں تک روئیں۔

**جناب چیئرمین :-** فاٹا کا تو ذکر ابھی تک نہیں آیا ان کو زیادہ شکایت ہونی چاہیئے۔

**میر حسین بخش بنگلزئی :-** فاٹا کے آٹھ ممبر ماشاءاللہ بیٹھے ہوئے ہیں ان کے منہ میں بھی زبان ہے میں آپ کی وساطت سے سرتاج عزیز صاحب کو ایک تجویز دینا چاہوں گا کہ یہ لسٹ جو میں نے دیکھی ہے اس لسٹ کے مطابق جو بھرتی ہوئے ہیں اس میں اکثر کوئٹہ شہر کے لوگ ہیں۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ اس کے بعد جب آپ بھرتی کا سلسلہ شروع کریں۔ تو اس وقت بلوچستان کے بیس ضلعوں کو سامنے رکھیں۔ بے شک ہر ضلع کے لوگ compete کریں اگر ضلع کی سطح پر نہیں آسکتا تو پھر ڈویژنل سطح پہ ہو سکتا ہے۔

**جناب چیئرمین :-** آپ کی تجویز یہ ہے کہ ضلعی کوٹہ بھی ہونا چاہیئے۔

**میر حسین بخش بنگلزئی :-** جناب کوٹے کی بات نہیں ہے مثلاً بلوچستان کے لیے دس نوکریاں نکلتی ہیں۔ تو ہر ڈویژن کو دو دو اگر دے دیں اور وہاں سے اگر دو سو آدمی اس competition میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین :۔ آپ کی تجویز یہ ہے کہ صوبائی کوٹہ کے اندر ڈویژنل کوٹہ بھی رکھا جائے

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ نہیں صوبائی کوٹے کو ڈویژنل انداز میں تقسیم کیا جائے تاکہ ڈویژنوں کو اس کے اندر نمائندگی ملے

جناب چیئرمین :۔ سوال یہ ہے کہ کیا حکومت اس پہ غور کرنے کے لئے تیار ہے

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ سوال یہ نہیں ہے، حکومت غور کرنے کے لئے تیار ہو یا نہ ہو ہماری طرف سے ایک تجویز ہے ۔

جناب چیئرمین :۔ یہ تو آپ سوال پوچھ رہے ہیں ، تجویز تو ہوگی آپ اب بتائیں کہ آپ کا سوال کیا ہے، ضمنی سوال کیا ہے ۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ سپلیمنٹری سوال نہیں ہے، ایک تجویز ہے اسی حوالے سے۔

جناب چیئرمین :۔ تجویز آپ سپلیمنٹری میں کیسے دے سکتے ہیں ۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ اس کی آپ نے جناب مجھے اجازت دے دی ہے ۔

جناب چیئرمین :۔ میں نے تو آپ کو سوال کی اجازت دی ہے تو سوال پوچھ لیں کہ اس کو زیر غور لانے کے لئے تیار ہیں ۔

میر حسین بخش بنگلزئی : تیار ہیں یا نہیں ہیں ۔

جناب چیئرمین :۔ جی وزیر صاحب، آپ ان کی تجویز کو زیر غور لانے کے لئے تیار ہیں ۔

جناب سرتاج عزیز :۔ اس کی کافی implications ہیں اور جب بھی اس پالیسی کے متعلق سوچا جائے گا تو دیکھیں گے لیکن ظاہر ہے کہ formally اگر آپ اس کو تقسیم کریں گے تو بہت سی الجھنیں پیدا ہوں گی لیکن ویسے اس کو مدِنظر رکھا جا سکتا ہے اور جو فصیح اقبال صاحب نے بات کی تھی پہلے اس کا جواب دینے کا موقع مجھے نہیں ملا۔ بات ان کی صحیح ہے کہ

اگر سابقہ quotar میں کمی رہ گئی ہے تو وہ بتدریج پوری کی جا سکتی ہے۔ فوری طور پر نہیں کیونکہ ظاہر ہے کہ اتنا بڑا back log ہے جو فوری طور پر تو پورا نہیں ہو سکتا۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ چونکہ انہوں نے پچھلی حکومت کا بھی حوالہ دیا تھا جو مسلم لیگ کی حکومت تھی، ۱۹۷۵ء سے ۱۹۸۰ء تک اس کی پالیسی کا ایک سب سے بڑا مقصد یہ تھا کہ رورل اور اربن ایریاز کے درمیان more developed areas اور less developed کے درمیان، اور امیر اور غریب کے درمیان جو فرق ہے اس کو پورا کیا جائے اور پانچ نکاتی پروگرام کا سب سے بڑا مقصد یہی تھا جیسا کہ ان کو معلوم ہے اس کے ساتھ جو resources تھے rural areas کے لئے وہ اے ڈی پی کے ۲۲ فیصد سے بڑھا کر ۵۴ فیصد تک کر دیئے گئے تھے اور یہ جو over all policy تھی میرا خیال ہے اس لحاظ سے اس میں کافی پیش رفت ہوئی تھی لیکن وہ عمل جلدی رک گیا اور مطلوبہ پیش رفت نہیں ہو سکی لیکن یہ جو اس وقت انہوں نے مطالبہ کیا ہے ظاہر ہے کہ اس میں یہ difficulties آئیں گی۔ کیونکہ بلوچستان کا کوٹہ پورا نہیں کیا گیا اور ظاہر ہے کسی دوسرے کی ذمہ داری ہم نہیں لے سکتے۔

میر حسین بخش بنگلزئی: کیا میں وزیر خزانہ صاحب سے یہ امید رکھوں کہ پچھلی پالیسی کی طرح جو انہوں نے ابھی ارشاد فرمایا رورل اور اربن، غریب اور امیر علاقوں کا لحاظ اپنی پالیسی کے اندر رکھیں گے۔

جناب سرتاج عزیز :۔ ان دو مہینوں میں تو رکھیں گے، آگے کا پتہ نہیں۔

سید فصیح اقبال :۔ عرض یہ ہے کہ جیسے تنگلنڈی صاحب نے فرمایا صوبائی حکومت کے رولز میں بھرتی کے قواعد موجود ہیں۔ ہر صوبے میں موجود ہیں کہ جب وہاں نوکریاں نکلتی ہیں تو ہر ڈویژن اور علاقے کا خیال رکھا جاتا ہے۔ یہ مرکزی حکومت کے علم میں بھی ہے کہ جب کبھی آپ کوئی بھرتی کرتے ہیں تو آپ کے پاس جتنی درخواستیں آتی ہیں ان میں یقیناً ڈومیسائل کا اندراج ہوتا ہے۔ یہ اس حکومت کا کام تھا جس نے یہ بھرتی کی ہے نہایت غلط کی ہے کیونکہ ایک تو کوٹے کا خیال نہیں رکھا دوسرے ان قواعد کی موجودگی کے باوجود ایسا کیا ہے۔ اس کے علاوہ جہاں تک ان کے پانچ نکات کا تعلق ہے جیسا کہ وزیر صاحب نے کہا وہ مسلم لیگ کا دور تو سنہری دور تھا لیکن سابقہ حکومت کے دور میں ہم لوگوں کو تکالیف رہیں اور ۱۸ مہینوں میں انہوں نے تمام اداروں کو ختم کر ڈالا۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ اس کو آپ درست کریں جہاں جہاں ناانصافیاں ہوئی ہیں ان کی تلافی کریں اور جو کچھ ہمارے صوبے کے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے وہ واقعی بہت بڑی ناانصافی ہے ایک بڑا back log ہے لیکن آپ دو مہینے میں بھی بہت کچھ کر سکتے ہیں اگر آپ شروع کر دیں تو لوگوں کو آپ کے attitude میں فرق نظر آئے کہ موجودہ حکومت بلوچستان کے ساتھ اچھا رویہ ہمدردانہ رویہ رکھتی ہے تو ہم اس سے بھی خوش ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین :۔ جی وزیر صاحب۔

جناب سرتاج عزیز :۔ جناب بات یہ ہے کہ بینکوں میں اتنی زیادہ بھرتی ہو چکی ہے کہ اب ان دو مہینوں میں large scale پر بھرتی ہو ہی نہیں سکتی every bank is over staffed. ہم تو آئندہ بھرتی کا جو سسٹم ہے اس کو ٹھیک کر رہے ہیں اور یہ ہمیں دو مہینے کے بعد پھر کہیں گے کہ جی آپ نے کوئی بھرتی نہیں کی۔

**جناب چیئرمین:** بالکل ٹھیک ہے، جی بریگیڈیئر قیوم صاحب۔

**بریگیڈیئر (ریٹائرڈ)، عبدالقیوم:** جناب وزیر خزانہ سرتاج عزیز صاحب نے ابھی فرمایا تھا کہ پانچ نکاتی پروگرام کے تحت کچھ ناہمواریوں کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ لیکن وہ پروگرام پھر بعد میں جلدی ختم کر دیا گیا اس لئے وہ نہیں ہو سکا۔ کیا یہ فرمائیں گے کہ وہ پروگرام کیوں جلدی ختم کیا گیا تھا۔

**جناب سرتاج عزیز:** وہ اسمبلی dissolve ہو گئی تھی، وہ حکومت بھی dissolve ہو گئی تھی۔

**بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم:** میں صرف اس لئے پوچھنا چاہتا تھا کہ انہوں نے فرمایا تھا۔ کہ یہ پانچ نکاتی پروگرام ٹھیک نہیں چلا اس میں خرابیاں تھیں اس لئے اس کو بند کیا گیا۔

**جناب سرتاج عزیز:** جناب یہ غلط بات ہے، وہ پروگرام تو بہت اچھا تھا۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال، سوال نمبر ۱۱۱۔

## REPAIR OF GOVERNMENT HOUSES IN G, 6, ISLAMABAD

***Mir Sohrab Khan Khoso:** [Mir Sahrab Khan Khoso]

111. Will the Minister Incharge of the Cabinet Division be pleased to state:

(a) the total expenditure incurred on the repairs including white-washing of quarters from category A to E in Sector G-6 Islamabad during 1985 to 1990;

[Mir Sohrab Khan Khosa]

(b) the total expenditure incurred on the salary and other allowances of the staff posted in the enquiry offices of the said sector during the above period ; and

(c) the amount recoverd from government employees on account of rent of the houses allotted to them in the said sector during this period?

**Answer**

(a) Rs. 13.757 Million.

(b) Rs. 13.197 Million.

(c) Rs. 17.320 Million

جناب چیئرمین :- کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔ وقفہ سوالات ختم ہوا۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین :- میر غلام حیدر تالپور نے چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۱۵ تا ۲۱ اگست رخصت کی درخواست کی کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں.

(رخصت منظور کی گئی)

## ADJOURNMENT MOTIONS

### i) *Re:* PRESSURE PUT BY IMF TEAM TO ENHANCE 'USERS CHARGES' ON WATER AND GAS.

جناب چیئرمین :- تحاریک التواء پروفیسر خورشید احمد، تحریک التواء نمبر ۶۹ -

**Prof. Khurshid Ahmed:** I seek leave of the House to move the ollowing adjournment motion:

According to the news item appeared in the daily 'Dawn' of 27th ugust, 1990, the visiting IMF team has asked the Caretaker Government o immediately enhance 'users charges' on water, gas and hospitals and has nked its compliance with the release of the last instalment of $ 200 million ut of $ 827 million structural adjustment loan. The IMF team is also eportedly insisting on increasing the prices of petroleum products and fees 1 the educational institutions. Though the officials in the Ministry of inance are understood to have pleaded with the IMF team not to link the elease of the last instalment of the said loan with any condition, the IMF eam is believed to have not responded favourably.

This being a matter of urgent national importance and of recent ccurrence, I beg to move that the normal business of the House be uspended to discuss this matter.

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

**جناب سرتاج عزیز:** جناب میں اس پر یہ گزارش کروں گا کہ یہ news item ابھی speculative ہے۔ IMF team ابھی آئی نہیں ہے، ہمیں پتہ نہیں وہ کیا کہیں گے ہمیں نہیں پتہ کہ ہم کیا کہیں گے۔ ابھی negotiating position تیار ہو رہی ہے اور کیا اس کا نتیجہ نکلے گا۔ اس وقت یہ ایسی سٹیج میں ہے کہ اس پر useful بات نہیں ہو سکتی

I will suggest that the member should not press his motion.

**جناب چیئرمین:** اس وقت تو یہ پوزیشن یہ ہے کہ IMF team کی طرف سے اگر کوئی pressure ہے تو حکومت نے تو ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا ہو گا۔

Negotiations must be going on.

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میری اس تحریک کا اصل مقصد دراصل یہ ہے کہ ملک کی موجودہ معاشی حالت اور خصوصیت سے بین الاقوامی پس منظر میں جو اہم developments ہوئی ہیں ہم انہیں نظر انداز نہیں کر سکتے اس پس منظر میں حکومت کے ہاتھ مضبوط ہوں گے۔ اگر democratic House اس معاملے پر بحث کرے، اور ملک کے سامنے بھی اور آئی ایم ایف کے سامنے بھی یہ بات آ سکے کہ پاکستان کن حالات سے گزر رہا ہے اور کون سی چیزیں ایسی ہیں کہ جن میں پاکستان adjustments کر سکتا ہے اور کن حالات میں نہیں کر سکتا اس لئے کہ پچھلی حکومت نے جس طریقے سے آئی ایم ایف کے آگے جس طریقے سے سپر ڈالی اور جس طرح ہماری معاشی پالیسیاں ان کے ہاتھوں میں چلی گئیں اور

جس طرح بجٹ سازی میں بھی ان کا دخل آگیا ان تمام کی بنا پر اس بات کا خطرہ ہے کہ یہ ٹیم ایسی شرائط impose کرنے کی کوشش کرے گی جو ملک کی معیشت کے لئے نقصان دہ ہوں اور ملک کے عام انسان کے لئے وہ بوجھ ناقابلِ برداشت ہوگا اس بنا پر میں نے اس بات کو ضروری سمجھا کہ اسے ایوان کے سامنے لاؤں گا اور میری نگاہ میں اس سے حکومت کی پوزیشن مضبوط ہوگی اس سے نقصان نہیں ہوگا میں budgetary پالیسیوں کی نزاکتوں سے واقف ہوں اور یہ بھی مجھے معلوم ہے کہ ابھی negotiations ہو رہی ہیں کوئی چیز طے نہیں ہوئی ہے لیکن اس اسٹیج کے اوپر اگر قومی آواز سامنے آ سکے تو شاید اس کا فائدہ ملک کے لئے educative ہو اور حکومت کے لئے اس کی پوزیشن کو strengthen کرنے کا باعث ہو اس پہلو سے وزیر موصوف غور کریں تو ٹھیک ہے ورنہ ٹیکنیکل بنیادوں کے اوپر ان کی جو بات ہے کہ یہ speculative ہے میں اسے speculative تو نہیں کہوں گا اس لئے کہ ٹیم موجود ہے اور negotiations ہو رہی ہے ۔

**Mr. Chairman:** Then I think the appropriate thing would be

کہ مناسب وقت پر جب آپ محسوس کریں اسے کمیٹی میں زیر بحث لے آئیں ۔

The Minister may consider taking the Finance Committee into confidence.

**Mr. Sartaj Aziz:** Actually the adjournement motion relates to one definite issue.

جناب چیئرمین :- اس سے وہ بھی اتفاق کرتے ہیں ۔

He also agrees that this is not competent.

**جناب سرتاج عزیز:** میں مشکور ہوں کہ اس سے وہ حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ میں صرف ایک یقین دہانی کرانا چاہتا ہوں کہ ہماری پالیسی یہی ہے کہ ہم وہ پالیسیاں اختیار کریں گے جو ملک کے مفاد میں ہوں گی صرف جو آئی ایم ایف کا پریشر ہے اس کے ساتھ ایسی بات نہیں ہو گی جو قومی مفاد کے منافی ہو جیسا کہ میں نے کہا کہ یہ اس وقت premature ہے بعد میں جب مناسب موقع آئیگا تو اس موضوع پر اور اس سے related economic policies پر واقعی بات ہو سکتی ہے لیکن اس وقت یہ premature ہو گا۔

**Mr. Chairman:** So as the Senator agrees that this is based on hypothetical considerations, it is ruled out on that ground. Next Adjournment Motion No. 71.

ii) *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SERVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

**پروفیسر خورشید احمد:** میں اس تحریک کو ہاؤس کے سامنے پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔ ایک اخباری خبر کے مطابق زرعی تحقیقاتی کونسل سے ایسے سینکڑوں ملازمین کو جو عرصہ سات سال سے ملازم تھے ملازمتوں سے برطرف کر دیا گیا ہے اور کوئی وجہ بھی نہیں بتائی گئی۔ یہ ایک فوری نوعیت کا اہم مسئلہ ہے اس لئے سینیٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اسے زیر بحث لایا جائے۔ اس سلسلے میں جناب والا! جس خبر کو میں نے بنیاد بنایا ہے وہ "جنگ" راولپنڈی میں ۱۸ اگست کو شائع ہوئی ہے اور میں نے اس کی نقل بھی دے دی ہے۔

ii) *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

**Mr. Chairman:** Would you like to make a statement on this.?

جناب سرتاج عزیز: یہ صحیح نہیں ہے بات یہ ہے کہ پی اے آر سی کا ایک پروگرام تھا جس کا نام تھا۔ Crop Maximization Programme کئی سالوں کے بعد یہ پراجیکٹ ۳۰ جون کو ختم ہوگیا اور ظاہر ہے جو ملازمین اس پروگرام کے اندر تھے وہ permanent تو نہیں تھے اس لئے قانونی کاروائی پوری کرنے کے لئے ان کو نوٹس دیئے گئے لیکن actually کوئی terminate نہیں ہوا کیونکہ ان میں سے ۲۰ افراد ایسے تھے۔ جن کو Provincial government سے لایا گیا تھا وہ واپس چلے گئے اور باقی ۸۰ کے ۸۰ کو جو ایک دوسرا پروگرام ہے جس کا نام Operational Research Programme ہے اس میں absorb کر لیا گیا ہے اور وہ نوٹس جو ایشو کئے گئے تھے وہ ان پوسٹوں اور پراجیکٹ کے اندر تھے لیکن actually ان کی services میں کوئی interruption بھی نہیں آئی جس دن سے وہ terminate ہوئے تھے اسی دن سے وہ دوسرے پراجیکٹ کے اندر آگئے ہیں۔ اس لئے میرے خیال میں اس کی کوئی justification نہیں ہے کیونکہ یہ partial information اور inaccurate information کرتی ہے۔

**Mr. Chairman:** Prof. Sahib, in view of this statement, you would like to say something.

**پروفیسر خورشید احمد :-** اگر کسی ملازم کو برطرف نہیں کیا گیا یا اسے re-absorb کر لیا گیا ہے یا جہاں سے وہ ملازم آیا تھا واپس کر دیا گیا ہے تو مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

**Mr. Chairman:** So, not pressed in the light of the statement of the honourable Minister. Next Adjournment Motion No. 72.

**جناب محمد طارق چوہدری :-** بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! میں تحریک کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ وزارت تجارت کے شعبہ Export promotion bureau نے نیویارک میں تقریباً تینتیس ہزار ڈالر ماہانہ کے کرایہ پر ایک فلور حاصل کیا تھا جو پاکستانی مصنوعات کو display کرنے کی غرض سے لیا تھا ۔ حال ہی میں سنٹر ناکام ہو گیا اور مصنوعات کو وہاں سے ہٹایا گیا لیکن عمارت کے مالک سے کئے گئے معاہدے کو ختم کرنے کے لئے کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی جس کی وجہ سے لاکھوں روپے ہر ماہ قومی خزانے کو نقصان پہنچتا رہے گا ۔ لہٰذا اس مسئلے پر فوری بحث کی جائے ۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed?

**چوہدری امیر حسین :-** میں اس کو oppose کرتا ہوں اور request کرتا ہوں چونکہ کامرس منسٹر موجود نہیں ہیں تو اس کو کسی اور دن رکھ لیا جائے جس دن وہ موجود ہوں ۔

ii). *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

جناب چیئرمین :- کیوں جناب طارق چوہدری صاحب ۔ اس طرح کرتے ہیں کہ آپ بیان
کردیں تاکہ ان کو بھی پتہ چل جائے کہ واقعات کیا ہیں اور وزیر صاحب کو بھی پتہ چل جائے ۔

جناب محمد طارق چوہدری :- دلچسپ یہ دلچسپ بات ہے انہوں نے oppose
پہلے کرلیا یہ پتہ بھی کچھ نہیں ہے کہ وزیر صاحب ہیں یا نہیں ہیں اور oppose میں کررہا
ہوں یہ ایک عجیب وغریب صورت حال ہے جس کی کبھی ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ کوئی آدمی ادھر بیٹھ کر
جونہی ادھر جاتا ہے اس کے اندر اچانک کونسی بیٹری فٹ ہو جاتی ہے کہ ایک ہی راگ اس نے
الاپنا ہوتا ہے اس میں اس نے کوئی معقولیت اور نامعقولیت کو نہیں دیکھنا ہوتا یہ بہر حال حیرت
انگیز ہے اور امیر صاحب سے تو یہ مجھے بالکل عجیب لگا ۔

جناب چیئرمین :- میرا خیال ہے آپ اس کو explain کردیں۔

and then we can defer it.

جناب محمد طارق چوہدری :- جناب چیئرمین ! Export Promotion Bureau
نے ایک تو اپنی پاکستانی مصنوعات کو display کرنے کے لئے نیویارک میں (اب مجھے
صحیح location کا پتہ نہیں ہے) ہٹن میں ایک فلور کرایہ پر لیا اور حیرت انگیز بات ہے کہ
مصنوعات کو display کرنے کے لئے یہ سترھواں فلور تھا یعنی سترھویں فلور کو حاصل کیا گیا پاکستانی
مصنوعات کو display کرنے کے لئے ۔ اب آپ ذرا تصور کریں کونسی وہ attraction
ہوگی اور کونسی وہ مجبوری ہوگی کہ کوئی آدمی ہٹن میں آئے اور سترھویں فلور پہ جائے اور وہاں
جاکر پاکستان کی مصنوعات دیکھے ۔ اور پھر ان کی خریداری کا آرڈر دے اور سترھویں فلور یہ جگہ

[Mr M::hammad Tariq Chaudhry]

تیس ہزار ڈالر ماہانہ کرایہ پہ لی گئی ہے۔ آپ تصور کریں۔ کہ یہ ایک ماہ کے چھ لاکھ روپے بنتے ہیں اور دس سال کا اس کے ساتھ معاہدہ کر لیا گیا چار سال کے بعد پتہ چلا کہ نہ یہاں پر کوئی visitor آتا ہے نہ دیکھتا ہے اور نہ کسی نے اس کے لئے آرڈر دیا ہے نہ کوئی اس کی پروموشن ہوئی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں سے سامان کو اٹھا کر پاکستان کا consulate جو ہے وہاں پر ڈال دیا گیا اب وہ دس سال کا کنٹریکٹ ہے مالک جو ہے وہ کہتا ہے کہ کرایہ دیتے جاؤ اور یہ کرایہ دیتے جا رہے ہیں پھر انہوں نے ایک وکیل کو contact کیا۔ وکیل سے کہا کہ اس سے ہماری جان چھڑوا دو اس نے کہا کہ میں ایک سو ڈالر فی گھنٹہ فیس لوں گا اس میں چار گھنٹے لگیں یا پانچ گھنٹے لگیں میں آپ کا یہ معاہدہ ختم کرا دوں گا اس کے ساتھ ہمارے سفارت خانے کی طرف سے یہ بات ہوتی رہی انہوں نے کہا کہ یہ جو ۳۰ ہزار ڈالر ہم ماہانہ دیتے ہیں یہ فنڈ جو ہے اس کی allocation تو ہمیں ہو چکی ہے لیکن جو ۵۰۰ ڈالر آپ کو دیں گے وہ ہم کہاں سے دیں گے اس نے کہا کہ اگر آپ مجھ کو پانچ سو ڈالر نہیں دیں گے تو میں مفت میں کام نہیں کرتا میں تو اپنی فیس لیتا ہوں اس پر آپ ذرا تصور کریں۔ وہ جو کہتے ہیں۔ peny wise pound foolish

تو یہ چیز ہے جس کی وجہ سے میں نے یہ چیز آپ کے نوٹس میں لانا ضروری سمجھی اگر یہی صورت حال رہی تو ایک سال میں ۷۲ لاکھ اور اگلے چھ سال میں ۵ کروڑ روپے جو ہیں وہ ادا کریں گے۔ لیکن ہم دس ہزار روپے دینے کے لئے تیار نہیں ہوئے یہ بھیانک صورت حال ہے جس کو درست کرنے کی فوری ضرورت ہے اور ان کو ابوز کرنے کا شوق ہے۔

ii) *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

**جناب چیئرمین** :- بہر حال یہ وزیر صاحب آئیں گے کم از کم واقعات ان کو پتہ چل گئے ہیں ۔ تو اس کیس کو examine کر کے آپ کو جواب دے دیں گے۔ Now we will defer it اب میرا خیال ہے اتوار کو ہی اجلاس ہوگا۔

So, we will take it up on Sunday. It brings us to the end of the Adjournment Motions.

**سید فصیح اقبال** :- پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین صاحب مجھے ایک بڑی ضروری بات کرنی ہے کل ملک میں ایک افواہ پھیلائی گئی تھی اس سلسلے میں کل ایک call attention notice دیا گیا تھا جس میں وزیر موصوف نے حکومت کی طرف سے جواب دیا تھا اور ہمارے mover جس میں طارق چوہدری صاحب ہیں اور یہ وضیر خورشید صاحب نے جو کچھ کہا، ٹیلی ویژن کے خبرنامے میں اس کا بائیکاٹ کیا اور یہ پہلا موقع نہیں ہے اس لیے ہم مکمل طور پر اس کا بائیکاٹ کرتے ہیں ۔ میں ایک مرتبہ نہیں تین مرتبہ آپ کے نوٹس میں لایا ہوں جس دن وزیراعظم صاحب تشریف لائے تھے اس دن بھی انہوں نے وزیراعظم کی تقریر کی پوری کوریج نہیں دی اور لیڈر آف دی ہاؤس کی خبر پوری نہیں دی اور کل آپ کا ایک انٹرویو آیا تھا اور آج کی صورت حال میں جب اسمبلی نہیں ہے ۔ اس سلسلے میں میں نے خود دیکھا کہ وہ کل نیوز میں بڑا relevant تھا۔ یہ ہمیشہ ایک professional چیز ہے ایسی خبروں میں جہاں embargo انٹرویو ہوں اس کے synopsis دیئے جاتے ہیں ۔ لیکن کل آپ کے انٹرویو کا بھی National News Bulletin

[Syed Feseieh Iqbal]

میں ذکر نہیں تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک بڑی سازش ہے اور ہاؤس کی توہین کرنے کے سلسلے میں ٹی وی کا ہمیشہ سے ایسا رویہ رہا ہے ۔ میں ابھی تک یہ سمجھتا ہوں کہ پچھلے ۱۸ مہینے میں ہم نے جو ٹیلی ویژن کو دیکھا ہے ۔ اس میں ابھی تک کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے ۔ خبرنامے میں وہی پرانا انداز ہے ، اس پر میں اس کا بائیکاٹ کرتا ہوں ، ایک اتنی بڑی ملکی خبر تھی جسے اخبارات نے تو آج carry کیا ہے ، لیکن ٹیلی ویژن نے اسے پیش نہیں کیا ، اس کا فرض تھا کہ جن لوگوں نے یہ کیس move کیا تھا ، ان کا ذکر نہ بھی ۔ البتہ حکومت کا موقف تو پیش کیا جاتا ، کہ حکومت اس سلسلے میں کیا کر رہی ہے ، اس کا مطلب یہ ہے کہ بیشک یہاں تقریریں ہوں ، ان کے جواب میں جو حکومت کا موقف پیش کیا جائے وہ بھی ٹیلی ویژن پہ نہ آئے تو میں اس پہ ٹیلی ویژن کے اس عملے کی پرزور مذمت کرتا ہوں ، اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک سازش کے تحت ہوا ہے ۔ ہاؤس کو چاہیئے کہ وہ اس کا نوٹس

<u>جناب چیئرمین</u> :۔ شکریہ پروفیسر خورشید احمد ۔

<u>پروفیسر خورشید احمد</u> :۔ جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ فصیح اقبال صاحب نے جس طرف آپ کی توجہ دلائی ہے وہ بہت serious معاملہ ہے ۔ مجھے بالعموم نیوز سننے کا موقع نہیں ملتا ، لیکن کل آپ نے کمال عنایت سے ایوان کو ذرا جلدی چھٹی دے دی تھی ، تو میں نے خود بھی نیوز دیکھی اور سنی ہیں اور مجھے اتنا تعجب ہوا ہے کہ سینیٹ کی کارروائی بیان کرتے کرتے کہا گیا کہ ایک call attention notice بھی " اور اس کے بعد ختم ، یعنی یہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے deliberately اس چیز کو

ii) Re: REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL

دبانا مقصود تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی فوری انکوائری ہونی چاہیئے، جو نیوز ریڈر تھا یا جو بھی پروڈیوسر responsible تھا، اس سے جواب طلبی ہونی چاہیئے، ہمارے سینیٹ کے سامنے یہ بات آنی چاہیئے کہ ایسا کیوں کیا گیا، سینیٹ نے ایک مسئلہ کو اہم سمجھ کر اٹھایا، اس پہ تین سینیٹروں نے بات کی، پوری سینیٹ نے ایک positive response دیا، وزیر متعلقہ نے اس ساری پوزیشن کو واضح کیا، کیا یہ چیز اتنی اہم نہیں تھی کہ اس کو نیوز میں لایا جاتا۔ اور پھر جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ میں نے خود دیکھا ہے کہ گھبراہٹ کے سے عالم میں ذکر کیا گیا کہ ایک کال اٹینشن نوٹس بھی لیا گیا، اور بس ختم۔۔۔ کس بات کا call attention notice تھا، اس پر کون کون بولے، گورنمنٹ نے اس کے جواب میں کیا بات کہی، اس پر کن خطرات کا اظہار کیا گیا، یہ سب چیزیں غائب تھیں، تو یہ چیز ایسی نہیں ہے کہ اس کو lightly لیا جائے، میں خود بھی اس پر احتجاج کرتا ہوں، اس کی مذمت کرتا ہوں، اور مطالبہ کرتا ہوں کہ حکومت اس معاملے کی جلد از جلد انکوائری کر کے ایوان کو اعتماد میں لے اور یہ بتائے کہ ایسا کیوں ہوا۔

جناب چیئرمین: طارق صاحب اس پر آپ بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب والا! میں صرف وہی کہنا چاہتا تھا جو کہ پروفیسر صاحب نے کہہ دیا ہے۔

**Mr. Chairman:** Any Minister would like to respond?

**چوہدری امیر حسین :-** جناب والا! مجھے اپنے دوستوں سے ۔۔۔۔۔۔۔

**جناب چیئرمین :-** ایک منٹ وزیر قانون صاحب، محمد علی خان صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

**جناب محمد علی خان :-** میں اپنے دوستوں اور بھائیوں کا اس ضمن میں ہم نوا ہوں، ہمارا تو یہ خیال تھا کہ Interim Government آگئی ہے۔ اس طرح سے حالات میں خوشگوار تبدیلی آگئی ہے، لیکن جہاں تک الیکٹرانک میڈیا کا تعلق ہے، میں یقین واثق سے آپ کی خدمت میں عرض کر سکتا ہوں کہ اس میں کسی قسم کی بھی کوئی خوشگوار تبدیلی نہیں آئی ہے، بلکہ اس میں وہی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ جو پچھلے دور میں بٹھلائے گئے تھے اور اس زمانے میں کوئی بھی جب defection کرتا تو کم از کم اسے دس بارہ منٹ ملتے اور یہاں ایک genuine چیز ہوگئی۔ ایک غلط پراپیگنڈہ ہوگیا اس کی تردید august House میں کی گئی، اور آج صرف ایک ہی پورے ملک میں ہاؤس ہے جس کا اجلاس جاری ہے۔ اب اراکین کی تقاریر کے بعد وزیر موصوف نے بھی جناب والا، باقاعدہ اس کی explanation دی، چاہیئے تو یہ تھا کہ اگر وہ اس کی headline نہ دیتے تو کوئی بات نہیں تھی، البتہ یہاں جو کچھ کہا گیا ہے اس کے بارے میں پورا بیان ٹی وی پہ آجاتا، تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جاتا کہ کس قسم کی سازش کی گئی تھی۔ اس کا اثر لازماً آزاد کشمیر کے الیکشن پر بھی پڑنا تھا، لیکن خداوند تعالیٰ کا فضل تھا کہ وہ چیز نہ ہو سکی، اور ان کو منہ کی کھانی پڑی۔ شکریہ!۔

ii) *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

جناب چیئرمین :۔ ملک فریداللہ خان ۔

ملک حاجی فریداللہ خان :۔ جناب والا! مجھے تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ کل جو یہاں افواہ پھیلائی گئی تھی اس کے بارے میں ٹیلی ویژن نے جو رویہ اختیار کیا ہے، یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اور اس سے زیادہ اور افسوسناک صورت حال کیا ہو سکتی ہے کہ جب ملک میں دوسرے انتخابی ادارے بھی موجود نہیں ہیں اور سینیٹ میں کل ایک اتنا ضروری مسئلہ اٹھایا گیا، اس کا ٹیلی ویژن نے نوٹس نہیں لیا۔ جناب والا! مسئلہ یہ تھا کہ پوری قوم کو ایک ہیجان میں مبتلا کیا گیا، اور اس کی یہاں مذمت کی گئی، ٹیلی ویژن نے اس کا نوٹس ہی نہیں لیا۔ مجھے تو بہت افسوس ہے، میری تو Caretaker Government سے یہی گزارش ہے کہ ان لوگوں کو ذرا ہمارے آگے پیش کریں کہ کب تک یہ سازشیں کھیلتے رہیں گے۔ جناب والا! سینیٹ کو deliberately انہوں نے ignore کیا ہوا ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ سینیٹ کی جو اہم باتیں ہیں، جو بحث مباحثے ہیں۔ ان کو ٹی وی کے خبر نامے میں مناسب مقام دیا جائے۔

سید فصیح اقبال :۔ جناب چیئرمین! میں اس سلسلے میں ایک وضاحت کر دوں، چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی برائے Information and Broadcasting کی حیثیت سے میں ہاؤس کے نوٹس میں یہ بات لاتا ہوں کہ جب یہ پروگرام شروع کیا جا رہا تھا، اس وقت اس کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ سینیٹ کی کارکردگی . . . جس طرح سے آپ کے پروگرام کا کل جو انہوں نے مذاق اڑایا ہے، یہ پروگرام دکھانے کے باوجود اس کا نیوز میں کسی جگہ ذکر

[Syed Fasaih Iqbal]

نہیں کیا گیا، تو اس پر میں ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کی توہین برداشت نہ کرتے ہوئے میں ٹیلی ویژن کے کسی بھی پروگرام میں آنے کے لئے تیار نہیں ہوں، نہ ہی میں کسی سینیٹر صاحب کو ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کرنے کا مشورہ دوں گا۔ یہ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے یہ پروگرام انہوں نے ہمیں خوش کرنے کے لئے شروع کیا ہے، میں اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ ہمیں کوئی talk کی ضرورت ہے، ہمیں تو صرف عوام کو بتانا تھا۔ لیکن جو رویّہ آپ کے پروگرام کے بارے میں اختیار کیا گیا، وہ نہایت ہی افسوس ناک ہے۔

جناب والا، اس بات کی بھی وضاحت ہونی چاہیئے کہ جب یہاں وزیراعظم صاحب تشریف لائے تھے، تو یہ پہلی مرتبہ اس ہاؤس میں تشریف لائے تھے، انہوں نے جو یہاں تقریر کی اور پھر ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس، جناب محمد علی خان نے تقریر کی، انہیں ٹی وی پہ بالکل ایسے دکھایا گیا کہ جیسے یہ کسی دوکان کے اندر گئے ہیں، اور وہاں تھوڑا سا افتتاح کر کے آئے ہیں۔ کم از کم ان کی تقریر ہی دے دیتے، اس لئے مجھے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ یہ سلسلہ متواتر چل رہا ہے، لہٰذا میں ٹیلی ویژن کے کسی بھی پروگرام میں نہیں آؤں گا۔ آپ کے حوالے سے کل جو انہوں نے کارروائی کی، اس سلسلے میں عرض ہے کہ آپ نے اپنے انٹرویو میں بتایا تھا۔ کہ اس وقت نیشنل اسمبلی نہ ہونے کی وجہ سے سینیٹ کی کیا کارکردگی ہے اور انتخابی عمل کے سلسلے میں سینیٹ کا کیا کردار ہے مگر اس کے بارے میں انہوں نے خبر نامے میں کسی بھی جگہ خبر نہیں دی، تو اس سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ یہ بہت بڑی سازش ہے اس میں جو بھی لوگ ملوث ہیں، مجھے پتہ نہیں ہے کہ اس میں کتنے professionals اور کتنے

ii) *Re:* REMOVAL OF EMPLOYEES FROM SURVICES IN THE AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL.

Non-professionals لوگ ملوث ہیں۔ ان سے پوچھ گچھ کی جائے اور جب تک اس بات کا ازالہ نہیں ہوگا، ہماری تسلی نہیں ہوگی، میں چاہوں گا کہ وزیر صاحب اس کا جواب دیں، پھر اس کی تحقیق کریں اور اس کی اطلاع ہاؤس کو دیں۔

جناب چیئرمین:۔ چوہدری امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین:۔ جناب چیئرمین! مجھے اپنے دوستوں کے جذبات کا احترام ہے اور میں اس بات سے بالکل متفق ہوں کہ سینیٹ کی کارروائی کو درست طور پر ٹیلی ویژن اور دوسرے تشہیر کے اداروں کو نشر کرنا چاہیے، لکھا جانا چاہیے اور عوام کو بتانا چاہیے۔

جناب والا! میں جناب کے سامنے یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ قومی اسمبلی کی غیر موجودگی میں خاص طور پر سینیٹ کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ اس وقت یہ واحد ادارہ ہے جس میں عوامی نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ قومی اسمبلی کی موجودگی میں بھی پوری قوم فخر کرتی تھی کہ سینیٹ کی کارکردگی بہت بہتر ہے اور آج کے حالات میں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ سینیٹ جس طرح سے کام کر رہی ہے، اس کا جتنا حصہ بنتا ہے، اس سے بھی زیادہ موقع دینا چاہیے تاکہ عوام کے نمائندوں کی آواز قوم تک پہنچ سکے، مجھے افسوس ہے کہ سینیٹ کی کارروائی درست طور پر نہیں دکھایا گیا، جیسے کہ میرے دوستوں نے اس کے متعلق واک آؤٹ کیا ہے، چونکہ وزیر متعلقہ آج ایوان میں موجود نہیں ہیں، میں ان کے نوٹس میں یہ بات لاؤں گا اور ان سے یہ کہوں گا کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سینیٹ کی کارروائی درست طور

[Ch Amir Hussain]

پر دکھائی جائے اور کل کا جو واقعہ ہوا ہے اس کی باقاعدہ طور پر تحقیقات کرائیں اور جو ذمہ دار افراد ہیں ان کے خلاف مناسب اقدام کریں۔ پھر سینیٹ کو اس بات سے مطلع فرمائیں کہ انہوں نے اس بارے میں کیا کیا ہے۔ شکریہ!۔

جناب چیئرمین :۔ شکریہ! آئٹم نمبر ۳، صاحبزادہ الیاس صاحب ،

پروفیسر خورشید احمد :۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین :۔ جی، جناب پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ قبل اس کے کہ آپ ایجنڈے کی طرف آئیں میں ایک دوسرے مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اسلام آباد فائرنگ کیس، جس کا کہ اس ایوان نے اسی وقت نوٹس لیا تھا، اور اس کے اوپر بھرپور بحث کی تھی، اس کی رپورٹ دو دن پہلے شائع ہوئی ہے اور اس رپورٹ میں Judicial inquiry نے اس بات کو واضح کر دیا ہے کہ وہ ایک مذہبی جلوس تھا اس کے کوئی سیاسی مقاصد نہیں تھے، اور جس طریقے سے اس کے اوپر حکومت نے فائرنگ کروائی، جس سے سات افراد شہید ہوئے اور جنوں افراد زخمی ہوئے، اس رپورٹ میں اس بات کا اظہار کیا گیا ہے کہ اس جلوس کو اس سے کہیں زیادہ بہتر طریقے سے tackle کیا جا سکتا تھا، دوسرے الفاظ میں یہ حکومت کا failure ہے۔

اس وقت کے وزیر داخلہ نے یہ وعدہ کیا تھا کہ رپورٹ جب آئے گی تو اسے ایوان میں زیر بحث لایا جائے گا۔ یہ بھی کہا تھا کہ رپورٹ کے جو مندرجات ہوں گے، اس پر عمل کریں گے۔ اور یہ بات بھی کہی تھی کہ رپورٹ میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی سب کے سامنے آ جائے گا

کہ وہ کون سے محرکات تھے اور کون سی قوتیں اس کے پیچھے تھیں ، اب یہ رپورٹ آ گئی ہے ایک
اور بات ہے کہ رپورٹ چھ مہینے تک پچھلی حکومت دبا کے بیٹھی رہی اور عبوری حکومت
نے نیک کام کیا ہے جو رپورٹ کو شائع کر دیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس رپورٹ کو
زیر بحث لایا جائے اور نئے وزیر داخلہ ایوان میں اسی سیشن کے اندر اس کو پیش بھی
کریں تاکہ اس پہ گفتگو ہو سکے ؛

**Mr. Chairman:** Next item is item No. 3, Janab Sahibzada Ilyas.

## MOTION UNDER RULE 171 (1)

**Sahibzada Mohammad Ilyas:** Sir, I beg to move:

"that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the time for presentation of report of the Standing Committee on the Constitution (Eleventh Amendment) Bill, 1989, be condoned till today."

**Mr. Chairman:** It has been moved by Sahibzada Muhammad Ilyas:

"that under sub-rule (1) of Rule 171 of the Rules of Procedure and conduct of Business in the Senate, 1988, the time for presentation of report of the Standing Committee on the Constitution (Eleventh Amendment) Bill, 1989, be condoned till today."

*(the motion was adopted)*

**Mr. Chairman:** The delay stands condoned. Item No. 4, Sahibzada Muhammad Ilyas.

REPORT ON THE CONSTITUTION (ELEVENTH AMENDMENT) BILL, 1989---- PRESENTED.

**Sahibzada Muhammad Ilyas:** Sir, I beg to present:

"report of the Standing Committee on the Constitution (Eleventh Amendment) Bill, 1989."

جناب چیئرمین :- The report stands presented. جی ڈاکٹر نور جہاں
رپورٹ آگئی ہے اس کے بارے میں جو بھی آپ اقدام کرنا چاہیں مشورہ سے کریں تاکہ
آپ کا یہ جو بل ہے یہ ایوان میں جلدی زیر بحث لایا جا سکے The report is now
کیونکہ آپ چاہتی تھیں how you want to take it up ... before the House
کہ جلدی ہو ۔

In fact, now that you are in the Government you could even consider this moving as a government Bill. If you feel so.

**Dr. Noor Jehan Panezai:** Definitely Sir.

جناب چیئرمین :- Definitely کی بات نہ کریں کیونکہ آپ کو کابینہ کی منظوری
لینا ہوگی ۔ لیکن بہرحال . . . .

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی :- میں اس کے لئے کابینہ کی سیٹ چھوڑنے کو
تیار ہوں ۔ اس Important issue کے لئے . . .

جناب چیئرمین :۔ شکریہ ۔ جی جناب نواب جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ جناب چونکہ اس مسئلہ پر کمیٹی کی رائے یہ ہے ۔ کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر جلد از جلد اسلامی نظریاتی کونسل کی رائے لی جائے ۔

جناب چیئرمین :۔ یہ تو ایوان فیصلہ کرے گا جب معاملہ ایوان میں آئے گا تو ایوان فیصلہ کرے گا کہ کیا کرنا ہے ۔

It is upto the House now

اگر ایوان فوری بحث کرنے کا فیصلہ کرے تو اس کے لیے ایک خاص majority چاہیے ۔

If you want to discuss it straightaway, the House is competent. So it is upto the House.

فیصلہ ایوان نے کرنا ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : میں یہی چاہتا ہوں کہ بجائے اس کے کہ وقت ضائع ہو۔ کیوں نہ ہم آج ہی ایوان . . . . . . .

جناب چیئرمین : نہیں آج یہ نہیں ہو سکتا ۔

It has to be by a proper motion and then the movers have to decide what to do?

آج نہیں ہو سکتا کیونکہ ایجنڈا پر نہیں ہے ۔

[Mr.Chairman]

اس کے لئے باقاعدہ موشن آئے گی جو بھی آپ کرنا چاہتے ہیں۔

but if you want to inform the mover that the report has come because the lady was very keen that this matter should be taken on urgent basis.

اس لئے میں نے آپ کو بتادیا ہے۔

**Mr. Muhammad Ali Khan:** Sir, in the Urdu translation my name has been written wrong Sir.

**جناب چیئرمین:۔** اس رپورٹ میں۔

**Mr. Muhammad Ali Khan:** They have stated it as Malik Muhammad Ali Khan and Malik Muhammad Ali Khan is from the Punjab and not myself.

**جناب چیئرمین:۔** تو یہ درست تصور کیا جائے۔ جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ...
غیر حاضر۔ حسن اے شیخ صاحب .... غیر حاضر۔ جی جناب بنگلزئی صاحب

**میر حسین بخش بنگلزئی:۔** جناب چیئرمین! یہ جو محترمہ نورجہاں صاحبہ کا بل ہے اسے اگر یہ ہاؤس پاس کرنا چاہے تو two third majority چاہیئے ناں جی۔

**جناب چیئرمین:۔** جی ہاں جی۔ بالکل صحیح ہے۔ آپ نے صحیح فرمایا۔
جی جناب ملک فرید اللہ خان صاحب۔

## DISCUSSION ON THE DISSOLUTION OF THE NATIONAL ASSEMBLY.

**ملک فرید اللہ خان** :۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ جناب اس موضوع پر محترم دوستوں نے اتنی تفصیل سے گفتگو کی ہے کہ میرے کہنے کے لئے کچھ باقی نہیں رہا۔ میں اختصار کے ساتھ اتنی گزارش کروں گا کہ یہ حالات کیوں واقع ہو گئے کہ صدرِ محترم نے قومی اسمبلی اور حکومت کو ختم کیا۔

---

*[At this stage the Chairman vacated the Chair which was occupied by the Deputy Chairman [Syed Muhammad Fazal Agha].*

---

**ملک فرید اللہ خان** :۔ جناب والا! اگر ہم پیپلز پارٹی کی ۲۰ ماہ کی کارکردگی کو دیکھتے ہیں تو ہمیں یہی نظر آتا ہے کہ ہر مقام پر انہوں نے آئین اور قانون کی خلاف ورزیاں کی۔ آئین اور قانون کا مذاق اڑایا۔ اور یہی وجہ تھی کہ آئین کا ہتھوڑا ان کے سر پہ لگا۔ مجھے افسوس ہے کہ ہمارے وہ دوست آج یہاں موجود نہیں ہیں اور جیسے ہمارے قائد ایوان فرماتے ہیں کہ جان بوجھ کر نہیں آتے ہیں میں یہی کہوں گا کہ دو سال تک سینیٹ جیسے اہم ادارے کو انہوں نے وہ اہمیت نہیں دی جو اس کا حق تھا اس کے خلاف مقدمات دائر کئے گئے۔ سینیٹ کی اتھارٹی کو چیلنج کیا گیا اور جیسے کہ ان کے رویئے سے ظاہر ہے وہ آج بھی دل سے سینیٹ کے وجود کو تسلیم نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین! دو سال میں اہم امور کو پس پشت ڈالا گیا۔ آئین کے جو تقاضے تھے ان کو پورا نہیں کیا گیا۔ صوبوں کے ساتھ محاذ آرائی کی پالیسی اختیار کی گئی، مشترکہ مفادات کی

[Malik Faridullah Khan]

کی کونسل جیسے اہم ادارے کا اجلاس نہیں بلایا گیا صدر محترم نے اپنی سابقہ تقریر میں واضح الفاظ میں حکومت کی خامیوں کو جوائنٹ سیشن میں پوائنٹ آؤٹ کیا۔ لیکن انہوں نے اس سے بھی کوئی سبق حاصل نہیں کیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ صدر مملکت نے جو اقدام کیا ہے وہ آئینی ہے اگر ان کو اعتراض ہے تو جیسا کہ بارہا ہم نے ان کے وزراء سے یہ سنا اور جب بھی ہم نے ان پہ کوئی اعتراض کیا تو اس وقت کی وزیر اعظم نے یہ کہا کہ اگر کوئی کرپشن کا الزام ہو تو آپ عدالتوں میں جائیں۔ گو آئین کی وضاحت کے لئے عدالت سب سے بہتر جگہ ہے۔ اس لیے جناب چیئرمین!

اگر وہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ کوئی زیادتی ہوئی ہے تو عدالتوں سے بہترین جگہ اور کون سی ہو سکتی ہے وہاں جائیں، صدر مملکت وفاق پاکستان کی علامت ہیں اور ہمارے تو وہ بہت قریب رہے ہیں۔ ہم نے ان کو بہت نزدیک سے دیکھا۔ بحیثیت چیئرمین سینیٹ اور ان کی ہر رولنگ پہ ہم نے یہی محسوس کیا کہ وہ قاعدے اور آئین کے مطابق ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ ان کی جو ذات ہے یا ان کا جو کیریکٹر ہے وہ گزشتہ چالیس برسوں پہ محیط ہے ایک بیوروکریٹ کی حیثیت سے، ایک وزیر کی حیثیت سے، چیئرمین سینیٹ کی حیثیت سے، اور پھر صدر پاکستان کی حیثیت سے ہم ان کی ذات کے اوپر شک و شبہ نہیں کر سکتے ان کی integrity اس سے بالا ہے۔ انہوں نے جس ثابت قدمی کے ساتھ جس حوصلے کے ساتھ، جس صبر کے ساتھ گزشتہ ۲۰ ماہ کا جائزہ لیا ہم جیسا کوئی سرپھرا ہوتا تو دوسرے مہینے اسمبلیوں کو تحلیل کر دیتا۔ لیکن وہ چارج شیٹ بناتے رہے، مکمل کرتے رہے، حکومت کو باربار متنبہ کرتے رہے۔

جناب چیئرمین! ایک عجیب بات ہے کہ آج بھی اخبارات میں ان کے بیانات آتے ہیں

کہ جناب بیس دن گزرنے کے بعد ہماری حکومت کے خلاف کوئی چیز پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچی۔ میں ایک واقعہ کا خود چشم دید گواہ ہوں۔ ہمارے علاقے میں افغان مہاجرین کے مختلف ہیں اور کوئی ۷۰ فیصد مہاجرین ہمارے علاقے میں مقیم ہیں۔ یو این ایچ سی آر یعنی United Nations High Commissioner for Afghan Refugees کی ایک ٹیم وزیرستان میں آئی تو ہم نے ان سے یہی کہا کہ آپ لوگوں نے امداد میں کمی کی ہے اور مہاجرین کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے کہ اتنی قربانیاں دینے کے باوجود آج ان کی امداد میں کمی کی جا رہی ہے تو یو این ایچ سی آر والوں نے کہا کہ جی امداد میں کمی نہیں ہوئی۔ بلکہ اس وقت کے جو وزیر انچارج تھے اس نے تو مہاجرین کی رضائیاں تک فروخت کر دی ہیں۔ امداد تو جاری ہے لیکن امداد راستے میں خورد برد ہو جاتی ہے، امداد کم نہیں نہیں ہوئی۔ اب جناب والا! یو این ایچ سی آر جیسا ادارہ یہ الزامات لگائے کہ جناب وہ امداد خورد برد ہو رہی تھی تو اس وقت کی حکومت کی حالت کا اندازہ کر لیں بلکہ آپ اسکا اندازہ لگا دیجیے۔ ہم نے پاکستان کی تاریخ میں ایسا کوئی سکینڈل نہیں دیکھا کہ انہوں نے خود اپنے مشیر کو کہا کہ یہ جعلی مشیر ہے۔ دو مہینے وہ اپنے دفتر میں بیٹھا کام کرتا رہا۔ اور پھر جب ان کے بیچ میں کوئی جھگڑا ہوا تو انہوں نے کہا کہ یہ وہ نوید ملک نہیں ہے۔ یہ جعلی نوید ملک ہے۔ دوسرے کی ہم نے مشیر کے طور پر تقرری کی تھی۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ میں یہ کہوں گا کہ ایک ملک کی وزیر اعظم ہونے کی حیثیت سے اتنی چھوٹی بات کہہ دی جائے کہ جناب میری حکومت کا تختہ دو فوجی افسران نے (ملٹری انٹیلی جنس کے آفیسرز) نے الٹا ہے۔ اب جناب ان کا قصور کیا تھا وہ جو ریٹائرڈ افسر تھے۔

[Malik Faridullah Khan]

یہی قصور تھا کہ وہ بیچارے جنرل ضیاء الحق کی حکومت میں اس وقت خدمات سر انجام دے رہے تھے۔ جیسے ان کی حکومت آئی تو ان کی چھٹی کر دی گئی۔ صرف اس وجہ سے کہ وہ اس حکومت میں نوکر تھے۔ اور پھر ایک سال کے بعد جبکہ وہ انٹیلی جنس میں بھی نہیں ہیں گھروں میں بیٹھے ہیں اور آپ کہتے ہیں جناب کہ دو افسروں بریگیڈیئر امتیاز اور میجر عامر نے ہمارا تختہ الٹ دیا۔ دنیا ہمارا مذاق اڑائے گی۔ جناب چیئرمین! کہ یہ کیسی حکومت ہے۔ ہم خود کو تو عالم اسلام کا قلعہ کہتے ہیں اور خود کو مضبوط ترین حکومت کہتے ہیں بین الاقوامی سطح پر ہمارا ایک مقام ہے لیکن اگر وہ یہ تاثر دے کہ میری حکومت کو ایک ریٹائرڈ بریگیڈیئر، ریٹائرڈ میجر نے toppie down کیا تو میں کہتا ہوں کہ انتہائی افسوسناک ہے جناب والا! فوج کے خلاف الزامات انہوں نے لگائے اور کبھی تو تمغۂ جمہوریت سے نوازا کبھی کہا کہ جناب چیف آف دی آرمی سٹاف اسی چیز کے ذمہ دار ہیں کہ انہوں نے جمہوریت بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ آج اسے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ وہ بات ہے کہ:

کار بد تو خود کرے نام ہو شیطان کا

لیکن اس کے علاوہ جناب والا! فوج پر ہمیں فخر ہے۔ اور ہمیں یقین ہے کہ وہ جمہوریت کے استحکام کے لئے۔ جمہوری اداروں کے قیام کے لئے آئندہ بھی حکومت کا ہاتھ بٹاتی رہے گی۔ جب ضرورت پڑتی ہے فوج کو بلاتے ہیں۔ لاء اینڈ آرڈر disturb ہوتا ہے تو فوج کو بلاتے ہیں۔ سرحدوں پر خطرہ ہوتا ہے تو فوج کو بلاتے ہیں۔ الیکشن میں ضرورت ہوتی ہے تو فوج کو بلاتے ہیں۔ اور پھر جب اپنی کرتوت کی وجہ سے آپ کی حکومت برطرف ہوئی تو طعنہ فوج کو دیا جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی ایک سازش ہے پاکستان کی عوام کو فوج سے بدظن کیا جا رہا ہے۔ کبھی انہوں نے امریکہ پر دھوکے کیا کہ غیر ملکی طاقتیں

بھی اس میں ملوث ہیں ۔ اس آئینی اقدام کو امریکہ کی بھی حمایت حاصل ہے ۔ جناب والا یہ ایک فیشن بن چکا ہے ۔ کہ ایک طرف ہم امداد کے لئے امریکہ کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہیں ۔ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ہمیں ماڈرن ٹیکنالوجی سے نوازے ۔ جدید ہتھیار ہمیں دے ۔ ہمارے مفادات کی وہ نگہداشت کرے اور پھر اعتراض بھی امریکہ پر کرتے ہیں ۔ شاہ فہد نے درخواست کی کہ ہمیں پاکستانی فوج کی ضرورت ہے ۔ اب اس میں بھی ہم فیصلہ نہیں کر سکتے کہ وہ فوج وہاں بھیجیں یا نہ بھیجیں ۔ اعلان ہم نے کر دیا ہے ۔ اخبارات میں آتا ہے ۔ پیپلز پارٹی والے حضرات کہتے ہیں کہ فوج نہیں بھیجنی چاہیئے اور دوسری طرف پھر امریکہ پر بھی اعتراض کرتے ہیں جناب ، امریکی مفادات کی نگرانی ہم نہ کریں ۔ اس کی ہم امداد نہ کریں ۔ اس کی پالیسیوں کی ہم مخالفت کریں ۔ تو کیسے یہ ممکن ہوگا ۔

جناب چیئرمین ! ایک طرف آپ امریکہ سے یہ مطالبہ کرتے ہیں وہ کشمیر کے مسئلے پر ہمارا حامی رہے ۔ بین الاقوامی فورم پر وہ ہمارا حامی رہے ۔ افغانستان کے مسئلے پر وہ ہمیں ووٹ دے ۔ ہمیں جدید اسلحہ دے ۔ ہمیں امداد دے لیکن پھر اس کے ساتھ ہم امریکی مفادات کے خلاف کام کریں تو یہ مجھے ایسا لگتا ہے جناب چیئرمین کہ جب وقت نزع ہوتا ہے اس وقت انسان ہذیان بکتا ہے ۔ تو سابق حکومت پر وقت نزع ہے اور وہ الٹی سیدھی باتیں کرنے میں لگے ہوئے ہیں ۔

جناب چیئرمین ! ہمیں امید ہے کہ چوبیس اکتوبر کو انتخابات ہوں گے ۔ عوام نے مینڈیٹ دیا تو انہی ایوانوں میں پیپلز پارٹی کو خوش آمدید کہیں گے لیکن ان کو چاہئیے کہ اپنے کیئے ہوئے گناہوں کی عوام سے معافی مانگیں ۔ انہوں نے جو عوام کے ساتھ مذاق کیا ہے ۔ جو غریبوں کی پارٹی ہوتے

[Malik Faridullah Khan]

ہوئے حربوں کا استعمال کیا ہے۔ ان کے لئے بہترین معافی یہی ہو گی کہ عوام کے پاس جائیں۔ اور ان سے معافی مانگیں کہ دو سال ہم نے غلطی کی ہے۔ اور ہم آپ سے معافی مانگتے ہیں۔ صدر محترم کے اعلان میں ہمیں کوئی شک وشبہ نظر نہیں آتا۔ کیونکہ ۱۹۸۸ء میں ہم نے دیکھا کہ جب اعلان ہوا کہ الیکشنز ہوں گے باوجود اس کے کہ ان کے خلاف پروپیگنڈا کیا گیا، حالات بھی سنگین تھے حالات بھی خراب تھے۔ تو منصفانہ اور نہایت دیانت دارانہ انتخابات ہوئے۔ اب بھی ہمیں کوئی شک وشبہ نظر نہیں آتا۔ صدر مملکت نے جو اعلان کیا ہے کہ ۲۴ اکتوبر کو یہ انتخابات ہوں گے تو ضرور ہوں گے۔

اس کے علاوہ جناب چیئرمین! ہم فاٹا والے تو مرکز کے زیر انتظام ہیں۔ ان چیزوں کے ساتھ ہمارا تعلق بھی نہیں ہے چاہے جماعتی انتخابات ہوں یا غیر جماعتی ہوں۔ ہمارا اپنا ایک سسٹم ہے۔ اور وہ سسٹم یہ ہے کہ ہم مرکز کے زیر انتظام ہیں۔ اور ان حالات میں جبکہ ملک ایک بحرانی کیفیت میں مبتلا ہے۔ ہم حکومت وقت کے ساتھ، عبوری حکومت کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں گے کہ وہ اس امتحان میں سرخرو ہو جائے کہ ۲۴ اکتوبر کا جو مرحلہ ہے وہ بخیر وخوبی پایہ تکمیل تک پہنچے۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ! ایک مشکل یہ ہے کہ پروفیسر خورشید صاحب نے درخواست کی ہے کہ وہ فریداللہ خان صاحب کے بعد بولنا چاہتے ہیں۔ لیکن شاد محمد خان صاحب اور بریگیڈیئر صاحب اور قاضی صاحب اگر آپ تینوں کی اجازت ہو تو پھر پروفیسر خورشید احمد کو میں فلور دے سکوں گا کیوں کہ ان کو بعض مصروفیات کی بنا پر جلدی جانا ہے۔

جناب شاد محمد خان :۔ جناب والا! میں بہت مختصر وقت لوں گا، مجھے بولنے کا وقت دیا جائے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ جی آپ فرمائیں ۔

جناب شاد محمد خان :۔ شکریہ جناب چیئرمین، جناب والا! یہ موضوع کافی دنوں سے زیر بحث ہے لہٰذا مختصر طور پر میں اپنی معروضات پیش کرنے کی کوشش کروں گا صدرِ مملکت نے جو بروقت اقدام کر کے اس بدنام زمانہ حکومت کا خاتمہ کیا ہے۔ انہوں نے راشی، بد دیانت اقربا پرور اور مہنگائی کی ذمہ دار حکومت سے نجات دلا کر اس قوم پر بڑا احسان کیا ہے انہوں نے گزشتہ سال اپنی تقریر میں جو حالات کی نشان دہی کی تھی وہ انتباہ کی ایک صورت تھی۔ لیکن اس حکومت نے اپنی اصلاح نہ کی اور ہم یہ توقع کر رہے تھے کہ یہ کار خیر صدر صاحب جلد از جلد کریں گے لیکن اس میں کافی دیر کر دی گئی۔ بہرکیف دیر آید درست آید کے مصداق جو کچھ بھی صدر نے کیا ہے ہم اس کی تائید اور حمایت کرتے ہیں ۔

حضور والا! اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ احتساب کا عمل نہایت لازمی ہے یہ تاثر دیا جائے کہ احتساب یک طرفہ ہو گا اگر احتساب وسیع تر مفاد کی خاطر ہو اس میں اپوزیشن بھی آئے دوسرے لوگ بھی آئیں تو اس پر خاطر خواہ اثر پڑے گا۔ تشکیلِ حکومت کے وقت بھی بعض لوگوں نے اس کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا اور یہ اعتراض اس نگران حکومت پر بھی ہو رہا ہے کہ اس میں ایسے غلط لوگوں کو لیا گیا ہے جن کو نہیں لیا جانا چاہیے تھا لہٰذا یہ بات اس اقدام کی نفی کرنے کے مترادف ہے اس لئے جو کچھ ہونا تھا ۔ ہو گیا آئندہ کے لئے احتیاط برتنی چاہیئے اور

[Mr. Shad Mohammad Khan]

وہ لوگ جو وفاداریاں تبدیل کرتے رہے ہیں انکو دوبارہ حکومت میں induct کرنا یہ سراسر ایک مذاق ہے اور عام لوگ اس سے اچھا تاثر نہیں لینے اس کے ساتھ جناب والا! یہ احتساب کا عمل جاری و ساری رہے اور مستقل نوعیت کی عدالتیں قائم کی جائیں تاکہ آئندہ کسی کو ایسی جرأت نہ ہو اور صدر صاحب جو اقدام کر رہے ہیں۔ یعنی جو آرڈیننس جاری کر رہے ہیں وہ نئی حکومت کی تشکیل سے پہلے پہلے نافذ ہو جانا چاہیئے، تاکہ آئندہ یہ جمعہ بازار کی صورت یا ہارس ٹریڈنگ کی شکل ہی نظر نہ آئے تاکہ ایک مستحکم حکومت مستحکم بنیادوں پر قائم رہے اور قوم و ملّت کی کچھ خدمت کر سکے۔

جناب والا! محترمہ نے صدر مملکت سے ملاقات کرنے کے بعد جو اخباری بیان جاری کیا ہے اس میں خود اس نے یہ بات تسلیم کر لی ہے کہ میرے ساتھ نااہل لوگوں کا گٹھ جوڑ تھا لیکن میں کسی کو برطرف کرنے کی جرأت نہیں کر سکی اس طرح وہ اپنی نااہلی کا اعتراف کر رہی ہیں کہ ان سے بہت برے کام ہو گئے ہیں۔

اس کے علاوہ جناب والا! یہ سکینڈل آپ نے سنا کہ حج کے دوران جو ناروا سلوک حاجیوں سے کیا گیا حاجیوں سے رشوت لی گئی اور پارٹی کے لئے فنڈز مہیا کئے گئے اور وہاں حاجیوں کو تکلیف ہوئی اور اجتماعی صورت میں جو بددعا دی گئی اللہ تعالٰی نے وہ سن لی اور اس بدنام زمانہ حکومت سے ہمیں ان لوگوں کی دعاؤں سے نجات مل گئی اور صدر صاحب نے جو اقدام کیا ہے وہ نہایت تعریف کے قابل ہے۔ اور اس سے نجات دلانے میں ہمیں مدد ملی، اس کے علاوہ حضورِ والا! ملازمتوں کے ضمن میں پلیسمنٹ بیورو کا قیام، اقربا پروری کے لئے عمل میں لایا گیا اور امن و امان کی خراب صورت

# DISCUSSION ON THE DISSOLOUTION OF THE NATIONAL ASSEMBLY

حال سے سندھ کی حالت ناگفتہ بہ ہو گئی تھی۔ اگر یہ اقدام نہ کیا جاتا تو یہ حالات دگرگوں ہو جاتے اور ہمیں بڑے خطرات میں پڑ جانے کا احتمال تھا اور ہماری حیثیت بھی ایسی مشکوک ہو جاتی کہ باہر سے بھی ہم پر حملہ ہونے کا امکان تھا لہٰذا صدر کی طرف سے بروقت اقدام کرنے سے جو اصلاح احوال ہوئی ہے میں اس کی تعریف و تائید کرتا ہوں۔

حضور والا! اس کے بعد کونسل آف کامن انٹرسٹس کا نہ بلانا اور نیشنل فنانس کمیشن کا ترتیب نہ دینا، صوبائی خود مختاری میں مداخلت کرنا یہ بھی اس حکومت کے ناروا کام تھے جس سے لوگوں میں شکوک و شبہات بڑھ گئے تھے۔ اور صوبائی خود مختاری کو جو نقصان پہنچایا گیا اس کی اصلاح بھی اب نہایت ضروری ہے تاکہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے مطابق جو صوبائی خود مختاری میں مراعات دی گئی تھیں۔ اس پر کلی طور پر عمل کیا جائے اور سابقہ بے انصافیوں کا ازالہ کیا جائے۔

جناب والا! پیپلز ورکس پروگرام کا اجراء کرنے کے بعد اپوزیشن کے ممبران یا سینیٹ کے ساتھ جو ناروا سلوک کیا گیا وہ اظہر من الشمس ہے کوئی بھی حکومت ہم نے ایسی نہیں دیکھی جو ایک فریق بن کر سرکاری کام چلائے۔ انہوں نے سینیٹ کے خلاف vilification Programme بنایا اگرچہ آخر میں ان کو منہ کی کھانی پڑی۔ انہیں اس ہاؤس کا احترام کرنا چاہئے تھا ممکن ہے یہاں پر بھی ان کو سپورٹ ملتی اور کام اچھے طریقے سے چلتا

اب جناب والا! میں آخر میں صدر صاحب سے پرزور مطالبہ کروں گا کہ چونکہ یہ وطن اسلام کے نام پر بنا ہے اس لئے اسلام کے نفاذ کے لئے آرڈیننس بھی اگر جاری کرنا پڑے تو دیر نہیں کرنی چاہئے تاکہ لوگوں کا ایک دیرینہ خواب یا مطالبہ پورا ہو اور اس کے علاوہ میں بھی جرأت سے

[Mr. Shad Mohammad Khan]

عرض کروں گا کہ ایک آرڈیننس کے ذریعے یا اسمبلی میں قانون سازی سے عورت کو وزیر اعظم کے عہدہ کے لئے نااہل قرار دیا جائے۔ حضور والا! صدر نے جو اقدامات کئے ہیں ہمیں ان سے اتفاق ہے اور ہم اپنی مکمل حمایت کا یقین دلاتے ہیں۔ شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین :۔ پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے اپنے دونوں محترم سینیٹر بھائیوں جناب بریگیڈیئر عبدالقیوم اور قاضی عبداللطیف صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے مجھے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لئے آؤٹ آف ٹرن بولنے کا موقع دیا۔ جناب والا! میں اس مسئلے کے اوپر آپ کی اجازت چاہتا ہوں کہ اپنے خیالات کو پوری طرح پیش کروں اور چونکہ میرے خیالات شاید کم از کم سٹائل کی حد تک اس سے کچھ ہٹے ہوئے ہیں جس طرح رائے کا اظہار اب تک اس ایوان میں کیا گیا ہے میں آپ سے اجازت چاہوں گا کہ مجھے موقع دیں تاکہ پوری بات قوم کے سامنے رکھ سکوں۔

جناب والا! سب سے پہلی چیز تو یہ ہے کہ یہاں کچھ تاثر دیا گیا ہے اور یہی تاثر پورے ملک میں دیا جا رہا ہے اور بیرون ملک بھی دیا جا رہا ہے کہ گویا کہ ملک میں جمہوریت کی بساط لپیٹ دی گئی ہے اور جمہوری حکومت کو ہٹا دیا گیا ہے۔ میں پورے ادب کے ساتھ یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ جو افراد یہ انداز گفتگو اختیار کر رہے ہیں اور اس کے لئے پریس اور میڈیا میں ایک مہم چلا رہے ہیں۔ وہ نہ ملک کے ساتھ انصاف کر رہے ہیں اور نہ جمہوریت کے ساتھ

میرے کچھ ساتھیوں نے یہاں یہ بات کہی ہے کہ ہمیں ایک جمہوری طریقے سے منتخبہ ایوان کی مدت پر بڑا دکھ اور افسوس ہوا ہے میں چاہتا ہوں کہ ہم اس مسئلے کے اوپر بالکل غیر جذباتی انداز میں گفتگو کریں اور جو حقائق ہیں ان کو سامنے رکھ کر اس ملک کو جمہوریت کے راستے پر دستور کے مطابق چلانے کی کوشش کریں۔

جناب والا! صدر کو، فوج اور اس ایوان کو بلیک میل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ کہہ کر کہ گویا کسی کے ساتھ کوئی ظلم ہوا ہے اور strategy یہ نظر آتی ہے جس طرح ۸۸ء میں مظلومیت کا کارڈ استعمال کیا گیا اسی طرح اب بھی ایک نئے انداز میں مظلوم بن کر لوگوں کے پاس جایا جائے اور انہیں اس طرح دھوکہ دیا جائے اس لئے میں جناب والا! اس مسئلے پر جس طرح غور کر رہا ہوں وہ ذرا اس انداز سے ہٹ کر ہے جو یہاں ہمارے دیگر دوستوں نے اختیار کیا۔

میں سب سے پہلے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت اس ملک میں دستوری حکومت ہے۔ ۱۹۸۸ء میں ۱۷ اگست کو جو سانحہ ہوا تھا اس کے بعد قوم، سینیٹ اور فوج یہ سب قابل مبارکباد ہیں کہ انہوں نے دستور کے نظام میں مسائل کا حل نکالنے کی کوشش کی۔ بر وقت انتخابات ہوئے اور اس کے نتیجے میں پارلیمنٹ میں سیاسی عمل شروع ہوا اس دفعہ بھی جو اقدام ہوا ہے۔ وہ دستور کے تحت ہے اس اقدام کے ساتھ ساتھ دستور کے مطابق نئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا گیا ہے ملک میں سب کو اپنی بات کہنے کی آزادی ہے سیاسی مہم چلانے کی اور اپنے آپ کو قوم کے سامنے پیش کرنے کی آزادی ہے اس پورے معاملے کو "جمہوریت کی بساط لپیٹ دینے" اور constitutional coup "اور" فوج کی مداخلت" کا نام دینا میں سمجھتا ہوں یہ دستور کے ساتھ اور صدر کے ساتھ ناانصافی ہے اور اس ملک کے جمہوری نظام

[Prof Khurshid Ahmed]

عمل کے ساتھ بھی۔ وہ تمام افراد جنہیں جمہوریت عزیز ہے اور جو اپنی ذات کو جمہوریت کے مترادف نہیں سمجھتے ان کا فرض ہے کہ وہ یہ دیکھیں کہ انتہا پسندی سے احتراز کیا جائے۔ جیسا کہ میں ابھی عرض کروں گا کہ جمہوریت اعتدال پسندی کا نام ہے۔ جمہوریت نام ہے حدود کا لحاظ رکھنے کا جمہوریت نام ہے دستور کو تسلیم کرنے کا اور اس کی پابندی کرنے کا، جمہوریت نام ہے قانون کی بالادستی کا، جمہوریت نام ہے اس بات کا کہ دستور کے تحت جو بھی ادارے بنے ہیں۔ ان تمام اداروں کو اپنی اپنی حدود کے اندر کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ جمہوریت صرف اس معاشرے میں پروان چڑھ سکتی ہے جہاں انتہا پسندی نہ ہو۔ جہاں سوسائٹی کی بنیادی چیزوں کے بارے میں اتفاق رائے ہو۔ جہاں اصل اہمیت پروگرام اور پالیسی کو ہو، افراد کو نہ ہو۔ افراد کی ایک اہمیت ہے لیکن جہاں کوئی فرد اپنے آپ کو جمہوریت کے مترادف بنا لے اور یہ شکل بن جائے کہ وہ ہے تو جمہوریت ہے اور وہ نہیں ہے تو جمہوریت نہیں ہے۔ یہ خالص آمریت ہے اسی طرح آمر dictator وجود میں آتے ہیں اور تاریخ ان لوگوں سے بھری پڑی ہے جو بظاہر عوامی تائید populism حتیٰ کہ انتخاب کے ذریعے برسر اقتدار آئے لیکن انہوں نے اگر دستور، قانون accountability اور اداروں کا احترام نہیں کیا اور اعتدال اور توازن کا راستہ اختیار نہیں کیا تو وہ ڈکٹیٹر بن گئے، ہٹلر بھی باقاعدہ ایک قومی انتخاب کے ذریعہ اقتدار پر آیا تھا لیکن جس قسم کی آمریت اس نے قائم کی وہ سب کے سامنے ہے اور مجھے بڑے دکھ کے سے یہ بات کہنا پڑتی ہے۔ کہ پیپلز پارٹی اور ان کی قیادت بدقسمتی سے جو راستہ اختیار کئے ہوئے ہے وہ یہی ہے کہ اگر ہم ہیں تو جمہوریت ہے اور اگر ہم نہیں ہیں تو جمہوریت نہیں ہے۔ انہوں نے اپنے آپ کو جمہوریت اور پاکستان کا اجارہ دار بنا لیا ہے

یہ خالص آمرانہ ذہن ہے اور میں بڑی دردمندی کے ساتھ پیپلز پارٹی کی قیادت سے یہ اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ اگر وہ جمہوریت کے معاملے میں مخلص ہیں اور اس ملک میں دستوریت کو پروان چڑھانا چاہتے ہیں تو انہیں اس لائن کو اختیار نہیں کرنا چاہیئے ۔

جناب والا! ۱۹۷۲ء سے ۱۹۷۷ء تک جس طریقے سے جو نظام قائم رہا خود اس کے بارے میں سب سے بڑی خرابی یہی تھی کہ ایک فرد واحد کو سارے اختیارات دے دیئے گئے تھے اور اس کا نام انہوں نے جمہوریت رکھا تھا ۔ میں جس بات کو سب سے پہلے صاف الفاظ میں بیان کرنا چاہتا ہوں اور جناب والا! آپ کے توسط سے خود پیپلز پارٹی سے کہنا چاہتا ہوں کہ انہیں اس ذہنیت کو ترک کرنا چاہیئے اس کے بغیر وہ اس ملک میں جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لئے ذریعہ اور مددگار نہیں ہو سکتی ۔ جناب والا! میں اس سلسلے میں Michigan University کے پروفیسر Lawrence کی کتاب The Enigma of Political Development of Pakistan, سے ایک ریفرنس دینا چاہتا ہوں جس میں اس نے اس نفسیاتی کیفیت کا جائزہ لیا ہے اور یہ چیز میری نگاہ میں جمہوریت کے لئے سم قاتل کی حیثیت رکھتی ہے ۔ Lawrence کہتا ہے کہ

"Bhutto equated his personality with Pakistan. Without him Pakistan would cease to have any meaning and no one believe this more than Bhutto."

اس کے بعد اس نے تفصیل دے کر بتایا ہے کہ کس طریقے سے ۷۳ء کے دستور میں اور دوسرے مواقع کے اوپر اس ذہنیت کی بنیاد کے اوپر سیاسی عمل کو بڑھایا گیا ۔

[Prof Khurshid Ahmed]

جناب والا! میں سب سے پہلی بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم جمہوریت کے معاملے میں مخلص ہیں تو ہمیں اس ذہن سے نجات پانی ہو گی پیپلز پارٹی اس ملک کی ایک اہم سیاسی قوت ہے اس ملک کے ہر شہری کی طرح ان کا بھی حق ہے کہ وہ سیاسی عمل میں شریک ہوں اور جتنا ان پر عوام اعتماد کریں اس کے مطابق وہ کام کریں جہاں وہ بدعنوانی کریں ان کا احتساب کیا جائے لیکن جو سیاسی حق ہے اس میں سب مساوی ہیں ہم ہرگز ان کو ان کے اس سیاسی حق سے محروم نہیں کرنا چاہتے لیکن پیپلز پارٹی یہ رویہ اختیار کرتی ہے کہ وہ اور وہ صرف جمہوریت کی دعویدار ہے۔ وہ اور وہ صرف جمہوریت کی علمبردار ہے اور اس کے علاوہ سب جو ہیں وہ خلاف جمہوریت قوتیں ہیں۔ جناب والا یہ ذہن آمرانہ ذہن ہے despotic ذہن ہے اس کے نتیجے میں کبھی جمہوریت نہیں آ سکتی اور اس کے نتیجے میں خود پیپلز پارٹی نے ماضی میں بھی چوٹ کھائی ہے نقصان اٹھایا ہے اور آئندہ بھی اٹھانا پڑے گا اس لئے سب سے پہلی بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جمہوریت کا کوئی ٹھیکے دار نہیں ہے ہم سب جمہوریت کے علمبردار ہیں یہ آپ کی منطق عجیب و غریب ہے کہ اگر ایک صاحب جنرل ضیاء الحق صاحب کی وزارت کے ہیں تو وہ آمریت کے علمبردار ہیں اور وہی صاحب اگر پیپلز پارٹی کی وزارت میں آ گئے تو وہ جمہوری بن گئے کتنے افراد ہیں جو جنرل ضیاء الحق کی شوریٰ یا ان کی کیبنٹ کے رکن تھے اور جب وہ پیپلز پارٹی میں آ گئے، وزارتوں میں پہنچ گئے، ایڈوائزر بن گئے تو وہ جمہوریت کے علمبردار ہو گئے، وہ ضیاء کی باقیات نہیں رہے اور دوسرے تمام ضیاء کی باقیات ہیں۔

جناب والا! میں سب سے پہلے اس بات کو کہنا چاہوں گا کہ جمہوریت کے لئے ضروری ہے کہ ہماری approach جمہوری ہو۔ ہمارا ذہن جمہوری ہو۔ ہم pluralism کو ماننے کے لیئے تیار ہوں۔ ہم عوام کے فیصلے کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوں۔ جب تک یہ ذہن نہیں آئے گا اس ملک میں جمہوریت پروان نہیں چڑھ سکتی، اس کے لئے اعتدال کی ضرورت ہے، توازن کی ضرورت ہے، اس کے لئے اس قسم کی شعلہ بیانی کی ضرورت نہیں ہے جیسے کہ راستہ انہوں نے اختیار کیا ہے۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ذرا سوچیئے کہ ہوا کیا ہے؟ ہوا یہ ہے کہ ایک قومی اسمبلی کو اور صوبوں کی اسمبلیوں کو توڑا گیا ہے نئے انتخابات کے لئے، اسمبلی کو توڑا جانا ایک معروف سیاسی عمل ہے، اسمبلیوں کو کئی طریقوں سے توڑا جا سکتا ہے۔ جمہوریت میں ایک طریقہ تو یہ ہے کہ برسر اقتدار پارٹی کو عدم اعتماد کی تحریک سے شکست دی جا سکتی ہے۔ دوسری شکل یہ ہے کہ وزیر اعظم جب چاہے اپنی صوابدید پر صدر کو مشورہ دے سکتا ہے کہ اسمبلی کو توڑ دیا جائے اور نئے انتخابات کرائے جائیں تیسری صورت یہ ہے کہ صدر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کچھ حالات کے اندر وہ اسمبلی کو dissolve کر سکتا ہے۔ اگر دستور کے تحت اسمبلی توڑی جاتی ہے نئے انتخابات کرانے کے لئے، تو یہ جمہوری عمل کا، دستوریت کا ایک حصہ ہے، اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ جمہوریت کی بساط لپیٹ دی گئی ہے۔

جناب والا! میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ پیپلز پارٹی کی ناکامی اور غلط کاریوں کی وجہ سے ملک کے گوشہ گوشہ سے یہ آواز اٹھ رہی تھی کہ اسمبلی کو توڑا جائے اور مارچ ۱۹۹۰ء سے لے کر جولائی ۱۹۹۰ء تک ان چار ماہ میں، جتنا میں نے اخبارات میں دیکھا ہے اس کے مطابق چھ بار

[Prof. Khurshid Ahmed]

خود سابق وزیر اعظم صاحبہ نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ ہم مڈٹرم انتخابات کے لئے تیار ہیں اور ہم مڈٹرم انتخابات کے لئے اپوزیشن سے بات کرنے کے تیار ہیں اور اگر اپوزیشن اس بات کے لئے تیار ہے تو مڈٹرم انتخابات کرائے جا سکتے ہیں۔ جناب والا! مڈٹرم انتخابات کیا چیز ہیں؟ مڈٹرم انتخابات کے یہ معنی ہیں کہ اسمبلی کو توڑا جائے اور عوام سے دوبارہ مینڈیٹ لیا جائے۔

جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ آئی جے آئی نے سی اوپی کی پارٹیوں نے، بہت سے independent افراد نے اس امر کا بار بار مطالبہ کیا تھا کہ یہ اسمبلی اپنی افادیت کھو چکی ہے، حکومت کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے اس لئے عوام سے دوبارہ مینڈیٹ لیا جائے میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اسمبلی توڑ کر انتخابات کی نئی تاریخ متعین کی جائے تو یہ کسی پر ظلم نہیں ہے بلکہ عوام سے نیا مینڈیٹ لینے کے مترادف ہے۔ اور اگر عوام سے نیا مینڈیٹ لینے کے لئے سابق وزیر اعظم صاحبہ مڈٹرم انتخابات کا راستہ اختیار کرنے کے لئے تیار تھیں تو پھر جب صدر محترم نے عوام سے مینڈیٹ لینے کے لئے اسمبلی توڑی ہے تو اس میں کیا چیز مانع ہے۔

جناب والا! ان کی یہ بات کہ ابھی اس اسمبلی کو بیس ماہ ہوئے تھے کہ توڑ دی گئی جب کہ اس کی مدت پانچ سال تھی، کے سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ایک غیر متعلقہ بات ہے بلاشبہ اسمبلی کی مدت normally پانچ سال ہوتی ہے اور جمہوریت میں یہ روایت ہے کہ کبھی بھی اس مدت کو پورا نہیں کیا جاتا۔ بالعموم اس سے پہلے نئے انتخابات کرائے

جاتے ہیں۔ انگلستان میں جو House of Commons کی مدت پانچ سال ہے لیکن جنگ کے حالات چھوڑ کر کبھی ایسا نہیں ہوا ہے کہ یہ ہاؤس چار سال سے زیادہ عرصہ تک چلا ہو۔ چار سال کے اندر ہی نئے انتخابات ہو جاتے ہیں اور جناب والا! میں اس سلسلے میں آپ کے سامنے حقائق رکھنا چاہتا ہوں کہ یہ خالص جمہوری روایات کا ایک حصہ ہے کہ اگر ضرورت ہو تو اسمبلی کو اپنی مدت سے بہت پہلے dissolve کر دیا جائے اور نئے انتخابات ہوں۔ میں نے پہلی جنگ سے لے کر اس وقت تک جو جائزہ لیا ہے انگلستان کی پارلیمنٹ کا، جو سب سے بڑی پارلیمنٹ ہے جسے mother parliament کہتے ہیں، اس کے مطابق صورت حال یہ سامنے آتی ہے کہ جنگ کے بعد پہلا انتخاب جو ہوا ہے وہ پارلیمنٹ کی پونے چار سالہ عمر کے بعد ہوا ہے لیکن اس کے بعد کی پارلیمنٹ کی جس نے اپنے کام کا آغاز ۲۰ نومبر ۱۹۲۲ کو کیا، وہ صرف ۲۶۱ دن تک، یعنی ایک سال سے بھی کم عرصہ برسر کار رہی، اسے اتنے قلیل عرصے میں dissolve کر دیا گیا، اس کے بعد دوسری پارلیمنٹ جو انتخاب کے نتیجے میں معرض وجود میں آئی ۸ جنوری ۱۹۲۴ کو اس نے کام شروع کیا ہے اور ۹ اکتوبر ۱۹۲۴ کو اسے dissolve کر دیا گیا ہے۔ یعنی صرف ۲۶۲ دن تک یہ چلی۔ اس کے بعد House of Commons کا جو سیشن تھا، وہ ۲۱ جون ۱۹۲۹ کو شروع ہوا، اور ۷ اکتوبر ۱۹۳۱ تک، یعنی دو سال ایک سو پانچ دن میں ختم کر دیا گیا۔

[Prof Khurshid Ahmed]

دوسری جنگ کے بعد پہلی مارچ ۱۹۵۰ء کو جو House of Commons منتخب ہو کر آیا، اسے ۵ راکتوبر ۱۹۵۱ء کو dissolve کر دیا گیا یعنی ایک سال دو سو اکیس دن کے بعد۔ اس کے بعد جناب والا، House of Commons ۲۷ راکتوبر ۱۹۶۴ء کو منتخب ہو کر آیا ہے، اور ۲۹ر مارچ ۱۹۶۶ء کو، یعنی ایک سال اور چار مہینے میں dissolve کر دیا گیا 'یہ سارے واقعات Evorgenics کی کتاب پارلیمنٹ' اور ایک تازہ کتاب

Parliament Functions Practices and Procedures by Grefix Royal

سے پیش کر رہا ہوں جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جمہوریت میں یہ چیز، ایک عام چیز ہے، کہ ایک پارلیمنٹ کو اپنی عام مدت پوری کرنے سے پہلے چھ مہینے میں، ایک سال میں، ڈیڑھ سال میں جیسے حالات تقاضا کریں dissolve کیا جا سکتا ہے، اور dissolve کیا جاتا رہا ہے، اسے جمہوریت کے منافی نہیں سمجھا گیا، یہ کوئی جمہوریت کی بساط لپیٹنے کے مترادف نہیں ہے بلکہ اس کی حقیقت صرف یہ ہے کہ ہم دوبارہ اصل political sovereign یعنی عوام سے رجوع کرتے ہیں، ان کی رائے جاننا چاہتے ہیں، اگر حالات اور شواہد ایسے ہیں کہ جن میں یہ بات معلوم ہوتی ہو کہ پارلیمنٹ اس وقت عوام کی امنگوں اور تمناؤں اور خیالات کے مطابق نہیں چل رہی ہے تو پھر ایسی پارلیمنٹ کو dissolve کر کے دوبارہ عوام کو موقع دیا جائے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق اپنی پسند کے نمائندے منتخب کریں، یہ اصل حقائق ہیں جناب والا! ان حالات میں جو فضا بنائی جا رہی ہے اور بلیک میل کیا جا رہا ہے، میری نگاہ میں جناب والا! وہ دستور، ملک اور جمہوریت کے خلاف ایک سازش ہے، اسے بدنام کیا جا رہا ہے، ملکی میڈیا کے ساتھ ساتھ اس میں، بیرونی میڈیا کو بھی استعمال کیا جا رہا ہے جس کے ذریعہ پاکستان

کو بیرونی دنیا میں بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور میں نے جو حقائق آپ کے سامنے پیش کئے ہیں، ان سے یہ بات بہت واضح ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ صرف اس لئے پارلیمنٹ توڑی گئی ہے کہ جمہوریت کی بساط لپیٹ دی جائے بلکہ یہ اقدام دستور کے تحت ہوا ہے، وقت سے پہلے یعنی مڈٹرم الیکشن کرائے جا رہے ہیں۔ اگر یہی مڈٹرم الیکشن کا اعلان وزیر اعظم خود کریں تو جائز ہوتا اور یہ جمہوری ہوتا، اگر یہی ریفرنس صدر مملکت کر رہا ہے تو یہ ناجائز ہو جاتا ہے اور آمریت بن جاتی ہے اور فوج کی مداخلت بن جاتی ہے۔ جناب والا، یہ parameter غلط ہے اگر ہمیں جمہوریت کو مستحکم کرنا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہم بار بار عوام سے رجوع کریں۔ میں آپ کے سامنے اٹلی کی مثال پیش کرتا ہوں، اٹلی میں گزشتہ سال پارلیمنٹ معرضِ وجود میں آئی اور اس میں کسی کو بھی میجارٹی حاصل نہ ہو سکی، لہٰذا چھ ماہ کے اندر دوبارہ الیکشن کرائے گئے، پھر پارلیمنٹ کا آٹھ ماہ کے اندر تیسرا انتخاب کرایا گیا . . . تو جمہوریت میں عوام کو بار بار ریفرنس دینا، یہ ایک صحت مند چیز ہے، یہ ایک جمہوری عمل ہے۔ جمہوریت کو تقویت دینے کے مترادف ہے، اس لئے ہمیں اس کو اس context میں لینا چاہیئے، نہ کہ اس کو کسی دوسری طرف موڑنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

جناب والا! جو بات میں کہہ رہا ہوں وہ محض عملی سیاست سے ہی متعلقہ نہیں ہے۔ بلکہ میں آپ کے سامنے کم از کم constitutional history کی ایک مثال پیش کرنا چاہتا ہوں، آپ اس بات سے واقف ہیں کہ constitutional law

[Prof. Khurshid Ahmed]

پر اس دور میں A.B. Daisy سب سے بڑی اتھارٹی سمجھا جاتا ہے اور انگلستان کا جو اس معاملے میں تجربہ ہے اسے سب ایک مثالی چیز مانتے ہیں، میں یہ آپ کے سامنے dissolution کے مسئلے کے اوپر پیش کرنا چاہتا ہوں Daisy نے بڑی مفصل بحث کی ہے اور بہت ہی واضح انداز میں ان سب پہلوؤں کو نمایاں کیا ہے، جس میں یہ چیز بھی آتی ہے کہ اگر ایک miniority government ہے، یعنی اگر گورنمنٹ vote of confidence نہ لے سکے تو اس صورت میں فوری طور پر عوام کے پاس ریفرنس ہونا چاہیے اور یہ بھی بتایا ہے کہ ایسے حالات ہو سکتے ہیں کہ ایک گورنمنٹ کو پارلیمنٹ کی majority حاصل ہو لیکن اس کے باوجود اس بات کی ضرورت ہو کہ House of Commons کے لئے عوام سے ریفرنس کیا جائے۔ تو یہ ریفرنس دستوری ہے۔ یہ ریفرنس سیاسی طور پر جائز ہے اور یہ ریفرنس کسی حیثیت سے بھی violation of constitution نہیں۔ بلکہ یہ elected representatives یا parliamentary sovereign کے مقابلے میں جو political sovereign ہے یعنی legal sovereign سے political sovereign سے۔ یعنی people سے ریفرنس ہے۔ ہاں اگر کسی موقع کے اوپر عوام سے ریفرنس نہ کیا جائے تو بات دوسری ہوگی۔ لیکن جب الیکشن کیا جائے اور عوام سے ریفرنس کیا جائے تو اس کی حیثیت بہت مختلف ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ چند جملے آپ کو 'Daisy' کے پڑھ کر سناؤں۔

"Ministers placed in a minority by a vote of the Commons have, in accordance with received doctorines, a right to demand a dissolution of parliament. On the other hand, there are certainly combination of circumstances under which the Crown has a right to dismiss the Ministers who command a parliamentary majority and to dissolve the parliament by which the Ministers are supported. The prerogative, in short, of dissolution may constitutionally be so employed as to over-ride the will of the representative body or as it is popularly called the People's House of Parliament. The discretionary power of the Crown occasionally may be and according to the constitutional precedents sometimes ought to be used to strict an existing House of Commons of his authority by the reason why the House can in accordance with the Constitution, be deprived of power and of existence is that an occasion has arisen on which there is a fair reason to suppose that the opinion of the House is not the opinion of the electors and a dissolution is in its essence, an appeal from the legal to the political sovereign, a dissolution is allowable or necessary whenever the wishes of the legislatures are or may fairly be presumed to be different from the wishes of the nation."

جناب والا! اس پر مفصل بحث میں نہیں پڑھ رہا صرف ایک relevant ہے میں
نے آپ کو پڑھ کر سنایا ہے جس سے آپ یہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ انگلش لاء کے اندر
parliamentary practice کے اندر یہ Constitutional position ہے اور
اس کے اوپر بڑی دلچسپ بحث انگلستان میں ۱۹۱۳ء میں ہوئی۔ جبکہ آئرلینڈ کے مسئلے کے
اوپر King میں اور پارلیمنٹ کے اندر
difference ہو گیا تھا تو اس

[Prof Khurshid Ahmed]

کے اوپر لندن ٹائمز میں کئی مہینے تک یہ بحث چلتی رہی۔ تو اس بحث میں بھی حرفِ آخر
Daisy نے پیش کیا تھا۔ اور اس نے چیلنج کیا تھا کہ یہ
Constitutional position میں نے بیان کی ہے اور یہ پوزیشن Unchallenged
accepted position in the constitutional law ہے میں ذرا جلدی سے
آپ کو اس کا بھی ریفرنس دے ہی دوں تو اچھا ہے۔ ۔ ۔

سید فصیح اقبال: کیا جاوید جبار موجود ہے؟

پروفیسر خورشید احمد: سب غائب ہیں آج۔

سید فصیح اقبال: جناب چیئرمین صاحب! مجھے افسوس ہے کہ پیپلز پارٹی کے سابق وزیر قانون افتخار گیلانی جنہوں نے اپنی تقریر بڑی مدلل تقریر سمجھ کے کی تھی وہ اور جاوید جبار دونوں آج نہیں ہیں ہاؤس نے اس بات کا کافی نوٹس لیا ہے۔ ۔ ۔

پروفیسر خورشید احمد: بہرحال قوم کے سامنے سارے حقائق آجائیں گے۔ جناب والا! میں کہنا چاہتا ہوں کہ daisy نے لندن ٹائمز میں ۱۵ ستمبر ۱۹۱۳ کو لکھا ہے کہ:

"This doctorine has been repeated and defended during the last 28 years in every edition of my book. My opinion as to the occasion on which a dissolution may rightly take place, has, as far as I know, never been assailed and has never been controverted by any right or authority".

جناب والا! جو بات میں پیش کر رہا ہوں وہ hearsay نہیں ہے۔ میں نے پہلے آپ کے سامنے سیاسی حقائق پیش کئے ہیں کہ پارلیمنٹ کو اس کی مدت پوری کرنے سے پہلے dissolve کرنا کوئی جرم نہیں جمہوریت کے خلاف نہیں اس کی ایک نہیں سینکڑوں مثالیں موجود ہیں یہ کام وقت کا وزیر اعظم بھی کر سکتا ہے اور یہ کام وقت کا صدر بھی کر سکتا ہے اور اگر ملک کے حالات تقاضا کریں تو اس کا مطالبہ بھی ہو سکتا ہے۔ میں اس کی دو مثالیں دینا چاہتا ہوں۔ جناب والا! ہندوستان میں کم از کم دو صوبائی اسمبلیاں گجرات سٹیٹ اسمبلی اور بہار سٹیٹ اسمبلی، یہ دونوں اس بنیاد پر توڑ دی گئیں کہ ان اسمبلیوں کے ارکان اور وزیروں کے بارے میں کرپشن کے چارجز تھے صرف کرپشن کے چارجز، اور عوام اس کے بارے میں مطالبہ کر رہے تھے public agitation تھا۔ صرف اس بنیاد کے اوپر یہ دونوں اسمبلیاں dissolve ہوئیں اور اسے کسی نے جمہوریت کے خلاف نہیں سمجھا۔ نئے الیکشن ہوئے دوسرے لوگ آ گئے یہ جمہوری عمل کا ایک حصہ ہے۔ جو لوگ اپنے آپ کو جمہوریت کا اجارہ دار سمجھتے ہیں انہیں ان سارے حقائق کو سامنے رکھنا چاہیئے اور جو عمل یہاں ہوا ہے ہم ممنون ہیں صدر مملکت کے کہ انہوں نے ان حالات میں صحیح اقدام کیا، دستور کے مطابق اقدام کیا، جمہوری روایات کے مطابق اقدام کیا اور کوئی ایسا اقدام کیا، اور کوئی ایسا اقدام نہیں کیا کہ اسمبلی توڑ کر بیٹھ گئے، انہوں نے اسمبلی کو توڑنے کے ساتھ ساتھ نئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا۔ کہ میں عوام کے پاس آ رہا ہوں عوام سے ریفرنس لے رہا ہوں اگر اس کا نام جمہوریت نہیں تو پھر جمہوریت کس کو کہتے ہیں۔

[Prof Khurshid Ahmed]

جناب والا! میں اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں اور یہ بڑی زیادتی ہے کہ الیکشن کا ذکر آتے ہی ۱۹۷۷ کے نوے دن کی بات کی جاتی ہے۔ اس وقت انتخابات postpone ہوئے۔ پرا کیا گیا کہ postpone کئے گئے اور سیاسی عناصر نے اس پر اپنے اضطراب اور اختلاف کا اظہار بھی کیا لیکن وہ آج کے لئے relevant نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ آج کے لئے اگر کوئی چیز relevant ہے تو صرف ایک ہے اور وہ یہ کہ غلام اسحاق خان صاحب نے ۱۷ اگست کو ملک کی صدارت کا چارج لینے کے بعد قوم سے وعدہ کیا تھا کہ وہ وقت پر انتخابات کرائیں گے، اور انہوں نے وقت پر انتخاب کرایا۔ یہ چیز relevant ہے، اور اگر ۶ اگست کو اسمبلیاں توڑی گئی ہیں اور وعدہ کیا گیا ہے کہ ۲۴ اکتوبر کو انتخابات ہونگے تو انشاء اللہ اس تاریخ پر انتخاب ہوں گے۔ یہ حقائق ہیں یہ relevant حقائق ہیں۔ آپ جن گڑھے مردوں کو اکھاڑ رہے ہیں۔ آپ جمہوریت کو بلیک میل کرنے کی جو لغت استعمال کر رہے ہیں اور ملک کا نام بدنام کرنے کے لئے استعمال کر رہے ہیں یہ relevant نہیں ہے اسی ذیل میں جناب والا! میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ privilege کے مسئلے کے اوپر ہمیں بار بار ہمارے محترم سابق وزیر قانون اور وزیر داخلہ اور وزیر سائنس و ٹیکنالوجی اسی ایوان میں کوئی ایک درجن مواقع کے اوپر بتا چکے ہیں کہ privilege کی خلاف ورزی اگر ہو تو عدالت میں جائیں یہ ایوان اس کے لئے صحیح جگہ نہیں لیکن آج جب وہ خود حکومت میں نہ رہے اور اب انہیں سینیٹ کا استحقاق مجروح ہونا یاد آگیا ہے یہ بڑا اچھا راستہ ہے کہ آپ حکومت میں ہوں تو آپ کی پوزیشن کچھ اور ہو اور حکومت سے باہر آئیں تو پوزیشن بدل جائے یہ کوئی اچھی سیاست نہیں۔

جناب والا! یہ بات میں کہنا چاہتا ہوں کہ استحقاق کا مسئلہ اگر پیدا ہوتا اور یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ جاوید جبار صاحب کے ساتھ ۱۹ مئی کے dissolution کے بعد میں نے بھی privilege motion move کی تھی لیکن اس کی بنیاد یہ تھی کہ اسمبلی توڑی گئی ہے۔ انتخاب کی تاریخ مقرر کیے بغیر اور اگر ایسا کیا جائے کہ انتخاب کی تاریخ مقرر کئے بغیر اسمبلی توڑ دی جائے تو فی الحقیقت سینیٹ معطل ہو جاتی ہے اس لئے کہ سینیٹ کوئی قانون سازی نہیں کر سکتی جو اس کا فرض منصبی ہے جب تک کہ دوسرا ہاؤس بھی موجود نہ ہو لیکن اسی دستور میں جس میں کہ یہ نظام دیا گیا ہے یہ بات بھی موجود ہے کہ سینیٹ کبھی dissolve نہیں ہو گی لیکن اسمبلی dissolve ہو گی۔ البتہ عام حالات میں dissolution کی یہ مدت ۹۰ دن سے زیادہ نہ ہو گی۔ ۹۰ دن کے اندر اندر کوئی استحقاق مجروح نہ ہو گا یہ part of the process ہے لیکن ہاں اگر کبھی ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ صرف سینیٹ رہے اور قومی اسمبلی نہ ہو تب پھر وہ ضرور استحقاق کا سوال پیدا ہو گا۔ لیکن اس وقت وہ کیفیت نہیں اور اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ privilege کا جو سہارا لیا جا رہا ہے یہ صحیح نہیں ہے۔

جناب والا! میں اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ میرے سینیٹر بھائی جاوید جبار صاحب نے دو کتابوں کا حوالہ دیا جو ایک Parliaments of the World, A Reference Compedium اس کے صفحہ ۱۴۸ کا انہوں نے حوالہ دیا لیکن مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ انہوں نے پورا حوالہ نہیں دیا اور پوری بات ایوان کے سامنے نہیں رکھی۔ جو حق و انصاف کے مطابق نہیں۔ اسی کتاب میں یہ بات صاف الفاظ میں لکھی ہوئی ہے میں وہ آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔

[Prof Khurshid Ahmed]

Page 841"Strictly speaking one of the prerogatives of the Head of State who is called upon to arbitrate in a dispute detween the executive and the legislative (this is the spirit of the provision made for this power in 14 countries)......

چودہ ممالک ایسے ہیں کہ جہاں صدر مملکت وزیر اعظم
کی advice کے بغیر یا وزیر اعظم کی advice کے علی الرغم اسمبلی توڑ سکتا ہے
یا توڑنے سے انکار کر سکتا ہے اور یہ وہ ممالک ہیں کہ جن میں فرانس اور اٹلی جیسے ممالک
شامل ہیں۔ اور انگلستان کی constitutional position میں نے آپ
کو بتائی۔ اس کے بعد پھر آٹھ صفحات میں ایک ایک ملک کا نام لے کر constitutional
position واضح کی گئی ہے۔ لیکن انہوں نے ان سب کو نظر انداز کر کے یہ
بات کہی کہ کوئی دستوری precedent اس کے لئے موجود نہیں ہے۔ دوسری کتاب
انہوں نے ریفر کی تھی Ivor Jennings کی Parliament اس کا بھی
میں نے مطالعہ کیا ہے اور پھر Ivor Jennings کی جو relevant کتاب
ہے وہ ہے Cabinet Government اس کتاب میں Ivor Jennings نے
دو مقامات پر dissolution پر آدھا آدھا جملہ لکھا ہے اور اس میں یہ بات کہی
ہے کہ پارلیمنٹ کا dissolution جو ہے یہ اختیار ہے ایک
long stick کی طرح جسے بالعموم استعمال نہیں کیا جاتا۔ لیکن ڈرانے کے لئے رکھا جاتا ہے
یہ بات درست کہتے ہیں۔ لیکن Ivor Jennings نے Cabinet
Government میں پوری بحث کی ہے! اس مسئلے پر تقریباً اٹھارہ صفحات پر

میں)۔ صفحہ ۲۹۹ سے لے کر صفحہ ۳۰۷ تک۔ اور وہاں اس Cabinet Government نے exactly یہی پوزیشن بیان کی جو میں آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ یعنی یہ کہ کچھ حالات میں پارلیمنٹ کو پرائم منسٹر کی advice کے بغیر ضرورت کی روشنی میں dissolve کیا جا سکتا ہے۔ یہ long stick صرف نمائش کے لئے نہیں اگر ضرورت پڑے تو اسے استعمال بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ deterrent بلا شبہ اسی لئے ہوتی ہے کہ اس سے لوگ خائف رہیں۔ لیکن اگر punishment سزا کے بارے میں معلوم ہوگا کہ یہ کبھی دی نہیں جائے گی تو اس کی deterrent ختم ہو جاتی ہے۔ جناب والا! یہ دونوں deterrence reference صحیح نہیں تھے۔ ان دونوں میں یہ بات واضح ہے کہ جمہوری ممالک میں، یعنی چودہ ممالک ایسے ہیں، مغربی tradition کے اندر کہ جن میں dissolution کے اختیارات موجود ہیں اور وہ constitutional ہیں وہ پولیٹیکل ہیں۔ وہ جمہوریت کا ایک حصہ ہیں۔ وہ جمہوریت سے کوئی انحراف نہیں۔

جناب والا! اس وضاحت کے بعد اب میں اس پہ آنا چاہتا ہوں کہ یہ بات ہمیں اپنے سامنے رکھنی چاہیئے کہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ایک اسمبلی سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ عوام کے پاس جاؤ اور ان سے نیا مینڈیٹ لے کر آؤ۔ یہ خالص جمہوری عمل ہے اور اسے اس سے ہٹ کر کسی اور پس منظر میں پیش کرنا میں سمجھتا ہوں کہ حقائق سے انصاف نہیں ہوگا۔ اس کے

[Prof. Khurshid Ahmed]

بعد جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نیشنل اسمبلی کو توڑا جانا کیوں ضروری ہو گیا تھا۔ میری نگاہ میں جناب والا! جس بناء پر اس کو توڑا جانا ضروری ہو گیا تھا۔ اور اس سلسلے میں پھر میں پیپلز پارٹی کی قیادت سے درخواست کروں گا کہ اگر وہ اس ملک میں جمہوریت اور دستور کے وفادار ہیں۔ اور یہ چاہتے ہیں کہ یہ روایات یہاں پروان چڑھیں تو وہ انتہا پسندی کا راستہ ترک کر کے اعتدال کا راستہ اختیار کریں۔ ورنہ اس کا نقصان ملک کو بھی پہنچے گا اور ان کو بھی پہنچے گا۔ جناب والا! میری نگاہ میں اسمبلی کا توڑا جانا اس لئے ضروری تھا کہ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ یہ اسمبلی ایک split mandate والی اسمبلی تھی۔ یہ بھی پروپیگنڈا کا شاہکار ہے کہ پیپلز پارٹی نے عوام سے حاصل کردہ mandate کو ان حدود میں نہیں رہنے دیا۔ جمہوریت کے تو معنی یہ ہیں کہ عوام نے جتنا اعتماد کیا ہو جو mandate دیا ہو اس کے مطابق چلا جائے۔ وہ mandate کیا تھا۔ پیپلز پارٹی اور آئی جے آئی اور دوسری جماعتیں اپنا منشور لے کر عوام کے پاس گئیں۔ سب کہتے ہیں کہ وہ آزادانہ انتخابات تھے۔ اس انتخاب میں ۳۸٫۵ فیصدی نے پیپلز پارٹی کو ووٹ دیئے اور تقریباً اتنا ہی ووٹ آئی جے آئی یا ان آزاد افراد کو حاصل ہوا جنہوں نے آئی جے آئی کو join کر لیا۔ مرکز میں ۲۳۷ کے ہاؤس میں پیپلز پارٹی کو ایک سو چار افراد ملے۔ یہ ایک سو چار افراد دو سو سینتیس میں سے ہیں۔ جبکہ ۱۹۷۲ سے ۱۹۷۷ تک کی جو اسمبلی تھی پیپلز پارٹی جس میں lead کر رہی تھی اس میں ایک سو چونتیس میں سے پیپلز پارٹی کو ایک سو تین کی majority حاصل تھی۔ معلوم ہوا کہ عوام نے جنہوں نے ۱۹۷۰ کے انتخاب میں ایک سو چونتیس میں سے ایک سو تین پیپلز پارٹی کے لوگ منتخب کئے تھے۔ انہوں نے ۱۹۸۸ میں دو سو سینتیس میں سے ایک سو چار کی

تائید کی۔ پیپلز پارٹی نے اپنے منشور میں یہ لکھا تھا کہ ہم دستور میں یہ ترامیم کریں گے آٹھویں ترمیم کو ختم کریں گے۔ یہ کریں گے وہ کریں گے۔ عوام نے دوسو سینتیس کے ہاؤس میں ایک سو چار افراد کو منتخب کر کے یہ mandate دیا کہ دستوری تبدیلی کا اختیار آپ کو حاصل نہیں۔ یہ تھا وہ mandate لیکن انہوں نے اپنی اس minority کو ایک contrived majority میں تبدیل کیا۔ اور جناب والا! مجھے دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں غالباً پہلی مرتبہ اس simple majority کو absolute majority میں تبدیل کرنے کے لئے ملک ہی کے لوگوں کو نہیں بلکہ بیرونی طاقتوں کو بھی استعمال کیا گیا۔ صرف بیرونی میڈیا ہی نہیں بلکہ امریکہ کا سفیر آن ریکارڈ ہے کہ اس "نیشن" اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے یہ بات کہی کہ ہم نے پولیٹیکل مینجمنٹ میں ٹرانسفر آف پاور میں ایک رول ادا کیا ہے۔ اس طرح آپ اس حکومت میں آئے۔ ہندوستان کو بھی آپ دیکھ لیجئے۔ اس کی مثالیں آپ بہت یاد کرتے ہیں۔ ہندوستان میں ۱۹۸۹ء میں جو انتخابات ہوئے اس میں largest single party کانگریس تھی۔ لیکن حکومت بنی largest single party کی نہیں باقی پارٹیوں کی، اپوزیشن کی۔ تو یہ سارے permutations سیاست میں ممکن ہیں۔ لیکن آپ نے اپنی اس simple majority کو ملکی و بیرونی ذرائع سے "پریشر" بلیک میل اور foreign influence کو استعمال کر کے contrived majority میں بدلا۔ contrived majority میں بدلنے کے بعد پھر آپ نے سب سے

[Prof. Khurshid Ahmed]

پہلا کام یہ کیا۔ کہ اس دستور کے خلاف جنگ شروع کی جس کے تحت آپ نے حلف لیا تھا۔ اور جس میں کسی تبدیلی کا mandate عوام نے آپ کو نہیں دیا تھا۔ آپ کے منشور کے واضح اعلان کے باوجود انہوں نے آپ کو یہ حق نہیں دیا تھا اگر وہ آپ کو دو تہائی اکثریت اسمبلی میں دے دیتے تو اس کے معنی یہ تھے کہ انہوں نے آپ کو mandate دیا ہے۔ دستور میں ترمیم کرنے کا۔ انہوں نے آپ کو یہ mandate نہیں دیا۔ لیکن آپ نے اس mandate split کو اس hung parliament کو دوسرے ذرائع اختیار کر کے تبدیل کرنے کی کوشش کی جس میں سیاسی زبان بھی ہے بلیک میل بھی ہے۔ پیسہ بھی ہے اور بیرونی ذرائع بھی ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے پاکستان کی قسمت کا فیصلہ پاکستان کے عوام نہیں کر رہے ہیں بلکہ Solarz, Galbreith, Oakley اور یہ لوگ کر رہے ہیں تو یہ ہے اس کی صورت حال جناب والا!

اس کے بعد میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ کہ کوئی بھی جمہوری حکومت ہو۔ جمہوری حکومت دستوری اداروں کے خلاف جنگ شروع نہیں کیا کرتی جمہوری حکومت نام ہی اس حکومت کا ہے جو دستوری اداروں کو تسلیم کرتی ہے اور انہیں ساتھ لے کر چلتی ہے۔ آپ نے آتے ہی سب سے پہلے صدر کو بلیک میل کیا۔ پھر آپ نے فوج کو بلیک میل کیا۔ پھر آپ نے سینیٹ کو بلیک میل کیا۔ پھر آپ نے صوبوں کو بلیک میل کیا۔ آپ کا عالم تو یہ تھا ہے کہ ابھی آپ نے حلف نہیں اٹھایا اور آپ کا نمائندہ پنجاب کے گورنر کو کہتا ہے کہ

—

پنجاب کی اسمبلی جس شخص کو منتخب کر رہی ہے اس سے آپ حلف نہ لیں۔ آپ نے دراصل دستور کو تسلیم ہی نہیں کیا تھا۔ آپ نے دستوری اداروں کو تسلیم ہی نہیں کیا تھا جمہوریت کی اصل یہ ہے کہ آپ ان اداروں کو تسلیم کریں ان کو accomodate کریں۔ بلاشبہ ہم فوج کا کوئی سیاسی رول نہیں چاہتے، فوج اس ملک کے دفاع کے لئے ہے اور اسے صرف اس ملک کے دفاع کے لئے رہنا چاہئے۔ اس معاملے میں فوج کی جو ضرورت ہوگی وہ ہم پورا کریں گے اپنا پیٹ کاٹ کر پوری کریں گے لیکن جو راستہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے اختیار کیا وہ بڑا عجیب و غریب ہے جیسا کہ ہمارے دوستوں نے بتایا ایک طرف اس نے فوج کی خوشامد کی کوشش کی اسے تمغہ جمہوریت دیا ، وقت بے وقت اس کے قصیدے پڑھے اور دوسری طرف برسر اقتدار آتے ہی پہلی ضرب Inter services Intelligence پر لگائی جس کی حیثیت فوج کی آنکھ اور کان کی ہے۔ اس آئی ایس آئی پر جس کے خلاف ہندوستان برسوں سے مہم چلائے ہوئے تھا۔ وہ آئی ایس آئی جس کے خلاف کابل برسوں سے مہم چلائے ہوئے تھا آپ نے کوشش کی کہ اس کو cripple کر دیں اس میں آپ ان کی appointment کریں کہ جو اس کے مزاج سے مطابقت نہیں رکھتے۔ پاکستان ہی نہیں دنیا کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی کہ Head of the Inter-services Intelligence ایک ریٹائرڈ آفیسر کو بنایا گیا ہو ISI کا ہیڈ لازماً serving Military Officer ہونا چاہئے اس کے ذریعے کوشش کی گئی کہ COS, Prime Minister اور ISI کے Chief بجائے اس کے کہ یہ سب مل کر harmony سے چلیں ایک اچھی direct line build کی گئی

[Prof Khurshid Ahmed]

اور جناب والا! یہ سب باتیں سامنے آ رہی ہیں کہ اس کے بعد پھر آئی ایس آئی کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا ایک طرف یہ اعلان کیا گیا کہ آئی ایس آئی کا political wing بند کر دیا گیا ہے اور دوسری طرف آئی ایس آئی کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے، اپنی پارٹی کے لئے استعمال کیا گیا اور میں یہ بات پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ نومبر دسمبر ۱۹۸۹ء میں جو تحریک عدم اعتماد چل رہی تھی اس موقع پر اور اس کے بعد آئی ایس آئی کے ذمہ دار افراد نے باقاعدہ written instructions بھیجیں اور آئی جے آئی کی قیادت کو shadow کیا گیا، ان کے ٹیلی فونز کو ٹیپ کیا گیا اور میں نے خود ان instructions کو پڑھا ہے جو سرکولیٹ کی گئی ہیں۔ اور اس طرح میں یہ بات ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آئی ایس آئی کو ایک طرف اس کے اصل کام سے dislodge کیا گیا destroy کیا گیا اور دوسرے اسے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا یہ دستوری اداروں کو تباہ کرنے کی چیز تھی اس سے آپ اس ملک میں جمہوری عمل کو آگے نہیں بڑھا سکے۔ جمہوریت محض ایوان میں چلانے کا نام نہیں ہے جمہوریت نام ہے اس بات کا کہ آپ دستوری اداروں کے مطابق احتیاط اور اعتدال کے ساتھ گاڑی کو آگے چلائیں یہ کام آپ نے نہیں کیا۔

میں اس سے آگے بڑھتا ہوں اور جناب والا! وزارت سے ہٹنے کے بعد سب سے پہلا ہدف Military Intelligence کو بنایا گیا پھر صدر کو بنایا گیا، پھر فوج کو بنایا گیا، حالانکہ سیدھی بات یہ تھی کہ وزیر اعظم کو یہ کہنا چاہیئے تھا کہ ٹھیک ہے مجھے

ڈسمس کیا گیا ہے میں عوام کے پاس جاتی ہوں اور اگر میرا دامن پاک ہے تو عوام مجھ پر اعتماد کریں گے۔ یہ راستہ اختیار نہیں کیا گیا۔ ڈسمس ہوتے ہی امریکہ ٹیلیفون کھڑکنے لگے کہ آؤ ہماری مدد کرو۔ وہی گال بریٹ، وہی سولارز، وہی پیپرک جو تمام یہودی لابی کے سرغنہ ہیں۔ ان کو ٹیلیفون گئے کہ active ہو جاؤ۔ وہی کمپنی کہ جس کو انتخاب سے پہلے استعمال کیا گیا۔ یہودی کمپنی۔ اس کو کہا گیا کہ تمام سینیٹرز کے اندر پھیل جاؤ Congress کے اندر پھیل جاؤ اور ہمارے لئے فضا پیدا کرو اور جناب والا میں بڑے دکھ کے ساتھ یہ 'India Today' کا وہ انٹرویو آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں کہ جس میں 'India Today' کے نمائندے سے سابق وزیر اعظم صاحبہ نے انٹرویو کیا ہے اور اس انٹرویو میں جو کچھ انہوں نے فرمایا ہے وہ یہ ہے سوال تھا کہ

"Was not ISI in your control, you removed Hammeed Gul. (Answer) No. He was promoted by the army. The ISI is a civilian agency managed by the armed forces. His duties were taken over by Military Intelligence. It was subverted. I think the long years of Zia Rule had something to do with it.

(Question) Did you protest about this?

(Answer) I wanted the confidence of the Chief of the Army Staff. So, rather than going for confrontation, I talked to him. I think it was the officers loyal to Gen. Zia. Two months ago Zia's son was openly talking that I will be dismissed before his father's death anniversary. The newspapers had written about it."

بعد میں یہ بھی کہا کہ مجھے خبر نہیں تھی۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

"(Question) But all this will not change after the election, so what is the point in your contesting them?

(Answer) That is while the civilian and the military have to si[t] together after elections and talk about it. Democracy in this country canno[t] succeed if the government's own intelligence agency are working against it. [I] am not weak. I have the support of the people.

(Question) But what about provinces of Sind?

(Answer) This is a problem we inherited from the militar[y] dictatorship.

(Question) In the light of what you have been saying that the arm[y] was saying one thing and doing another, could there be some substance i[n] the feeling in India that while you were well leaning towards India, the arm[y] was running its own different policy on East Punjab and Kashmir."

خیال فرمایئے کہ کتنا خطرناک کتنا loaded سوال ہے اور سابق وزیراعظم صاحبہ کا جواب بھی ذرا سن لیجئے۔

"I have no comments on that."

یہ ہے ملک سے وفاداری، یہ ہے کشمیر سے وفاداری، یہ ہے فوج اور اس ملک کے نظام کو چلانے والوں کی حالت۔ کیا ایسی قیادت پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ کیا اس سے آپ

کے ذہن میں وہ وقت یاد نہیں آتا کہ جب دسمبر ۱۹۸۸ء میں راجیو گاندھی اسلام آباد آتا ہے اور ہمارے کچھ جرأت مند صحافی برملا اس سے سوال کرتے ہیں کہ کشمیر میں کشمیریوں کے حق خودارادی کو کیوں بھول گئے ہو اور وہ کہتا ہے کہ وہاں تو کئی انتخابات ہو چکے ہیں۔ مسئلہ ختم ہو گیا ہے اور وزیراعظم خاموش بیٹھی رہتی ہیں۔ I have no comments.

جناب والا! یہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے میں چاہتا ہوں کہ قوم کے سامنے سارے حقائق رکھوں۔ اسے معلوم ہو کہ اس ملک میں جمہوریت کے قاتل کون ہیں۔ وہ جو زبان سے جمہوریت جمہوریت الاپتے ہیں لیکن جمہوریت کے ابتدائی اصول، دستور کا احترام، دستوری اداروں کو مستحکم کرنا، اندرونی معاملات کو حدود کا پابند رکھنا، قومی مفاد کی خاطر اگر جان دینے کی ضرورت پیش آجائے تو اپنی جان پیش کر دینا لیکن یہاں ہندو صحافی 'India Today' کا نمائندہ کیا سوال کرتا ہے اور اس کا جواب سابق وزیراعظم صاحبہ کیا دیتی ہیں یہ ہے جناب والا! وہ دکھ کی کہانی جس کی بنا پر ہمیں یہ کہنا پڑتا ہے۔۔۔ ٹھیک ہے عوام سے ووٹ آپ نے لئے ہیں اور جو بھی آئے گا عوام کے ووٹوں ہی سے آئے گا اور ہم بھی یہ جانتے ہیں کہ ہم عوام کے پاس جائیں گے اور عوام کو بتائیں گے کہ کیا حقائق ہیں لیکن جمہوریت محض نام لینے کا نام نہیں۔ جمہوریت نام ہے احترام کا ان تمام اداروں کے، قانون کے ان processes کے اور جو کوئی اس میں انتہا پرستی کا راستہ اختیار کرے گا اعتدال کے راستے کو چھوڑے گا وہ جمہوریت کا دوست نہیں ہو سکتا۔

جناب والا! دستور کے خلاف مہم چلائی گئی آپ کو معلوم ہے کہ سینٹ کے خلاف مہم چلائی گئی میں ان تفصیلات میں نہیں جاتا اور لوگ بھی اس بات کو لے آئے ہیں اور صدر صاحب کی تقریر میں بھی وہ موجود ہیں۔ میں تو صرف یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ایک طرف

[Prof Khurshid Ahmed]

جو جمہوریت کی بات کرتے ہیں لیکن ان کا عالم یہ تھا کہ انہوں نے قومی اسمبلی کے اوپر غیر
منتخب Advisers کی حکومت قائم کی قومی اسمبلی سے بھی بیالیس افراد کے لئے لیکن اصل
حکمران وہ نہیں تھے اصل حکومت invisible government تھی بلکہ یا سابق
visible government "جو ۸۰، ۸۶ مشیر ہارے ہوئے سیاستدان یا سابق بیوروکریٹس
فوجی جن کے ذریعے سے حکومت کو چلا گیا اور جس پر خود قومی اسمبلی بھی چیخ اٹھی اور جس کا
اعتراف انہوں نے خود no confidence motion کے بعد کیا کہ ہماری غلطی تھی

جناب والا! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ قومی اسمبلی کو کام کرنے کا کتنا موقع دیا گیا۔ قومی اسمبلی
کا کمیٹی سسٹم ایک دن کے لئے بھی وجود نہیں آیا۔ اپوزیشن کو قومی اسمبلی کو پاکستان کی
تاریخ میں دوبارہ requisition کرنا پڑا۔ نارمل سیشن نہیں کئے جا رہے تھے۔
اس سینیٹ کو ہمیں دوبارہ requisition کرنا پڑا کیا آپ کو یاد ہے کہ ۱۹۸۸ء سے پہلے بھی
ہم نے کبھی requisition کیا تھا۔ ہمیں اس کی ضرورت کبھی پیش آئی۔ وقت پر سیشن
ہوتے تھے لیکن ان کے دور میں قومی اسمبلی اور سینیٹ کو بھی requisition کرنا پڑا یہ
جمہوریت کے دعوے دار ہیں۔ قومی اسمبلی میں ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی تھی howling
کی کیفیت پیدا کر رکھی تھی۔ interruptions کئے جاتے تھے۔ اس پورے
زمانے میں ایک fresh piece of legislation نہیں آیا تھا۔ کیا اسی طریقے
سے جمہوریت چلتی ہے۔ کیا اسی طریقے سے پارلیمنٹ کام کرتی ہیں۔ جناب والا! جمہوریت
یا پارلیمنٹ محض انتخاب کرا دینے کا نہیں جمہوریت نام ہے۔ ان تمام اداروں کو چلانے

کا۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اس ۲۰ مہینے accountability کا ان کے سامنے
کے عرصے میں صرف دو بار وزیراعظم صاحبہ اس ایوان میں آئیں اور کسی ایک سوال کا جواب دینے کے لئے نہیں کسی بحث کو سننے کے لئے نہیں کسی مسئلے پر رائے share کرنے کے لئے نہیں بلکہ صرف رونمائی کے لئے یہ جمہوریت نہیں ہے۔

جناب والا! میں کہنا چاہتا ہوں۔ بلوچستان اسمبلی کو توڑنا جبکہ ابھی اقتدار میں آئے ہوئے اسے تین مہینے بھی نہیں ہوئے تھے کہ یہ تیر چلانے شروع کر دیئے۔ اٹارنی جنرل کی بات بھی میں لانا چاہتا ہوں یہ دستور کا احترام ہے۔ یہ سینیٹ کا احترام ہے کہ ایک ایسے شخص کو جو دستور کے مطابق اٹارنی جنرل نہیں بن سکتا اٹارنی جنرل بنایا جاتا ہے۔ سینیٹ میں بحث کرنے کے بعد چیئرمین رولنگ دیتا ہے کہ یہ آئین کے مطابق نہیں ہے اس کا مذاق اڑایا جاتا ہے اور اس کے خلاف گالیاں دی جاتی ہیں۔ صدر مملکت کا معاملہ بڑا نازک معاملہ ہے۔ وہ سپریم کورٹ میں ریفرنس کے دوران اٹارنی جنرل کے مقابلے میں اپنا نمائندہ خود مقرر کرتے ہیں اور وہ خط سپریم کورٹ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے کہ اٹارنی جنرل نہیں بلکہ فلاں وکیل صدر مملکت کی نمائندگی کریں گے اس کے بعد بھی یہ توفیق نہیں ہوتی کہ اپنے اس پولیٹیکل nominee کو ہٹا دیا جائے اگر آپ اس کو نوازنا چاہتے تھے تو نوازنے کی آپ کے پاس لاکھوں شکلیں تھیں لیکن اس طرح آپ نے صدر کی بے عزتی کی۔ آپ نے سینیٹ کی بے عزتی کی آپ نے دستور کا مذاق اڑایا۔

جناب والا! میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ دستور محض ایک کتاب نہیں ہے دستور اس ملک کا بنیادی چارٹر ہے اور جمہوریت کا محافظ ہے اور جمہوریت دستور کے اس فریم ورک

[Prof Khurshid Ahmed]

کے تحت چل سکتی ہے اس سے باہر نہیں تو جو لوگ جمہوریت کی بات کرتے ہیں ان کو اس چیز کو سامنے رکھنا چاہیئے۔ جناب والا! پبلک سروس کمیشن کو معطل کر دیا گیا یہ ایڈمنسٹریشن ریاست کا ایک اہم ستون ہے ملازمین حکومت کے ذاتی ملازم نہیں ہیں وہ ریاست کے ملازم ہیں وہ دستور کے تحت وجود میں آتے ہیں اور دستور کے تحت اپنا کام کرتے ہیں اور انہیں نہ صرف یہ حق حاصل ہے بلکہ ان کی ذمہ داری ہے جہاں حکومت وقت کی بات قانون کے مطابق ہو مانیں اور قانون کے مطابق ان کو بتائیں بھی کہ کہاں وہ غلط کر رہے ہیں آپ کو معلوم ہے کہ پراچہ کیس میں ہائیکورٹ نے کیا strictures پاس کئے ہیں صرف وزیر مالیات کے خلاف نہیں بلکہ سیکریٹری کے خلاف کہ قاعدے کے مطابق تمہارا فرض تھا کہ اس معاملے میں جو صحیح پوزیشن ہے وہ بتاتے اور پھر کیبینٹ یا پرائم منسٹر کو یہ کیس بھیجتے فیصلے کے لئے تم نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی یہ اس لئے کہ ایڈمنسٹریشن کو دستور کے مطابق چلانے کی بجائے سیاسی مصلحت کے تابع اپنے ذاتی ملازموں کی حیثیت سے استعمال کیا گیا اور یہ افسوس کی بات ہے میں پھر سے کہتا ہوں کہ ہماری بیوروکریسی میں ایسے افراد موجود ہیں جو اس طرح ذاتی ملازم بننے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ وہ افراد بھی ہیں جو اپنی وفاداریاں لمحوں میں تبدیل کر لیتے ہیں یہ سب چیزیں جمہوریت کے خلاف ہیں یہ سب چیزیں اخلاقی حیثیت سے معیوب ہیں اور ان کی اصلاح کئے بغیر نہ آپ قانون کی حکمرانی قائم کر سکیں گے نہ جمہوریت کو پروان چڑھا سکیں گے۔

جناب والا مجرموں کو چھوڑنا اور پھر اس ملک میں جو لا اینڈ آرڈر situation بنی ہے وہ آپ کے سامنے ہے یعنی اس ۲۰ ماہ میں صرف سندھ میں تقریباً ڈیڑھ ہزار افراد مارے گئے ہیں جبکہ باقی تین صوبوں میں قتل کے جو واقعات ہوئے ہیں ان کی figure غالباً ساڑھے پانچ سو تھی صرف ایک صوبے میں پورے ملک کے تین صوبوں سے تین گنا زیادہ اور اس کے باوجود ایک طرف اس کو mini-insurgency کہا گیا اور دوسری طرف اس کی اصلاح کے لئے کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ فوج کو اختیارات دینے کے لئے تیار نہیں ہیں اور پورے ملک کو اپنی سیاست کی خاطر داؤ پر لگا دیا گیا۔

جناب والا! میں یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ شخصیت پرستی جمہوریت کی ضد ہے لیکن جس طرح اس دور میں شخصیت پرستی کو پروان چڑھایا گیا وہ افسوسناک ہے ایک خاندان کی حکومت بنانے کی کوشش کی گئی کیبنٹ ایڈوائزر پبلک اکاونٹس کمیٹی کا چیئرمین اور uncrowned king یہ سب دراصل شخصیت پرستی کے مظاہر ہیں۔ جناب والا! اگر پارلیمنٹ ہاؤس کا سنگِ بنیاد مرحوم ذوالفقار علی بھٹو نے رکھا تھا تو وہ پتھر ضرور ہونا چاہیئے تھا۔ اور اگر نہیں تھا تو اسے اس کی مناسب جگہ پر لگانا بھی چاہیئے تھا۔ لیکن جس طریقے سے پارلیمنٹ کے ماتھے پر کلنک کا یہ ٹیکہ لگایا گیا ہے یہ افسوسناک ہے۔ جناب والا! سرکاری بلڈنگوں کو بھٹو ہاؤس بنانا، پاکستان کی ریل کو بھٹو ایکسپریس اور ذوالفقار ایکسپریس اور شاہنواز ایکسپریس بنانا، اداروں کے ناموں کو تبدیل کرنا یہ ساری کی ساری چیزیں فی الحقیقت بادشاہی کی ہیں۔ ان کا کوئی تعلق جمہوریت سے نہیں، اور بادشاہی سے مجھے یاد آیا کہ ابھی ۱۵ اگست کو "لندن ٹائمز"

[Prof Khurshid Ahmed]

میں محترمہ سابق سینیٹر وزیر صاحبہ کا انٹرویو شائع ہوا ہے جو یہاں سے واپس گئی ہیں اور واپس جاکر جمہوریت کے خلاف پوری campaign چلا رہی ہیں لیکن لطف کی بات یہ ہے کہ خود ٹائمز کی جو correspondent تھی جس نے انٹرویو کیا ہے اس نے کہا کہ

**This is the matriarch of the royal family dripping with gold.**

صنم اور وہ دونوں جو لباس پہنے ہوئے تھیں جو زیور پہنے ہوئے تھیں اس کو لندن ٹائمز کی correspondent نے describe کیا

**Matriarch of the royal family dripping with gold**

اور انٹرویو میں اس نے یہ بھی کہا کہ

**with chilling conviction that Bhutto were born to run Pakistan**

یہ ہے جمہوریت۔ میں کوٹ کر رہا ہوں۔

**Bhutto were born to run Pakistan**

یہ ہے وہ شاہانہ مزاج اور وہ شاہانہ انداز جس کے باوجود یہ جمہوریت کا نام لیتے ہیں۔

جناب والا! میں اور اس میں نہیں جانا چاہتا حقیقت یہ ہے کہ اسلامی اعتبار سے انہوں نے جو کچھ کیا قانون کی جو خلاف ورزیاں کیں شریعت کا جو مذاق اڑایا یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جن پر بہت لمبی بات ہو سکتی ہے اور حقائق کی بنیاد پر ہو سکتی ہے پریس کو یہ بہت کہتے ہیں کہ ہم نے پریس کو آزادی دی لیکن حقیقت یہ ہے کہ پریس کو کس طرح mis-use کیا۔ ابھی جو کمیٹی کے سامنے facts advertisements دیئے گئے ہیں کہ صرف انہی بنا پر کہ کس طرح مساوات کو نوازا گیا اور کس طرح

دوسرے اخبارات کو اشتہارات سے محروم کیا گیا سیاسی مقاصد کے لئے حتی کہ نیشنل بنک اور پبلک کارپوریشن تک کو مجبور کیا گیا وہ لاکھوں روپے کے اشتہارات سیاسی مقاصد کے لئے دیں۔ پریس کو ایک دوسرے کے خلاف صف آراء کرنے کی کوشش کی گئی۔ اخبارات بند کئے گئے گئے۔ ایسا نہیں ہے کہ پابندیاں نہ لگائی گئی ہوں آپ کو معلوم ہے کہ "مرکز" کے ساتھ جو کچھ کیا گیا۔ پاکستان آبزرور کے ساتھ جو کچھ کیا گیا وہ بھی اخبارات تھے۔ میں اس کی پوری سٹوری کو چھوڑ رہا ہوں۔ معیشت میں بھی corruption کی بہت سی چیزیں سامنے آگئی ہیں اور میرے پاس بھی انبار کے انبار ہیں اور خصوصیت سے جناب والا یہ نیوز لائن میں اگست ۱۹۹۰ اور یہ سارا میٹریل جو ہے یہ اس وقت تیار ہوا ہے چھپا ہے جب سابقہ حکومت in power تھی۔ ایسا نہیں ہے کہ بعد میں کسی نے کیا ہو یہ تمام چیزیں پڑھنے کے لائق ہیں۔ اور دیکھنے کے لائق ہیں۔ اس میں لکھا ہوا ہے۔

"Hakim Ali Zardari, Chairman of Public Accounts Committee, met Awami Nation Party MNA Abdul Khaliq Khan. During this meeting Zardari is said to have offered his erstwhile ANP colleague a sugar mill's sanction, if he agreed to abstain from voting for the motion. As somewhat amused Khaliq Khan is said to have told him that he did not have money to invest in the venture to which the Prime Minister's father-in-law reportedly replied, "you do not have to worry about the finances. Everything including your equity can be arranged through the banks. The only condition is that four percent of the loan has to go to the PPP fund."

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا! اس کے اندر پچیسویں مثالیں دی گئی ہیں، میں ان میں جانا نہیں چاہتا۔ لیکن میں صرف وہ facts پیش کرنا چاہتا ہوں جو incontrovertable ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین:۔ پروفیسر صاحب اکتنا وقت اور لیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ میں ختم کئے دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین:۔ میں نے اس لئے پوچھا ہے کہ آپ کے بعد سرتاج عزیز صاحب ایک statement دینا چاہتے ہیں، اور اگر آپ continue کرنا چاہتے ہیں تو کل آپ دوبارہ شروع کر لیجئے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ ٹھیک ہے، کل میں باقی تقریر کر لوں گا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین:۔ پروفیسر خورشید صاحب کی باقی تقریر کل پر چلی گئی ہے۔ اب آئیٹم نمبر چھ کو لیتے ہیں۔ اس پر جناب سرتاج عزیز صاحب آپ کوئی statement دینا چاہیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ جناب چیئرمین صاحب میں اس پہ چند جملے کہنا چاہوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین:۔ جی فرمائیے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ جناب والا! جیسے کہ میں ابھی کہہ رہا تھا کہ پریس کے سلسلے میں جو مختلف واقعات اس زمانے میں ہوئے ہیں ان میں سے ایک اس کا موضوع ہے اور وہ یہ ہے کہ اردو ڈائجسٹ کی ترسیل روک دی گئی۔ یہ ڈائجسٹ ملک کا ایک بہت ہی مؤقر پرچہ ہے، جو مجموعی طور پر ایک لاکھ کے قریب شائع ہوتا ہے۔

(ظہر کی اذان)

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میں عرض کر رہا تھا کہ "اردو ڈائجسٹ" اس ملک کا ایک مؤقر جریدہ ہے، دنیا کے کم از کم چالیس ممالک میں یہ جاتا ہے، ایک لاکھ کے قریب اس کی اشاعت ہے، basically کوئی سیاسی پرچہ نہیں ہے، بلکہ eulogise کے انداز کا ایک پرچہ ہے، کہ جس میں سماجی، فکری، علمی اور دیگر ہلکی پھلکی چیزوں کے ساتھ ساتھ سیاسی چیزیں بھی ہوتی ہیں۔ اس پرچہ کو کسٹم اتھارٹی نے روکا، اس کے متعلق کوئی ایسی بات بھی نہیں تھی کہ اس کے خلاف کوئی پولیٹیکل پابندی تھی، ایسی قطعاً کوئی بات نہیں تھی اس پرچہ کو کسٹم حکام نے روک لیا اور اسے دنیا کے دیگر ممالک میں پہنچنے نہیں دیا گیا۔ یہ اقدام آزادیٔ تحریر، آزادیٔ سیاست، آزادی صحافت کے خلاف ہے۔ یہ اقدام غیر دستوری اور غیر قانونی بھی ہے۔ کسٹم والے وہاں مداخلت کرتے ہیں، جہاں کوئی سمگلنگ ہو رہی ہو، کوئی غیر قانونی کاروبار ہو رہا ہو، یا کوئی pornography وغیرہ کا معاملہ ہو۔ جو ان کے دائرے میں آتا ہو، اردو ڈائجسٹ پر اس قسم کا کوئی اشارہ بھی ظاہر نہیں کیا گیا، لیکن چونکہ اردو ڈائجسٹ کا بحیثیت مجموعی رخ اور رجحان اپوزیشن کی طرف رہا ہے [illegible] کی طرف رہا ہے، اس لئے اس کے خلاف یہ اقدام کیا گیا، اور یہ ایک خالص سیاسی انتقام کی ذیل میں آتا ہے۔ اس بنا پر میں نے جناب والا! اس کو adjournment motion کا موضوع بنایا، اس پر ہاؤس کا ممنون ہوں کہ اس نے آزادی صحافت اور سیاسی آزادی کے اس اہم مسئلہ کو نہ صرف یہ کہ بحث کے لئے قبول کیا، بلکہ بہت جلد ہی ہمیں بھی موقع مل گیا کہ ہم اس مسئلے کے اوپر آپ کے سامنے اپنی بات کہہ سکیں اور حکومت کے مؤقف کو بھی سن سکیں۔ میں زیادہ لمبی بات نہیں کرنا چاہتا ہوں، لیکن میرا مقصد، اس ایوان

[Prof Khurshid Ahmed]

کا مقصد، اس موضوع کو یہاں لانے سے یہ ہے کہ قوم کے سامنے یہ بات آسکے کہ وہ لوگ جو آزادیٔ صحافت کے بلند بانگ دعوے کرتے ہیں، ان کی حقیقت کیا ہے۔ ان کی نگاہ میں آزادی صرف اپنی تعریف کرانے کی آزادی ہے۔ ان کی نگاہ میں آزادی صرف اپنے وقصیدہ خوانوں کو آزادی دینا ہے اور جہاں کوئی ایسی بات ہو جس پر وہ سمجھتے ہوں کہ ان کے خلاف جاتی ہے، تو وہاں پر direct یا indirect وہ ذرائع بھی اختیار کئے گئے ہیں۔ آپ کو معلوم ہوگا کراچی نذیر ناجی نے اپنے ایک کالم میں دو یا تین دن پہلے یہ بات لکھی ہے کہ ان بیس ماہ میں تین صحافی قتل کئے گئے ہیں۔ ان کی جانوں کا صحیح تحفظ نہیں کیا جا سکا ان کے قاتل بھی آج تک نہیں پکڑے جا سکے اور ان کو سزا بھی نہیں دی جا سکی۔ اس زمانے میں "مرکز" اخبار کو جلا گیا۔ آج تک یہ ایک mystery ہے۔ Pakistan Observer کو بند کیا گیا، اس کے ایڈیٹر کو گرفتار کیا گیا، اسے advertisement سے محروم کیا گیا، جسارت اخبار، جسے ۱۹۸۵ء سے ۱۹۸۸ء تک جو مسلم لیگ کا دور تھا، اور اس زمانے میں بھی جسارت اپوزیشن کا پرچہ تھا۔ لیکن بہر حال سال میں اسے ۵/۶ لاکھ تک کے اشتہارات ملتے تھے، لیکن اس جمہوری دور میں ہر quarter میں کم ہوتے چلے گئے۔ حتیٰ کہ آخری quarter میں اسے تین سو روپے کے اشتہارات دئیے گئے تاکہ یہ بتایا جا سکے کہ ہاں، جی، ہم نے اشتہارات دئیے ہیں۔ ایک نیشنل metropolitan پرچہ کو، یہ اشتہارات دئیے گئے تھے۔ اس کے مقابلے میں "مساوات" جس کی سرکولیشن جسارت سے بہت زیادہ نہیں ہے لیکن

اس کو ایک quarter میں چالیس لاکھ کے اشتہارات دیئے گئے۔ یہ صحافت کی آزادی کی علمبرداروں کی بات ہے۔

جناب والا! اس بنا پر ایوان کے لئے ضروری تھا کہ وہ اس کا نوٹس لے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے اور ساتھی جو اس مسئلہ میں بات کہنا چاہتے ہیں، وہ کہہ لیں، ورنہ پھر ہمارے وزیر صاحب اس کا جواب دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین :- شکریہ! فصیح اقبال صاحب، کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

سید فصیح اقبال :- میں بھی اس سلسلے میں جیسے ہمارے محترم پروفیسر صاحب نے فرمایا عرض کرتا ہوں کہ یہ بات ہاؤس کے نوٹس میں رہے کہ ان اٹھارہ مہینوں میں انہوں نے جو پریس کی آزادی کا مذاق اڑایا ہے، وہ سب کے سامنے ہے۔ اس زمانے میں "تکبیر" کے علاوہ اور بہت سارے اخبارات جو ہر دور حکومت میں اپوزیشن میں رہے ہیں، ان سے یہ الجھتے رہے ہیں ان اخباروں اور رسالوں کے بارے میں یہ اتفاق ہے کہ ان کا کسی بھی وقت کی پارٹی سے تعلق نہیں رہا، یعنی آج بھی وہ اس حکومت کے خلاف لکھیں گے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ تنقید کیوں کرتے ہیں۔ میں عرض کرتا ہوں کہ جائز تنقید کرنا ان کا حق ہے۔

میں "تکبیر" کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ ان کے دفتر کو توڑا گیا، ان کو دھمکیاں دی گئیں جنگ اور نوائے وقت اخبار جو ملک کا سب سے بڑا اخبار ہے ان کے دفاتر میں بھی ایسا ہی ہوا۔ پاکستان میں اخبارات کے کوئی دفاتر نہیں بچے بلکہ کراچی میں ۱۵ گھنٹے تک جنگ ان کی تحویل میں رہا۔ اور چیف منسٹر صاحب نے فرمایا کہ جب تک آپ ان کے ورکرز سے طے نہیں کر لیتے

[Syed Faseih Iqbal]

یہ دفتر ان کی تحویل میں رہے گا۔ جناب جہاں تک اس معاملہ کا تعلق ہے آئندہ کوئی ایسی چیز کی جائے تاکہ کبھی بھی جب کوئی گورنمنٹ بدلے تو کم از کم پریس تو اس سے آزاد ہوں ورنہ پریس کا کام کرنا بڑا دوبھر ہو گیا ہے۔ انہوں نے یہ کام اپنی جان ہتھیلی پہ رکھ کر کئے ہیں۔ آج ہم لوگ احتساب کی بات کر رہے ہیں، تو میں اس حکومت کو بھی بتانا چاہتا ہوں کہ یہ سب پریس کی مرہون منت ہے یعنی پریس والوں نے خبریں لگائیں dig out کیا جو انشر کیس تاریخ کا بدترین واقعہ ہے اور آج تک دنیا میں ایسا کہیں کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ جس میں صوبائی اسمبلی کا کوئی ممبر involve ہو یا کوئی ممتاز شخصیت involve ہو۔ آپ اندازہ کریں کہ لوگ کس گھناؤنے جرم میں ملوث تھے اس کا بھی کسی ایک اخبار نے نوٹس لیا اس نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر نوٹس لیا اور اس کا آپ نے دیکھا اسکو خمیازہ کیا بھگتنا پڑا کہ تین صحافی ہمارے اسی جرم میں قتل کئے گئے ہیں۔ یہ جناب اس اٹھارہ مہینے کی کارگزاری ہے، اور میں نئی حکومت سے توقع رکھتا ہوں اور ان کو کم از کم پولیس کے سلسلے میں یہ سوچنا چاہیئے کہ وہ اپنی آزادی کو برقرار ہی نہ رکھیں بلکہ محسوس بھی کرائیں اور جہاں بھی ایسے واقعات ہوں اس کا نوٹس لیں۔ تاکہ آنے والی حکومت بھی کسی اخبار کو political leverage کے طور پہ استعمال نہ کر سکے۔

<u>قاضی عبداللطیف</u>:۔ جناب والا! ایک گزارش کروں گا کہ امدو ڈائجسٹ کا جو معاملہ سامنے آیا ہے اس میں صرف اتنی ہی بات نہیں ہے کہ صحافت کا گلا گھونٹا گیا ہے بلکہ یہ تو ڈاکہ ہے اس لئے کہ کسٹم والوں نے اسے ضبط کرایا ہے اور اسے

روک لیا گیا ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ انفارمیشن والوں کی طرف سے اس کے متعلق کچھ اعتراضات ہوتے یا ان کے متعلق کوئی گرفت ہوتی۔ وہ تو کچھ بھی نہیں ہوا ہے لیکن اس کے باوجود کسٹم والوں نے ڈائجسٹ کو ضبط کرایا ہے اور بیرونی ممالک تک پہنچنے کا موقع نہیں دیا یہاں پر ہمارے قابل احترام وزیر صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمارے دور کے اندر ہنگامی حالات نہیں ہوئے اور اس حکومت نے ہنگامی حالات پیدا کر دیئے ہیں۔ ان کے دور میں تو یہی ہوا ہے کہ جس کو بھی مخالف سمجھا ہے اس کو گولی کا نشانہ بنایا

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** سابق وزیر صاحب نے فرمایا تھا؟

**قاضی عبداللطیف:** جی ہاں سابق وزیر صاحب نے فرمایا تھا ...... اس نے فرمایا تھا کہ ہم ہنگامی حالات جاری نہیں کر رہے لیکن ان کے ہنگامی حالات یہی تھے کہ جس کے متعلق شبہ ہوا کہ یہ ہمارے خلاف ہے اسے گولی کا نشانہ بنایا گیا۔ اور قاتل کا آج تک پتہ نہ چلا۔ بہر حال میں تحریک کی پوری تائید کرتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** شکریہ جی۔ جناب سرتاج عزیز صاحب!

**جناب سرتاج عزیز:** میں جناب سینیٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے یہ مسئلہ ایوان میں اٹھایا اور اس طرف توجہ دلائی جیسا کہ بیان کیا گیا تھا کہ ۵ جون کو اردو ڈائجسٹ کی ۱۴۰۰ کاپیاں باہر بھیجنے کے لئے پیش کی گئی تھیں اور انہوں نے جو ڈائجسٹ کو روک کر

[Mr. Sartaj Aziz]

Under Section 197 and 198 of Custom Act

وزارت داخلہ کو ریفر کیا کہ آیا یہ میٹیریل objectionable ہے یا نہیں؟ وزارت داخلہ
نے ۲۸ جون کو آرڈر جاری کیا کہ اس کے بعد

under Section 23 of Regist :ration and Printing

Press and Publication Ordinance 1989.

انہوں نے تمام کاپیاں forefeit کیں۔ جس کے تحت یہ آرڈر جاری ہوا۔ میں سمجھتا ہوں
کہ یہ پریس کی آزادی کے بالکل منافی آرڈر تھا۔ میں نے اردو ڈائجسٹ کا وہ پرچہ خود مطالعہ
کیا ہے اور یہ بڑا سنجیدہ تجزیہ ہے اس وقت کے سیاسی حالات کا جو مئی میں ہوئے،
سندھ میں جو واقعات ہوئے اس کے حوالے سے دیگر جو ملک کے حالات تھے۔
اس کے حوالے سے بڑا سنجیدہ تجزیہ تھا۔ ٹائٹل ضرور provocative تھا لیکن جو
مجموعی آرٹیکل ہے وہ بہت ہی سیاسی لحاظ سے penetrating اور حالات
کے مطابق تھا۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس آرٹیکل میں جن مسائل کی نشان دہی کی گئی تھی اگر حکومت
ان پر توجہ دیتی تو شاید ۱۴ اگست والا واقعہ نہ ہوتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آرڈر چونکہ آزادی صحافت
کے بھی خلاف تھا اور آرٹیکل کی اصلی نوعیت کے بھی خلاف تھا۔ میں وزارت داخلہ کو
recommend کر رہا ہوں کہ اس forefeiture کے order کو
withdraw کریں تاکہ یہ پرچہ چاہے دیر سے جائے لیکن لوگوں کو مل جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسٹر تاج عزیز صاحب! ایک گزارش ہے کہ ان لوگوں نے از خود جو یہ initiate لیا ہے چاہے کسٹم والے ہوں یا وزارت داخلہ کے جتنے بھی لوگ involved ہیں جو officers level پہ ہیں کیا آپ ان کی بھی کوئی accountability کر سکتے ہیں کہ از خود وہ اس قسم کے initiative کیوں لے لیتے ہیں اور یہ confusion کس طرح پیدا کی...

جناب مسٹر تاج عزیز : ان کو اتنی اجازت تو ہے کہ کوئی میٹیریل اگر قابل اعتراض نظر آئے تو متعلقہ اتھارٹی کی attention draw کریں، چونکہ اس کے ٹائیٹل پر چھپا ہوا تھا کہ وزیراعظم یا مجرم اعظم، مجرم اعظم کو انہوں نے ریفر کیا کہ آیا آپ کے خیال میں قابلِ اعتراض ہے یا نہیں۔ تو وزارت داخلہ نے پالیسی لیول پہ فیصلہ کیا کہ ہاں objectionable ہے تو اس بنا پر سب کاپیاں forefeit ہو گئیں

پروفیسر خورشید احمد : جناب اس کا ٹائیٹل سوالیہ نشان کے ساتھ نہ provocative ہے اور نہ کسی حیثیت سے بھی objectionable ہے...

جناب مسٹر تاج عزیز : جی میں نے یہی کہا کہ مضمون کی جو نوعیت ہے وہ بالکل سنجیدہ ہے، اور اسی لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس forefetiure کو چونکہ اڑھائی مہینے آج گزر چکے ہیں۔ لیکن پرچے کی افادیت ریکارڈ کے لئے اب بھی رہی ہے تو وہ forefeiture order ہم withdraw کر رہے ہیں۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** بہت شکریہ مہربانی۔ جی فصیح اقبال صاحب۔

**سید فصیح اقبال:** جناب وزیر موصوف نے بڑا صحیح اور حوصلہ افزا جواب دیا ہے لیکن یہ ایک چیز بڑی عجیب لگی ہے کہ شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار یعنی اس ملک میں یہ بھی ہوا ہے کہ اگر پتہ نہیں چلا کہ وہ مواد قابل اعتراض ہے یا نہیں تو انہوں نے ازخود یہ ایکشن لیا اور ہمارے ملک کے کسی افسر یا اہلکار کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنی صوابدید پر وہ اختیارات استعمال کرے جو اس کے لئے نہیں ہیں۔ ملک کی سلامتی کا مسئلہ ہے۔ ایسے بہت سے مواد چلے گئے ہیں جو ملک کی سلامتی سے متعلق تھے انہیں تو کسٹم نے نہیں روکا چونکہ اس میں وزیراعظم کا نام آتا ہے اس کو خوش کرنے کا ایک پہلو تھا۔ اس قسم کے آرٹیکل ہر اخبار میں آتے میرے خیال میں انکا بھی احتساب ہونا چاہیئے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** یہی سرتاج عزیز صاحب سے میں نے گزارش کی تھی لیکن انہوں نے بتایا کہ رولز میں ایسی گنجائش ہے . . .

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** جی محمود احمد منٹو صاحب۔

**Mahmood Ahmed Minto:** Sir, it is not the duty of the Custom Officer to read material and then come to some conclusion and then refer it to the government.

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** سرتاج عزیز صاحب نے بات بھی سن لی اور چونکہ وہ
اس معاملے میں تجربہ کار ہیں وہ دیکھ لیں گے۔ اور جو proper action ہوگا وہ لے لیں
گے۔ شکریہ!۔

The House is adjourned to meet tomorrow at 10.00 A.M. and that is 30th of August, 1990 that will be Thursday.

---

*[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Thursday, August 30, 1990].*

---